ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | منگل 29 ذیقعد 1446ھ 27 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 329
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

بھارت کو عالمی دہشتگرد قرار دیا جائے، بلوچستان اسمبلی میں سانحہ اے پی ایس خضدار کیخلاف مذمتی قرارداد منظور

مشترکہ قرارداد نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے پیش کی، آرمی پبلک سکول خضدار کی بس پر، بزدلانہ، انسانیت سوز اور خونخوار سفاکانہ حملے کی شدید مذمت

واقعہ پاکستان کی نئی نسل اور علم و امن کی روشنی کو نشانہ بنانے کی گھناؤنی کوشش، دہشت گردی کے اس سفاکانہ حملے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے، قرارداد میں مطالبہ

بلوچستان میں دہشتگردی کے تانے بانے بھارت سے ملتے، ظہور بلیدی، بچوں کی شہادت نے آزادی کی باتیں کرنیوالوں کا چیپٹر بند کر دیا، سلیم کھوسہ، بھارت ہمارے دشمنوں کی مدد کر رہا ہے، مینا مجید زہری

عوام سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہمیں وفود کے ذریعہ دنیا کے سامنے پاکستان کا مقدمہ لڑنا ہے، امن و امان پر ان کیمرہ بریفنگ دی جائے، زمرک اچکزئی، مولانا ہدایت الرحمان، فرح عظیم و دیگر کا اظہار خیال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا پیر کو ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہونیوالے اجلاس میں سانحہ خضدار سے متعلق اپوزیشن کی مشترکہ قرارداد کو ایوان نے متفقہ طور پر منظور کر لیا اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ 21 مئی 2025 کو آرمی پبلک سکول خضدار کی بس پر افسوسناک، بزدلانہ، انسانیت سوز اور خونخوار سفاکانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ جس میں 8 بچے اور معصوم طلباء سمیت کئی بے گناہ لوگ شہید اور متعدد افراد زخمی ہوئے۔ یہ واقعہ نہ صرف ظلم و بربریت کی انتہا ہے بلکہ مستقبل کے معماروں، پاکستان کی نئی نسل اور علم و امن کی روشنی کو نشانہ بنانے کی گھناؤنی کوشش ہے اور پاکستان کے امن، قومی سلامتی اور تعلیم دشمن عناصر کی ایک مذموم سازش ہے۔ یہ ایوان صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ دہشت گردی کے اس .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

مودی کی پاکستانی نوجوانوں کو "روٹی یا گولی" کی دھمکی

بھارتی وزیراعظم کا جنگی لہجہ پاکستان کے خلاف اپنی تمام تر ناکامیوں کا اعتراف

کوئٹہ (ویب ڈیسک) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی گجرات میں حالیہ تقریر، جس میں انہوں نے پاکستانی نوجوانوں کو "روٹی یا گولی" کی دھمکی دی، نہ صرف اشتعال انگیز ہے بلکہ بین الاقوامی اصولوں، اخلاقی اقدار، اور جنوبی ایشیا کے امن کے خلاف ایک سنگین حملہ ہے۔ مودی ایک......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

تہران: ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد دے رہے ہیں

سول ملٹری تنخواہوں پر ابھی فیصلہ نہیں ہوا، فوج کی ہر ممکن مدد کرینگے، وزیر خزانہ

پاکستان کو آئی ایم ایف کی مکمل حمایت حاصل، بھارت کی جانب سے قرض پروگرام ڈی ریل کرنے کی کوشش کی گئی

دنیا معاشی بہتری کی رفتار پر حیران، تنخواہ دار طبقے کیلئے ٹیکس کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، خطاب، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کیلئے ریلیف کا اشارہ دیتے ہوئے کہا ہے افواج پاکستان کی ہر ممکن مدد کریں گے، صرف افواج نہیں پاکستان کی ضرورت ہے، سول ملٹری تنخواہوں پر ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا، اسلام آباد میں تقریب سے خطاب اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ اورنگزیب نے کہا بھارت کی جانب سے آئی ایم ایف بورڈ میں قرض پروگرام ڈی ریل کرنے کی کوشش کی گئی، پاکستان نے تمام اہداف پورے کیے اگر پاکستان اہداف پورے نہ کرتا تو مشکل پیش آتی......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر



گورنر جعفر خان مندوخیل سے بیجنگ میں ڈپٹی فارن منسٹر چائنا (Mr, Lui Bin) ملاقات کر رہے ہیں

بلاول عوامی مینڈیٹ سے پاکستان کے اگلے نوجوان وزیراعظم ہونگے، صدر زرداری

پاکستان ہے تو تمام سیاسی جماعتیں ہیں، جنگ کے دوران سب فوج کے شانہ بشانہ رہے، بھارت کو منہ کی کھانا پڑی

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک اور جمہوریت کی خاطر قربانیاں دیں، پارٹی پنجاب میں متحرک اور فعال ہوگئی، وفد سے گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری نے کہا ہے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری عوامی مینڈیٹ سے پاکستان کے اگلے نوجوان وزیراعظم ہوں گے، گورنر ہاؤس لاہور میں صدر آصف زرداری سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی قیادت میں پیپلز پارٹی اٹک کی تنظیم اور ٹکٹ ہولڈرز نے ملاقات کی، آصف زرداری نے کہا پاکستان ہے تو تمام سیاسی جماعتیں ہیں، پاک بھارت کشیدگی میں......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ایران کے پرامن نیوکلیئر پروگرام کی حمایت کرتے ہیں، پاک ایران تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گے، ایرانی صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس

بھارت سے تجارت، دہشتگردی اور پانی کے مسئلے پر بات چیت کیلئے تیار ہیں، وزیراعظم

ایران کو ہم اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں، ایرانی صدر کے ساتھ تعمیری اور مفید بات چیت ہوئی ہے، دونوں برادر ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری، کامرس سمیت تمام شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے

اگر بھارت میری امن کی پیشکش قبول کرتا ہے تو پھر ہم دکھائیں گے کہ ہم خلوص نیت کے ساتھ امن چاہتے ہیں، اگر وہ جارحانہ رویہ برقرار رکھنا چاہتا ہے تو پھر ہم بھی اپنے مادر وطن کا بھرپور دفاع کریں گے

ایرانی صدر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے پاکستان کے لیے اپنے برادرانہ جذبات کا اظہار کیا، شہباز، امت مسلمہ رہنمائی کے لیے آپ کی طرف دیکھتی ہے، وزیراعظم کی ایرانی سپریم لیڈر سے ملاقات

پاکستان اور ایران کے تعلقات دیرینہ ہیں پاک بھارت سیز فائر کا خیر مقدم کرتے ہیں، دونوں ممالک سے مطالبہ ہے کہ اختلافات اور مسائل کو آپس میں بات چیت کر کے حل کریں، ڈاکٹر مسعود پزشکیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایران کو ہم اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں، ایرانی صدر کے ساتھ تعمیری اور مفید بات چیت ہوئی ایران کے پرامن نیوکلیئر پروگرام کی حمایت کرتے ہیں تہران میں ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سی ٹی ڈی کا بارکھان میں آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ و تخریبی مواد برآمد

دہشت گردوں کے دیگر ساتھی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پہاڑوں میں فرار ہوگئے، دہشتگردوں کا تعاقب جاری

نامعلوم دہشت گرد نقل و حرکت کر رہے تھے، بھاری تعداد میں اسلحہ، ایمونیشن، آئی ای ڈی قبضے میں لے لی گئیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے عملے نے خفیہ اطلاع ملنے پر بارکھان آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اور ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، آئی ای ڈی......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

افغان حکومت نے بھی ٹی ٹی پی کیخلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا

طالبان حکومت نے افغان شہریوں کو ٹی ٹی پی کیلئے بھرتی کرنیوالے کئی افراد کو گرفتار کر لیا

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان حکومت نے پہلی مرتبہ پاکستانیوں کو نشانہ بنانے والے افغانوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا ہے اس اہم اہم......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتوں کو عوام کیلئے مزید قابل رسائی اور شفاف بنایا جائے گا، چیف جسٹس

عوام کیلئے عدالتوں کو زیادہ قابل رسائی، شفاف اور مؤثر بنانے کا لازمی ذریعہ ہے

عوامی اعتماد اور انصاف کی بہتری کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال لازم ہے، سیپوزیم سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے عدالتوں کو عوام کیلئے مزید قابل رسائی اور شفاف بنایا جائے گا، رجسٹرار سپریم کورٹ نے پاکستان کمیشن برائے قانون و انصاف کی جانب سے منعقدہ سیپوزیم کے اختتام پر اعلامیہ جاری کر دیا جس میں پروگرام کو تاریخی قرار دیا گیا، اعلامیے میں کہا گیا پاکستان کے عدالتی نظام میں......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وکٹ کے دونوں جانب کھیلنے والوں کی پارٹی میں جگہ نہیں، پارٹی بڑی تحریک کی تیاری کرے، عمران خان

ساری زندگی جیل میں رکھ لیں نہیں جھکوں گا، لوگوں کو اسلام آباد نہیں بلاؤں گا، پورے پاکستان میں تحریک چلائیں گے

عام قیدی کے حقوق بھی نہیں دیے جا رہے، 8 مہینوں میں صرف ایک مرتبہ بچوں سے بات کرائی گئی، علیمہ خان سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہن علیمہ خان کے مطابق بانی نے کہا ہے وکٹ کے دونوں جانب کھیلنے والوں کی پارٹی میں جگہ نہیں، پارٹی بڑی تحریک کی تیاری کرے، اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں علیمہ خان نے کہا بانی پی ٹی آئی نے 3 نکاتی پیغام بھیجے، بانی پی ٹی آئی......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیے گئے

سیکرٹری فشریز گوادر جا کر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں، میر سرفراز بگٹی کی ہدایت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں پیش کیے جانے والے دو توجہ دلاؤ نوٹس......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

مخصوص نشستیں نظرثانی کیس کی سماعت: سنی اتحاد کونسل مخصوص نشستوں کی حقدار نہیں، جسٹس جمال مندوخیل

جو جماعت پارلیمنٹ میں نہ ہو اس میں آزاد کیسے شامل ہو سکتے ہیں؟ آئینی بینچ کے پہلی براہ راست سماعت میں ریمارکس

عدالت نے الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دیا تھا، عدالت کے سامنے الیکشن کمیشن کا نوٹیفکیشن تھا، جسٹس محمد علی مظہر

سنی اتحاد کونسل نے کیسے دعویٰ کیا؟ سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں کیسے مل سکتی ہیں، عدالت نے مخصوص نشستوں سے متعلق سوال اٹھا دیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظرثانی کیس کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ سنی اتحاد کونسل مخصوص نشستوں کی حقدار نہیں ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں آئینی بنچ نے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظرثانی کیس کی براہ راست......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوامی مسائل کا حل یقینی بنائیں گے، مولانا فضل الرحمن

ڈاکٹر مجیب الرحمان و دیگر کی ملاقات جمعیت میں شامل ہونے کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت بلوچستان کی قیادت کے ساتھ مل کر بلوچستان......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق و صوبوں کا مضبوط رشتہ ترقی کی بنیاد ہے، خالق اچکزئی

نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ملک و قوم کے مفاد میں بروئے کار لائیں گے، قائم مقام گورنر

کوئٹہ (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن ر عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رشتہ دیرپا قومی ترقی کی بنیاد ہے اور ہم باہمی تعاون......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کے رہا ہوتے ہی حکومت ختم ہو جائیگی، شبلی فراز

26 ویں ترمیم پیپلز پارٹی ن لیگ کی مرہون منت، دونوں نے اپنی سیاست تباہ کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی ہوتے ہی پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی حکومت ختم ہو جائے گی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

نال خضدار صوبائی حلقہ 2018 کی پوزیشن پر بحال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عدالت عالیہ کا خضدار کے حلقہ پی بی 18 اور حلقہ پی بی 19 پر ڈیڑھ سال بعد فیصلہ، حلقہ بندی میں تبدیلیاں "نال خضدار صوبائی حلقہ 2018 کی پوزیشن پر بحال، سپریم کورٹ نے......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

قائمقام گورنر عبدالخالق اچکزئی گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سانحہ خضدار کی ایک زخمی طالبہ کی عیادت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے بجٹ اہداف پر اعتراضات اٹھا دیئے، اہم وزارتوں کے درمیان بھی اختلافات

ترقیاتی منصوبوں کا تھرو فارورڈ 10 ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکا، وزارت منصوبہ بندی سے 500 جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات طلب

ترقیاتی منصوبوں کی اکثریت مہنگے انفراسٹرکچر منصوبے، لا منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس ملتوی کر دیا گیا، نئی تاریخ بعد میں دی جائے گی

اسلام آباد (شاکر رحمان) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے آئندہ مالی سال کے مجوزہ بجٹ اہداف پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کے مالی بوجھ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کا تھرو فارورڈ 10 ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے وزارت منصوبہ بندی سے 500 جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات طلب کیں۔ رپورٹ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ججز کے تبادلوں میں 4 مراحل پر عدلیہ کی منظوری لازمی ہے، سپریم کورٹ

اہم آئینی مقدمے کی عدالت عظمیٰ میں سماعت، عدلیہ کی خودمختاری، سنیارٹی اور آئینی آرٹیکلز پر سوالات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے کیس کی سماعت کے دوران کہا ہے کہ ججز کے تبادلوں میں 4 مراحل پر عدلیہ کی منظوری لازمی ہے۔ ججز کے......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی کیس، زیادہ سختی نہ کریں، ساس بھی کبھی بہو تھی، جسٹس ہاشم کاکڑ

2 لوگ ایک ہی پولیس والے کو زخمی کیسے کر سکتے ہیں؟ اہلکار نے ایک ہی الزام 2 لوگوں پر کیسے لگا دیا؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے 9 مئی 2023 سے متعلق جناح ہاؤس حملہ کیس کے ملزم رضا علی کی ضمانت بعد از گرفتاری 2 لاکھ روپے کے مچلکوں کے......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی نے حکومتی تجویز کردہ کرمنل لاء ترمیمی بل مسترد کر دیا

اگر کوئی بندہ گھر میں نہیں رہ رہا تو کیسے اندراج مقدمہ ہوگا؟ چیئرمین کمیٹی کا استفسار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے حکومت کا تجویز کردہ کرمنل لاء ترمیمی بل مسترد کر دیا، کمیٹی کا اجلاس راجہ خرم شہزاد نواز کی صدارت......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا اضافی بجلی سے بٹ کوائن کی مائننگ کا منصوبہ کتنا قابل عمل ہے؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان نے بٹ کوائن کی مائننگ اور مصنوعی ذہانت کے ڈیٹا سینٹرز کے لیے دو ہزار میگاواٹ بجلی مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اگرچہ ملک میں کرپٹو کرنسی کو تاحال قانونی حیثیت......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں ایک لاکھ 10 ہزار پناہ گزینوں کو عالمی تحفظ کی ضرورت

پناہ گزینوں میں 8 فیصد پروف آف رجسٹریشن (پی او آر) کارڈ رکھنے والے بھی شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزین (یو این ایچ سی آر) نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان میں موجود تقریباً ایک لاکھ 10 ہزار پناہ......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

لاپتہ افراد کمیشن کے چیئرمین کی 6 ہفتوں میں تقرری کا حکم

چیئرمین کی وفات کے بعد سے عہدہ خالی ہے، اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کارکن جذبات قابو میں رکھیں، عید سے قبل عمران خان کی رہائی کیلئے پر امید ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

کوششوں سے بانی پی ٹی آئی خود بھی واقف ہیں، کوئی بھی تصور نہیں کر سکتا عمران خان نے 2 سال جیل میں کیوں گزارے

2 سالوں سے لوگ برداشت کرتے کرتے تھک گئے، کارکنوں کی جانب سے سوالات اٹھانا ٹھیک ہے، بیرسٹر گوہر کی صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے عمران خان کی رہائی کیلئے کارکنوں کو جذبات قابو میں رکھنے کا مشورہ دے دیا، ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کارکن قیادت......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی رہنماؤں کی عدالتی پیشیاں، متعدد کیسز کی سماعتیں ملتوی

امتیاز وڑائچ، ندیم بارا، حافظ فرحت عباس کی عبوری ضمانتوں میں 20 جون تک توسیع

راولپنڈی، لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے چیئرمین......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الہندوستان بلوچستان میں کالعدم تنظیموں کی سرپرست اعلیٰ، بھارت کی دہشتگرد کارروائیاں پھر بے نقاب

بھارتی سپانسرڈ پراکسیز نہ صرف حملوں کی منصوبہ بندی کرتیں بلکہ کالعدم تنظیموں کو تربیت و اسلحہ بھی فراہم کرتی ہیں

دشمن کا میڈیا پشت پناہی میں پیش پیش، اینکرز مشورہ دے رہے ہیں کالعدم تنظیموں کا دفتر دہلی میں ہونا چاہیے، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) معرکہ حق کے تحت "آپریشن بنیان مرصوص" میں تاریخی شکست کے بعد مودی حکومت شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی، سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں بھارتی سپانسرڈ پراکسیز......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وینا سے شادی، گھر ساتھ خریدا، مگر انجام کچھ اور نکلا! بہرک

ہماری شادی اس لیے نہ ہو سکی کیونکہ وینا کسی اور کو پسند کرنے لگی تھی، ٹاک شو میں گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے باصلاحیت اور ورسٹائل اداکار بہرک شاہ نے حال ہی میں اپنی ذاتی زندگی کے ایک ایسے گوشے سے پردہ اٹھایا ہے جس نے ان کے مداحوں کو چونکا دیا۔ نجی ٹی وی کے ٹاک شو میں گفتگو کرتے ہوئے بہرک شاہ نے انکشاف کیا کہ وہ اور اداکارہ وینا ملک شادی کے قریب پہنچ چکے تھے، یہاں تک کہ دونوں نے مشتر......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار دھماکے کی تحقیقات، حملہ آور کے اعضاء فرانزک لیب بھجوا دیئے گئے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں سکول کے بچوں کی بس میں ہونیوالے دھماکے کی تحقیقات جاری ہیں، سی ٹی ڈی حکام کے مطابق بس کیساتھ گاڑی کو ٹکرایا گیا......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی اور یاسین مینگل کی قیادت میں کارکن مظاہرہ کر رہے ہیں

غیر ملکی دورے پر فرانسیسی صدر میکرون کو اہلیہ نے تھپڑ مار دیا

فرانسیسی حکام نے پہلے واقعہ کی تردید کی لیکن پھر مذاق میں کی گئی حرکت قرار دے دیا

پیرس (بیورو رپورٹ) فرانسیسی صدر ایمانویل میکرون کو اہلیہ کی جانب سے تھپڑ مارنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، غیرملکی میڈیا کے مطابق فرانسیسی صدر میکرون ویتنام پہنچے جہاز سے اترنے ہی والے تھے اہلیہ کی جانب سے تھپڑ مارا گیا اور لمحہ کیمرے میں ریکارڈ ہوگیا، بعد ازاں جہاز سے اترتے ہوئے صدر میکرون نے بازو آگے بڑھایا تو اہلیہ نے بازو بھی نہ تھاما، فرانسیسی حکام نے پہلے واقعہ کی تردید......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

اٹک جیل میں قید پی ٹی آئی کے 76 کارکنوں کی ضمانتیں منظور

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت نے 26 نومبر ڈی چوک احتجاج کے مقدمات میں پی ٹی آئی کے 76 گرفتار کارکنوں کی ضمانتیں منظور کرتے ہوئے رہا کرنے کا حکم دے دیا، راولپنڈی......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

سڑکوں پر نو پارکنگ فیصلے کیخلاف انجمن تاجران کا شدید احتجاج، ٹریفک بحال کر دی

حکومت کو نو پارکنگ کا فیصلہ واپس لینے کیلئے 2 دن کی مہلت دیتے ہیں اس کے بعد احتجاج کو مزید وسعت دیں گے، عبدالرحیم کاکڑ

قندھاری بازار، لیاقت بازار، پرنس روڈ، منان چوک سے جناح روڈ کو پرنس روڈ تک تاجروں کا کاروبار تباہ ہو جائے گا، نعرے بازی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں جناح روڈ سمیت......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سمیت ملک میں آندھی، گرج چمک اور ہلکی بارش کی پیشگوئی

مغربی ہواؤں کا سلسلہ کل سے ملک میں داخل ہونے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ، ژوب، کوہلو، بارکھان سمیت صوبے کے کئی اضلاع میں بارش اور ژالہ باری متوقع

کراچی (بیورو رپورٹ) محکمہ موسمیات نے رواں ہفتے ملک کے مختلف علاقوں میں آندھی، گرج چمک اور ہلکی سے درمیانی بارش کی پیشگوئی کردی......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی اسمبلی کے باہر پیپلز پارٹی کا کرپشن کیخلاف احتجاج، کارکنوں، پولیس میں تصادم، پی ٹی آئی کا کیمپ نذر آتش

آئندہ احتجاج میں وزیر اعلیٰ ہاؤس پر چڑھائی ہوگی، صوبہ بچاؤ مہم کرپٹ حکومت کے خاتمے تک جاری رہے گی، پی پی قائدین

اوچھے ہتھکنڈوں سے ڈرنے والے نہیں، نااہل صوبائی حکومت کا تعاقب جاری رکھیں گے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں مبینہ کرپشن کے خلاف پیپلز پارٹی نے پشاور میں اسمبلی چوک پر احتجاج کیا، مظاہرین نے ریڈ زون میں جانے سے روکنے کیلئے پولیس کی شیلنگ، تصادم، مظاہرین نے تحریک انصاف......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ کی تیاری، محاصل و وسائل کے موثر استعمال کے امور کا جائزہ

مستقبل میں قرضوں کے حصول کی پالیسی کو مزید شفاف بنایا جائے گا، شعیب نوشیروانی

موجودہ قرضوں کے بوجھ کو مرحلہ وار کم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے پر غور

کوئٹہ (خ ن) مالی سال بجٹ 2025-26 کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور محکمہ خزانہ کے......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بلال ثاقب وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے بلاک چین و کرپٹو مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے بلال بن ثاقب کو معاون خصوصی برائے بلاک چین و کرپٹو مقرر......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مس انگلینڈ بھارت میں ہونیوالا مس ورلڈ مقابلہ چھوڑ کر چلی گئیں

مجھے پرفارمنگ منکی کی طرح پیش کیا گیا ایسا محسوس ہوا جسم فروش ہوں، ملا مگی

لندن (م ڈ) برطانوی اخبار دی سن کے مطابق ملا مگی نے مقابلے کے منتظمین پر الزام لگایا کہ انہوں نے انہیں......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

یورپی ملک مالٹا کا فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان

مالٹا فرانسیسی، سعودی کانفرنس میں فلسطین کو تسلیم کرلے گا، وزیراعظم رابرٹ ابیلا

مالٹا (بیورو رپورٹ) یورپی ملک مالٹا نے اگلے ماہ الگ فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا، مالٹا کے وزیراعظم رابرٹ ابیلا نے اپنے بیان میں کہا......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا انکار مسترد، پولیس کو فوٹوگرامیٹک، پولی گرافک ٹیسٹ دوبارہ کرانے کی اجازت

جب تک ٹیسٹ نہیں ہوں گے تفتیش مکمل نہیں ہوگی، بانی پی ٹی آئی تعاون کریں، ڈی ایس پی لیگل

انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل نے ٹیسٹ کرانے کے بعد 9 جون کو رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیدیا

لاہور (بیورو رپورٹ) عدالت نے بانی تحریک انصاف عمران خان کا فوٹوگرامیٹک اور پولی گرافک ٹیسٹ دوبارہ کرانے کی اجازت دیدی، عدالت میں دائر رپورٹ میں پولیس کی جانب سے تفتیش کیلئے فوٹو گرامیٹک اور پولی گرافک ٹیسٹ کی اجازت کی......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں گوگل سرٹیفکیشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں کرپشن کے خلاف احتجاج کرنے والے پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو پولیس ریڈ زون میں داخلے سے روک رہی ہے

شدید گرمی میں کوئٹہ کے شہری پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگے، وزیر اعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گرمیوں کی آمد، محکمہ واسا اور پی ایچ ای عوام کو پانی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے، حمید اللہ غزنوی

کہیں ٹیوب ویل خراب، کہیں بجلی نہ ہونے سے ٹیوب ویل بند ہے، کہیں بجلی وولٹیج میں کمی کا مسئلہ درپیش ہے، مہراب خان، علی خان ودیگر

سرکی کلاں میں تجویز کردہ 45 منٹ کی بجائے 20 منٹ پانی دیا جارہا ہے شیڈول بڑھایا جائے، سلمان بٹ، حاجی یونس، محمد شاہد،

ہر دوسرے یا تیسرے دن ٹینکر پانی منگوانا پڑتا ہے، ٹینکر مافیا کی اجارہ داری نے بھی حد کر دی فی ٹینکر پانی 2000 روپے میں فراہم کیا جارہا ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) گرمیوں کے آمد کیساتھ ہی واسا کی کارکردگی سامنے آگئی، خطیر رقوم بجٹ میں مختص ہونے کے باوجود کوئٹہ کے عوام پینے کے صاف پانی سے محروم، کہیں پر ٹیوب ویل خراب، کہیں پر ٹیوب ویل پر بجلی نہیں، کہیں پر بجلی وولٹیج میں کمی کا مسئلہ درپیش ہے، حلقہ پی بی 48 سرکی کلاں کے عوام نے مین سڑکوں کو بند کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے فوری طور پر اراب ٹیوب ویل میں ایک تو ٹیوب ویل خراب ہے علاقے میں پانی کی فراہمی خواب بن گیا ہے، اس حلقے میں محکمہ واسا حکام کے تجویز کردہ 45 منٹ پانی کی بجائے 20 منٹ پانی فراہم ہو رہی ہے وہ پانی تو سوائے دو افراد کے ایک دن کا گزارہ بڑا مشکل سے ہو رہا ہے، ہر دوسرے یا تیسرے دن ٹینکر پانی منگوانا پڑتا ہے، ٹینکر مافیا کی اجارہ داری نے بھی حد کر دی فی ٹینکر پانی 2000 روپے میں فراہم کرتی ہے۔ پانی فراہم کیا جارہا ہے لیکن واسا حکام کے درجنوں ٹیوب ویل پر درجنوں بہانے پیدا کر کے مہینوں، سالوں ٹیوب ویل کے خشک ہونے یا خراب ہونے کا بہانہ پیدا کر کے پانی معطل رہتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رواں سال محکمہ واسا کیلئے خطیر رقوم کی بجٹ پیش کی ہے اس بجٹ میں سے صرف کوئٹہ شہر کی آبادی کو کنٹرول کرنا ہے لیکن اس کے باوجود بھی

کی مرمت کا مطالبہ کرتے ہوئے حمید اللہ غزنوی، مہراب خان، علی خان، سلمان بٹ، حاجی یونس، محمد شاہد، صدیق اللہ، سردار احمد خلجی ودیگر مشرق سروے ٹیم کو بتایا کہ ہمارے علاقے سرکی کلاں اس کے علاوہ واسا کے ماہانہ بل بھی ادا کر رہے ہیں لیکن باوجود ہمیں پرائیویٹ ٹیوب ویل سے پانی خریدنا پڑتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ شہر میں چند ٹیوب ویل ہو گئے جو بذریعہ ٹینکر پورا کوئٹہ شہر کو ٹینکر مافیا کا کوئی سدباب نہ ہو سکی۔ سرکاری ٹیوب ویل ناکارہ بن چکی ہے۔ انہوں نے اس بابت ایم ڈی واسا سے فوری طور پر علاقے کی وزٹ کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

یونیورسٹی آف اسلام آباد کی بنیاد، ایک یادگار سنگِ میل

اسلام آباد کے سرسبز پہاڑی دامن میں واقع ایک تاریخی یادگار، خاموشی سے ایک ایسے تعلیمی ادارے کی ابتدا کی داستان سناتی ہے جو آج پاکستان کی اعلیٰ ترین جامعات میں شمار

تحریر: عائشہ وزیر

ہوتا ہے۔ قائداعظم یونیورسٹی۔ یہ سفید سنگ مرمر کی تختی، جو وقت کے اثرات کے باوجود اپنی شان برقرار رکھے ہوئے ہے، اس ادارے کے قیام کی علامت ہے جو اپنے آغاز میں یونیورسٹی آف اسلام آباد کہلاتا تھا۔ اس کی بنیاد 21 جون 1967ء (بمطابق 12 ربیع الاول 1387ھ) کو اس وقت کے صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے رکھی تھی۔ یہ سنگ بنیاد محض ایک عمارت کی ابتدا نہیں بلکہ ایک نئے پاکستان کے اس خواب کی عکاسی کرتا ہے جو اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور ترقی پر مبنی تھا۔ اس تختی پر تین زبانوں انگریزی، اردو اور بنگالی میں تحریر ہونا اس وقت کے وفاقی جذبے اور مشرقی پاکستان (موجودہ بنگلہ دیش) کی شمولیت کی علامت تھا۔

صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کا خود آ کر اس جامعہ کی بنیاد رکھنا ان کی تعلیم کے فروغ کے ساتھ گہری وابستگی کو ظاہر کرتا ہے 1960ء کی دہائی میں یہ ادارہ اس قومی حکمت عملی کا حصہ تھا جس کا مقصد جدید تعلیمی ادارے قائم کرنا تھا تاکہ ملک کو علمی، انتظامی اور سائنسی میدانوں میں خود کفیل بنایا جا سکے۔ آج یہ یادگار جس مقام پر واقع ہے، یہ وہی جگہ ہے جہاں موجودہ قائداعظم یونیورسٹی کا مرکزی کیمپس ہے۔ یہ یونیورسٹی اب ایک معروف تحقیقی اور تدریسی ادارہ بن چکی ہے، جو نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر سے طالبعلموں اور محققین کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ یہاں قدرتی علوم، سماجی علوم، اور انسانی علوم سمیت مختلف شعبہ جات میں معیاری تعلیم فراہم کی جاتی ہے، جو اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کا تسلسل ہے جو 1967ء میں دیکھا گیا تھا۔ یہ سنگ مرمر کی تختی صرف ایک یادگار نہیں بلکہ ان خوابوں، ارادوں اور قربانیوں کی داستان سناتی ہے جو پاکستان میں تعلیم کے میدان میں ترقی کے لیے دی گئیں۔ جو طالبعلم روزانہ اس کے پاس سے گزرتے ہیں، وہ درحقیقت تاریخ کے ایک خاموش مگر اہم باب کے ساتھ گزرتے ہیں، اکثر اس حقیقت سے بے خبر کہ اس سادہ سی تختی کے پیچھے قومی شناخت، قیادت، اور علم کی جستجو کی ایک مکمل داستان چھپی ہوئی ہے۔

یونائیٹڈ بزنس گروپ کے چیف ایس ایم تنویر، حاجی فاروق کوسمٹر رہے ہیں

برقی لائنوں کی شفٹنگ کیلئے آج اور کل کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور بجلی کے کھمبے نصب کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 27 مئی اور 28 مئی کو (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، اولڈ لیاقت بازار، چلتن، کراچی، سمنگلی ایکسپریس، دلدار کاریز، اے ون سٹی، ہزارہ ٹاؤن، کراچی ایکسپریس، بی ایم سی (B M O)، انڈسٹریل، اولڈ سٹلائٹ ٹاؤن، اولڈ اور نیو جان محمد، جبر سادہ سرکی روڈ، غازی، سادہ و واسا فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک جبکہ 220Kv کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11Kv پشتون آباد ایکسپریس، ایسٹرن بائی پاس، شوکت، شاہجواز، سعد اللہ اور سریاب مل فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے کاسی ون، کاسی ٹو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی بند ہوگی۔

نوابزادہ میر زرین خان مگسی کی مرحوم صالح محمد کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی

لسبیلہ (ث ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے محلہ ریسٹ ہاؤس میں لال محمد کے بیٹے محمد سمیر کے والد، ابراہیم انگی بلوچ کے بہنوئی مرحوم صالح محمد کے انتقال پر انگی رہائشگاہ پر تعزیت وفاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ سید شاہجہان شاہ، کونسلر طارق علی بلوچ پی ایس اظہار علی سومرو ایس ایچ او لسبیلہ وحید علی مگسی سی آئی اے لسبیلہ انچارج عبدالاحد بلوچ ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر پیر سکندر علی شاہ جیلانی معروف ٹرانسپورٹر حاجی محمد حیات بلوچ ٹھیکیدار محمد رحیم حاجی محمد صادق بابو محمد عظیم وڈیرہ کریم بخش رمضان قانون گو ودیگر بھی موجود تھے۔

ریونیو سٹاف کی عوام کو سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی کوئٹہ

کسی بھی قسم کی جعلسازی یا ٹیمپرنگ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (ث ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیرصدارت ریونیو اسٹاف کا ایک اہم اور تفصیلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد وقار کاکڑ، تمام سب ڈویژنز کے تحصیلدار، نائب تحصیلدار، قانونگو، پٹواری اور دیگر متعلقہ عملہ شریک ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے واضح ہدایات جاری کیں کہ ریونیو سٹاف عوام کو ریلیف دینے اور سہولیات فراہم کرنے میں بھرپور کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قسم کی جعلسازی یا ٹیمپرنگ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، اور ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "آپ ہماری ٹیم کا اہم حصہ ہیں اور اپنے ریکارڈ کے محافظ ہیں۔ آپ سے توقع ہے کہ آپ مکمل ایمانداری، دیانتداری اور فرض شناسی سے کام کریں گے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور ریونیو نظام شفافیت کی راہ پر گامزن رہے۔"

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی بچے کو حفاظتی قطرے پلا کر پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

جام شورو میں کوئلہ سے لوڈ ٹرک ڈرائیور کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، نور محمد شاہوانی

سندھ حکومت ڈرائیور کے لواحقین کو معاوضہ اور زخمی بیٹے کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالباقی کاکڑ اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے گزشتہ روز جام شورو کے مقام پر پولیس تھانے کے حدود میں کوئلہ سے لوڈ ٹرک ڈرائیور کو شہید کرنے اور اس کے ساتھ بیٹے کو زخمی کرنے پر سخت شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کے ڈرائیور کے قاتلوں کو جلد سے جلد گرفتار کیا جائے اور ڈرائیور کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے اور زخمی کے لیے حکومت سندھ علاج معالجے کے لیے بہتر سے بہترین سہولیات مہیا کی جائے بصورت دیگر ٹرانسپورٹرز سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہیں کیونکہ ڈرائیوروں کو تحفظ دینا حکومت وقت کی ذمہ داری ہے ٹرک ڈرائیور ہیوی ٹرانسپورٹ ہمارے ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

وفاقی محتسب کے حکم پر محمد حسین کی تاریخ پیدائش درست کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد حسین کی تاریخ پیدائش کا مسئلہ حل کروا دیا گیا درخواست گزار محمد حسین اے جی بلوچستان کے ملازم کا کہنا تھا کہ انہیں ریٹائرمنٹ کے وقت علم ہوا کہ دفتر کی جانب سے انکی تاریخ پیدائش غلط درج کی گئی ہے۔ انہوں نے اس کی درستگی کے لیے کافی کوشش کی لیکن مسئلہ حل نہ ہو سکا۔ لہٰذا انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا۔ وفاقی محتسب کے عملے نے بروقت کارروائی شروع کی اور متعلقہ محکمے کو احکامات جاری کیے کہ محمد حسین کی تاریخ پیدائش درست کی جائے۔ متعلقہ محکمے کو احکامات موصول ہوتے ہی درخواست گزار محمد حسین کی تاریخ پیدائش کا مسئلہ حل کر دیا گیا۔ مسئلہ حل ہوتے ہی درخواست گزار محمد حسین نے وفاقی محتسب کوئٹہ کا بے حد شکریہ ادا کیا۔

نااہل حکمران ملک کو لوٹنے میں مصروف ہیں، رحیم کاکڑ

بلوں کو پاس کر کے عمران خان اور پارٹی کیلئے مشکلات بنائی گئی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر ارکان سابق منسٹر رحیم کاکڑ، میرویس کاکڑ ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، نعمت اللہ، ضیاء الحق، سردار بہلول نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی صورتحال افسوسناک ہے نااہل اور کرپٹ حکمران ملک کو لوٹنے میں مصروف ہیں ملک کی سیاسی صورتحال صرف پیسے کے بل بوتے چل رہا ہے ملک کی تمام مذہبی، نسلی، لسانی پارٹیاں جو کہ اپنے اصولی سیاست سے ہٹ کر ترقیاتی سیاست ٹھیکیداری سیاست لوٹ مار کی سیاست کر رہے ہیں ان کا کردار عوام کے سامنے ہیں بلکہ عوام اس قسم کی سیاست اور ان کے نام نہاد لیڈران کی بات سننے کو تیار نہیں ہے ہر ایک اپنی ساکھ کو بچانے میں لگا ہے مگر بے لاحاصل ہیں ملکی تاریخ کی دو پارٹیاں مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی انکی فیڈریشن والی سیاست کو پس پشت ڈال کر لوٹ مار میں لگ چکی ہے آج تحریک انصاف کی پارٹی اور چیئرمین عمران خان کے جیل اور ورکروں کے ساتھ زیادتی کے ذمہ دار بھی یہی چوروں کے ٹولے ہیں جنہوں نے پی ڈی ایم کی کرپٹ پارٹیوں کیساتھ ملکر پارلیمنٹ میں بلوں کو پاس کر کے عمران خان اور ان کی تمام پارٹی کیلئے مشکلات بنا چکی ہے لیکن آج یہی پارٹیوں میں عمران خان کیلئے ہمدردی کی آوازیں آرہی ہیں۔

ریلوے محنت کش یونین کوئٹہ زون کے زیراہتمام ریلوے اسٹیشن پر احتجاجی جلسہ سے عطا محمد منگروئی، کامریڈ سلطان، زاہد اقبال، ودیگر خطاب کر رہے ہیں

عبدالقہار خان ودان ودیگر صوبائی کابینہ کا ایگزیکٹو ممبر حافظ نعیم کی وفات پر اظہار رنج وغم

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان ودیگر صوبائی کابینہ کے اراکین، ضلع قلعہ سیف اللہ کے صدر حاجی دارا خان جوگیزئی، جنرل سیکرٹری نقیب یاسر ودیگر کابینہ کے اراکین نے تحصیل ایگزیکٹو ممبر حافظ نعیم کی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

پشتونخوامیپ کے ضلعی کمیٹی ممبر رحیم اللہ بڑیچ کی ہمشیرہ انتقال کر گئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ ... خان منگر، رزاق بڑیچ، علی محمد ترین، رحمت اللہ صابرہ، حمید اللہ بڑیچ، قیاس افغان، باز پشتون، سلمان خان بازئی، ضلع معاونین نور آغا درانی، امین اللہ کاکڑ اور حاجی سلام بڑیچ نے مرحومہ کی انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

پرموشن کیسز میں تاخیری حربے برداشت نہیں کریں گے، ایپکا محکمہ صحت

مطالبات پر عمل نہ ہوا تو 29 مئی کو سائنس کالج تک ریلی نکالی جائے گی، حضرت علی کاکڑ

کیسز کو آنے والے صوبائی سلیکشن کمیٹی کو بھیجا جائے، ڈی جی آفس میں جلسہ سے خطاب

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن محکمہ صحت کے زیراہتمام ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ... حضرت علی کاکڑ نے سیکرٹریٹ میں پروموشن کے کیسز کے زیلے ہونے پر برہمی کا اظہار کیا اور محترم ...

جامعات کے الاؤنسز ختم کرنے کے تعلیم دشمن فیصلے کی مذمت کرتے ہیں، این ڈی ایم

الاؤنسز کو ختم کرنے کا اختیار فیصلہ ساز اداروں کی طرف سے دی گئی ہے، صوبائی بیان

... کے عوام کے وسائل اور بجٹ تعلیم اور دیگر پیداواری شعبوں پر خرچ کرنے کے بجائے امن وامان اور دیگر ذرائع سے کرپشن و کمیشن کی نذر ہو رہا ہے۔ ... کے تعلیم دشمن فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ان الاؤنسز کی بحالی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے تمام یونیورسٹیوں کے ٹیچنگ و نان ٹیچنگ سٹاف کو تنخواہوں میں مختلف الاؤنسز ان علمی اداروں کے فیصلہ ساز اور پالیسی ساز اداروں کی منظوری سے حاصل ہے جس کو ختم کرنے کا اختیار محکمہ تعلیم کو نہیں۔ موجودہ صوبائی حکومت نے صوبے میں تعلیمی نظام کو مکمل تباہی سے دوچار کیا ہے۔ صوبے

دلاور ساسولی کی وفات پر فاتحہ خوانی جاری ہے

... کی وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔ جمیل ساسولی ہائی کورٹ اسسٹنٹ کے بھائی، شکیل ساسولی ای۔ایم۔ایس پلمبر کے بھائی، مقبول ساسولی کے بھائی فیصل ساسولی کورٹ کلرک کے بھائی، بشیر دو ساسولی کے بھائی جاوید ساسولی کے چچا، شیروز ساسولی کے چچا ہے۔ اور فاتحہ خوانی عارف گلی میں جاری ہے۔

مرحوم حاجی محمد نور خراسانی کے بیٹے حاجی امیر بخش خراسانی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) انتہائی افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ مرحوم حاجی محمد نور خراسانی کے بڑے صاحبزادے حاجی امیر بخش خراسانی اس فانی دنیا سے انتقال فرما گئے ہیں۔ مرحوم نہایت ہی نیک سیرت، خوش اخلاق اور باکردار انسان تھے۔ وہ سردار رسول بخش خراسانی، اللہ بخش خراسانی، ملک نوید خراسانی، قادر زیب خراسانی، ملک عصمت خراسانی کے والد محترم اور خدا بخش خراسانی ور محمد خراسانی کے بڑے بھائی تھے۔ فاتحہ خوانی کا سلسلہ کلی شاہو عید گاہ مسجد میں صبح 8 بجے تا شام 6 بجے ہوگی۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، ان کی قبر کو جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغ بنادے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بس برآمد کرانے پر انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، دولت علی لہڑی

شرپسند عناصر ٹرانسپورٹ سیکٹر کو غیر محفوظ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، مالک سدا بہار کمپنی

ملوث افراد کو فوری طور پر گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے، صدر آل پاکستان کوچز ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان کوچز ٹرانسپورٹ یونین کے صدر سدا بہار ٹرانسپورٹ کے مالک "حاجی دولت علی لہڑی" نے کہا ہے کہ بلوچستان سے اغواء کی جانے والی سدا بہار ٹرانسپورٹ کمپنی کی بس کو انتظامیہ نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے چمن سے برآمد کر لیا۔ جبکہ بس کے عملے کو بھی بحفاظت کوئٹہ سے بازیاب کرالیا گیا ہے۔ انہوں نے اس کارروائی پر کمشنر کوئٹہ، ڈی سی، لیویز، پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بروقت کارروائی نے نہ صرف متاثرہ عملے اور کمپنی کو تحفظ فراہم کیا بلکہ عوام میں اعتماد کی فضا کو بھی بحال کیا۔ حاجی دولت علی لہڑی نے کہا کہ ایسے شرپسند عناصر جو ٹرانسپورٹ سیکٹر کو غیر محفوظ بنانے کی کوششوں میں مصروف ہیں، ان کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث افراد کو فوری طور پر گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان جیسے حساس خطے میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ رواں رکھنے کے لیے ہم تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، تاکہ صوبے میں معاشی سرگرمیاں بحال ہوں اور عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ مگر اس قسم کے واقعات نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ عام مسافروں کے لیے بھی پریشانی کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے نے مسافروں میں شدید خوف وہراس پیدا کیا ہے، جو پہلے ہی بلوچستان میں امن وامان کی خراب صورتحال کی وجہ سے پریشان ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے ایسے عناصر کو جلد از جلد گرفتار کر کے نشان عبرت بنائیں۔

جرائم پیشہ عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، ڈی سی قلات

آخری مجرم کی گرفتاری تک جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

قلات (ث ن) لیویز فورس قلات کی اشتہاری اور مفرور ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری۔ قلات لنگاری سے اشتہاری ملزم لیویز فورس کی گرفت میں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ ... مخبر خاص کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے لیویز تھانہ قلات کے مقدمہ نمبر 8/2025 بجرم 427-336-337H2 میں اشتہاری ملزم حبیب اللہ ولد مہیم خان قوم شیخ مینگل سکنہ لنگاری کو گرفتار کر لیا ...

سفر محمد کی اہلیہ، محمد صدیق، محمد رفیق، محمد یوسف کی والدہ انتقال کر گئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مفیری اچکزئی قبیلہ کی پانچ خان روڈ کے قبائلی رہنماؤں وکوئٹہ کے تاجر محمد شاہ مرحوم سید شاہ مرحوم، حاجی نیک محمد، حاجی ...

بلوچستان ری ہیبلیٹیشن فورم کی سوشل ویلفیئر حکام سے ملاقات

عصمت اللہ قریشی کا فورم کو مشکلات کے حل کی یقین دہانی کرائی

... سراہا ہے ہمیں آپ کے مشکلات کا بھی احساس ہے بہت جلد اقدامات کئے جائیں گے ... کیا ملاقات میں وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈرگ فری کوئٹہ پروگرام کے سلسلے میں بحالی مراکز میں

کوئٹہ، بلوچستان ری ہیبلیٹیشن فورم کے صدر میر علی احمد ابابکی کی قیادت میں وفد سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریشی ملاقات کر رہا ہے

نرسنگ بورڈ کوئٹہ کے امتحانات کے انعقاد پر کنٹرولر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، عبدالشکور مری

پی جی ڈاکٹرز کو آرام کیلئے ہاسٹل میں 15 کمرے دیئے جائیں، ڈاکٹر ریحانہ

24 گھنٹے کو ہاسٹل میں ہونے والی چوری کی تحقیقات کرائی جائیں، ڈاکٹر ماہ نور پریس کانفرنس

کوئٹہ: بختیار پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹرز کی رہنما ڈاکٹر ریحانہ، ڈاکٹر ماہ نور ودیگر پریس کانفرنس کر رہی ہیں

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Irrigation Division Chaman invites sealed tenders from eligible Bidders for Execution of work through EPPS System with the detail terms and conditions given below. The Tender Fee will be deposit through green challan in National Bank of Pakistan under the head of Account C-03434.

Bid Security 2% and Tender Fee 2000/-

S. No.	Name of Works	Estimated/ Approved Cost
1.	Construction Of Bogra Delay Action Dam In District Killa Abdullah PSDP No 2730 Fy: 2024-25") TSE-242505726923	57.701 M

Procurements shall be made under BPPRA Rules 2014 **Eligibility of Bidders: -** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 1 No of dams of similar cost and Nature and must have 2 No of dams in hands of similar cost and Nature Turnover of at least 40,390,700 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) is C-5 and above (Upto 65 million) and Specialized Code is CE04(i) (Dams/Water Retaining Structures), CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems). Has a minimum Bank Credit Line Facility at least 50% of the project cost. Audit Reports of the firm(s) should be enlisted & appearing in ICAP directory and Registered (last Three years Audit Report) Eligibility Criteria for bidders are mentioned in Bidding Documents. Procedure of Procurement. Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission**: Bid can only be submitted electronically latest by **10th June. 2025** till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address**: Irrigation Division Chaman or O/O Chief Engineer Irrigation Sariab Road Quetta Note: - All documents / proof provided by the Contractors / Firms will be verified from concerned authorities / departments.

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION CHAMAN

PRQ No.4615/26-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505726143 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates T/Fee Rs.1000/- & Bid Security 2%

S.No.	Name of work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF MAIN GATE, SEWERAGE SYSTEM & SOLAR STREET LIGHTS AT STREET NO 1 JINNAH TOWN QUETTA	5,769,785

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,038,849 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **09 June, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **09 June, 2025**till **09:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **10:00 AM Address:** New Zarghoon Road **Phone no:** 0819211904
Fax no: 0819211904**Email:** engr.inam2011@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA

PRQ No.4604/26-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

دفتر زیر دستخطی میں مندرجہ ذیل آسامی پر بھرتی کیلئے ضلع بارکھان کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواستوں کے ہمراہ نقولات قومی شناختی کارڈ، دو عدد تصویر، لوکل / ڈومیسائل و مڈل سرٹیفکیٹ منسلک کرنا لازمی ہے۔

نمبر شمار	نام آسامی	سکیل	درخواستیں جمع کرنے کی تاریخ	تاریخ انٹرویو
1	نائب قاصد	BPS -01	20-06-2025	25-06-2025

شرائط: (1) عمر کی آخری حد بشمول حکومت بلوچستان کی طرف سے دی گئی رعایت 18 سال سے 43 سال ہے (2) مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست قبول نہ کی جائیگی (3) ریکروٹمنٹ حکومت بلوچستان کی مجوزہ پالیسی کے مطابق کی جائیگی (4) مزید معلومات دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے لی جا سکتی ہے (5) درخواست دہندہ کا متعلقہ یونین کونسل سے ہونا لازمی ہے۔

چیئرمین یونین کونسل چوہڑکوٹ بارکھان

AB No1161/26-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505728733 Note: In All Procurements of GOB Whether through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Deputy Conservator of Forest Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	WATER RESOURCE POINTS	10,000,000

Procurements shall be made under the Baluchistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Document. **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **12th June, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **12th June, 2025** till **10:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:00 AM Address:** QUETTA
Phone No. 081-9202606 **Email:** khalilkhosa555@gmail.com

Deputy Conservator of Forest Quetta

PRQ No.4612/26-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے توسیع تاریخ

کمشنر رخشان / چیئرمین نیلامی کمیٹی کی جانب سے بمورخہ 8 مئی 2025 کو مقامی روزنامہ اخبارات میں اشتہار نمبر PRQ No.4297-07-05-2025 کے تحت بابت نیلامی سرکاری گاڑیاں ریونیو ڈیپارٹمنٹ رخشان ڈویژن میں نیلامی ہونا قرار پائے تھے۔ جس میں نیلامی ٹینڈر جمع کروانے اور کھولنے کی تاریخ 3 جون 2025 بوقت 12 بجے دن مقرر کی گئی تھی لیکن ناگزیر وجوہات کی بنا پر نیلامی کی تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔ اب یہ نیلامی بمورخہ 18 جون 2025 کو مقرر کی گئی ہے۔ دیگر تمام شرائط وضوابط پہلے والے اشتہار کے مطابق برقرار رہیں گے۔

کمشنر / چیئرمین نیلامی کمیٹی رخشان ڈویژن خاران

PRQ No 4621/26-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ 1 کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 49/025 — FIR نمبر 47/2025 — سرکار بنام: سفیر احمد عرف جیند وغیرہ

جرم زیر دفعہ 7(i)(b) 7(i)(d) 6,2 cc.7(I),11I,11B/ATA 11F (1)(2) — 21i 7ATA CTD کوئٹہ

PRQ No 4625/26-05-2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ 1 کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 51/2025 — FIR نمبر 44/2025 — سرکار بنام: سفیر احمد وغیرہ

جرم زیر دفعہ 7 (I)(b)(6)(2),ee 7(I) 11N — CTD کوئٹہ

PRQ No 4624/26-05-2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ 1 کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 52/25 — FIR نمبر 189/2024 — سرکار بنام: سفیر احمد عرف جیند وغیرہ

جرم زیر دفعہ 11 F(1)(2)(6) 21i 7ATA — CTD کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے مسمیان (1) سفیر احمد عرف جیند بلوچ ولد میر عبدالغنی قوم سرپرہ سکنہ گروک مستونگ (2) بشیر زیب ولد ڈاکٹر عبداللہ قوم محمد حسنی سکنہ احمد وال نوشکی جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن بیتی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بمطابق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 29-05-2025 عدالت ہذا بمقام A.T.C 1 کوئٹہ نالش مذکور کی جواب دہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ 1 کوئٹہ

PRQ No 4622/26-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

جامعہ بلوچستان میں ملازمین کے الاؤنس ختم کرنا ملازم دشمن اقدام ہے، شاہ علی بگٹی

ہاؤس ریکوزیشن اردلی الاؤنس ہارڈ شپ الاؤنس، یوٹیلیٹی الاؤنس، 5% مکان رینیر الاؤنس ختم کرنا معاشی استحصال ہے

یونیفارم پالیسی کے تحت بہت سے الاؤنسز ختم کیے گئے، 29 مئی کو مطالبات کے حل کیلئے بھرپور احتجاج کیا جائے گا، اظہار خیال

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کا بلوچستان گرینڈ الائنس کے فیصلے کے مطابق 22 اور 23 مئی 2025 کو یوم سیاہ منایا گیا اور آج مورخہ 2025/05/26 کو بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے فیصلے کے مطابق قلم چھوڑ ہڑتال ریکارڈ کرایا۔ تفصیلات کے مطابق ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی کے زیر صدارت ایسوسی ایشن کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں کابینہ اور مجلس عاملہ کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے صوبائی حکومت کے غیر قانونی اور غیر آئینی نوٹیفکیشن کو مسترد کیا بلوچستان کے تمام جامعات کے ملازمین اساتذہ اور آفیسرز کے الاؤنس کی کٹوتی کرنا ظالمانہ اقدام قرار دیا۔ واضح رہے کہ صوبائی حکومت کے جانب سے جامعات کے ملازمین کی تنخواہوں کے لیے یونیفارم پالیسی کے تحت بہت سے الاؤنسز کو ختم کیا گیا ان میں ہاؤس ریکوزیشن اردلی الاؤنس ہارڈ شپ الاؤنس، یوٹیلیٹی الاؤنس، 5% مکان رینیر الاؤنس، اور دیگر الاؤنسز شامل ہیں انکو ختم کرکے ایک نیا الاؤنس PSU الاؤنس 2022 کے بنیادی بیسک پے پر عمل لایا گیا ہے۔ فیصلہ کیا گیا کہ اس کے خلاف

بیجنگ، گورنر جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں وفد کمیونسٹ پارٹی چائنا کی سینٹرل کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کر رہا ہے

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سی ایم ایچ میں سانحہ خضدار کے شہداء کے لواحقین سے بات چیت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر حنیف عباسی کی سعودی عرب سے ملاقات

سرمایہ کاری، اور دیگر اہم شعبوں میں تعلقات کو مضبوط بنائیں گے

حج وعمرہ اور زیارتیں دونوں ملکوں کے مذہبی اور ثقافتی کی علامت ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی سے ملاقات، پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے آج سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی سے ملاقات کی، جس میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور سعودی عرب کے باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعاون، سرمایہ کاری، اور دیگر اہم شعبوں میں تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں دونوں فریقین نے تاریخی، مذہبی، اور اقتصادی حوالے سے پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ تعلقات کو سراہا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ یہ تعلقات دونوں ممالک کے عوام کی خوشحالی اور ترقی کے لیے نہایت اہم ہیں۔ وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سعودی عرب پاکستان کا کلیدی شراکت دار ہے اور دونوں ممالک کو چاہیے کہ اپنے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جائیں۔ وزیر ریلوے نے سعودی عرب میں کام کرنے والے لاکھوں پاکستانیوں کی مالی معاونت (ریمیٹنس) کو پاکستان کی معیشت کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔

کوئٹہ میں بجلی کے میٹروں کی نمایاں جگہوں پر تنصیب کا کام جاری

میٹروں کی ازسرنو تنصیب سے صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان کی خصوصی ہدایات پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی ڈسٹری بیوشن لائنوں (11Kv فیڈروں) کو بجلی چوری سے پاک کرنے کا کام جاری ہے اور اس مہم کے تحت سب ڈویژن کی سطح پر 11Kv فیڈروں پر سپیشل کامبنگ یعنی میٹروں کی نمایاں جگہ پر دوبارہ تنصیب کا عمل جاری ہے۔ کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں چمن ہاؤسنگ اسکیم، حالی روڈ، گلستان روڈ، گارڈن ٹاؤن، زرغون ہاؤسنگ اسکیم، عسکری ہاؤسنگ اسکیم، مدرسہ روڈ، نواں کلی پیلا اسٹاپ، سیٹلائٹ ٹاؤن، ارباب کرم خان روڈ، کواری روڈ، جان محمد روڈ، فقیر محمد روڈ، جناح ٹاؤن، طوغی روڈ، کاسی روڈ اور پرنس روڈ میں اسپیشل کامبنگ کا کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ اسپیشل کامبنگ مہم کے تحت کوئٹہ سے باہر صوبہ کے تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز کے علاقوں میں بھی بجلی کے میٹروں کو نمایاں جگہوں پر نصب کرنے کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ برقی میٹروں کی محفوظ اور نمایاں جگہوں پر ازسرنو تنصیب کا عمل ایک صارف دوست نظام ہے جس سے صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کی صورت میں براہ راست فائدہ حاصل ہوگا اور اس مہم کی کامیابی سے غیر قانونی

بلوچستان بزنس کمیونٹی گروپس کا ایف پی سی سی آئی کیلئے یو بی جی کیساتھ انضمام

بزنس کمیونٹی کے گروپس نے یونائٹڈ بزنس گروپ کے ساتھ انضمام ملک اور بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کیلئے خوشگوار کاروباری جھونکا قرار دیا

بلوچستان کی صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات کے خاتمہ کیلئے (یو بی جی) کے پلیٹ فارم سے مشترکہ جدوجہد کی راہ ہموار

کیو سی سی آئی بلوچستان کے پیٹرن ان چیف غلام فاروق خلجی یو بی جی کے پیٹرن ان چیف ایس ایم تنویر نے اسٹیک ہولڈرز کے ہمراہ انضمام کا اعلان کیا

کوئٹہ (شاہ فہد) بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے گروپس نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کیلئے یونائٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے ساتھ انضمام کا اعلان کر دیا ہے، یونائٹڈ بزنس گروپ کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر، FPCCI کے صدر عاطف اکرام شیخ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے گروپس کی یونائٹڈ بزنس گروپ کے ساتھ انضمام کو ملک اور بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے لئے ہوا کا خوشگوار جھونکا قرار دیتے ہوئے فیصلے کو تاریخی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اب ملک بھر اور خاص کر بلوچستان کی صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لئے (یو بی جی) کے پلیٹ فارم سے مل کر جدوجہد کی جائے گی۔ پیر کے روز کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے پیٹرن ان چیف غلام فاروق خان خلجی، صدر محمد ایوب مریانی، سمال چیمبر آف کامرس اینڈ سمال انڈسٹری کوئٹہ کے سرپرست اعلیٰ جمعہ خان نورزئی، ولی نورزئی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ومعروف بزنس مین علاؤالدین مری، حاجی نوجان بزنجو و دیگر نے یونائٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے پیٹرن ان چیف ایس ایم تنویر، (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ، حنیف گوہر و دیگر کی موجودگی میں (یونائٹڈ بزنس گروپ) میں اپنے گروپس کے انضمام کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے سرپرست اعلیٰ غلام فاروق خلجی، صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سمال چیمبر آف کامرس اینڈ سمال انڈسٹری کوئٹہ کے سرپرست اعلیٰ جمعہ خان نورزئی، ولی نورزئی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ومعروف بزنس مین علاؤالدین مری و دیگر نے یونائٹڈ بزنس گروپ کی قیادت کو کوئٹہ آنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ اب ہم (یو بی جی) گروپ کے پلیٹ فارم سے ملک اور بلوچستان کی بزنس کو درپیش مشکلات کے حل کے لئے جدوجہد کریں گے

بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کل ہوگی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کا انعقاد مورخہ 28 مئی 2025 بروز بدھ کو کیا جائے گا جس نومنتخب کابینہ، عہدیداران اور مجلس عاملہ کے اراکین اپنی ذمہ داریوں کا حلف اٹھائیں گے۔ اس مختصر تقریب میں صرف متعلقہ اراکین کی شریک ہونگے۔ یونیورسٹی میں موجودہ ہنگامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تقریب اس دفعہ سادہ اور مختصر رکھی گئی ہے۔ بھرپور انداز میں شرکت کریں۔

کوئٹہ میں 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز، ہزاروں بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے

بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی کیلئے والدین، کمیونٹی، ہیلتھ ورکرز اور تمام اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا، ڈی سی

پولیو کے خلاف یہ جنگ تب ہی جیتی جا سکتی ہے جب معاشرہ، صحت کے ادارے اور انتظامیہ ایک ساتھ کام کریں

مہراللہ بادینی کا پولیو کے خاتمے کے قومی مشن کے تحت جاری مہم کا جائزہ لینے کے لیے مختلف علاقوں کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے آج بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کردیا۔ یہ اقدام پولیو جیسے مہلک مرض کے خاتمے اور بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے حکومت کی جانب سے جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ "پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی کیلئے والدین، کمیونٹی، ہیلتھ ورکرز اور تمام اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔" اس موقع پر انہوں نے تمام ٹیموں، ورکرز، سی ایچ ڈبلیوز (CHWs) اور عوام کو ایک اہم پیغام بھی دیا کہ وہ اس قومی مہم میں بھرپور حصہ لیں اور ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلوانے میں تعاون کریں۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں تاکہ کوئی بچہ ویکسین ... روز تک جاری رہے گی جس میں ہزاروں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے پولیو کے خاتمے کے قومی مشن کے تحت جاری مہم کا جائزہ لینے کے لیے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈی ای او کوآرڈینیٹر انعام الحق اور ایریا کوآرڈینیٹر ڈاکٹر صفدر زرکون بھی موجود تھے

زیارت، پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا گیا

ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او زیارت ڈاکٹر یاسر طاہر، محکمہ صحت کے باقی افسران سمیت ڈبلیو ایچ او اور یونیسیف کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ضلع زیارت میں 19 یونین کونسل میں انسداد پولیو مہم کے دوران 26660 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ضلع زیارت میں 139 موبائل ٹیمیں گھر گھر جاکر 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے اور اس سلسلے میں 29 فکسڈ سائٹس اور 12 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی بنائے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے کہا انسداد پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اس کو مکمل کامیابی سے ہمکنار کرانا ہوگا اس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی اور غفلت پر قانونی کارروائی کی جائے گی

ٹیچنگ ہسپتال تربت کو مزید بہتر بنایا جائے، کمشنر مکران

تربت، (خ ن) کمشنر مکران قادر بخش پرکانی نے ٹیچنگ ہسپتال تربت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ایمرجنسی سروسز، علاج معالجے، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کی نگہداشت کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر نے ٹیچنگ ہسپتال میں صفائی ستھرائی، طبی عملے کی حاضری اور دستیاب سہولیات کا بھی بغور معائنہ کیا۔

سی پی او راولپنڈی کے ترقی پانیوالے ڈی ایس پیز کو مبارکباد

غلط پارکنگ، سگنل اور ون وے کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیرصدارت پولیس لائن ہیڈکوارٹر میں ٹریفک افسران سے میٹنگ، میٹنگ میں چیف ٹریفک آفیسر بینش فاطمہ، ٹریفک پولیس کے ڈی ایس پیز، سیکٹر انچارجز اور دیگر افسران کی شرکت، سی پی او نے نئے پرموٹ ہونے والے ڈی ایس پیز کو مبارکباد دی، سی پی او نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ون وے کی خلاف ورزی، غلط پارکنگ جیسے مسائل کے حل کے لیے جو بھی سپورٹ درکار ہے فراہم کی جائے گی، سی پی او، شہر بھر میں 10 بڑے چوراہوں پر اضافی نفری تعینات کرکے ٹریفک سگنل وائلیشن پر کارروائی کی جائے گی، سی پی او، پچھلے تین ماہ میں پنجاب میں سب سے زیادہ لائسنس راولپنڈی میں بنے، سی پی او، ناجائز تجاوزات کے خلاف 396 مقدمات درج کر کے 864 مقامات سے تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا گیا سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیرصدارت پولیس لائن ہیڈکوارٹر میں ٹریفک افسران سے میٹنگ کا انعقاد، میٹنگ میں چیف ٹریفک آفیسر بینش فاطمہ، ٹریفک پولیس کے ڈی ایس پیز، سیکٹر انچارجز اور دیگر افسران نے شرکت کی، سی پی او نے نئے پرموٹ ہونے والے ڈی ایس پیز کو مبارکباد دی، سی پی او نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ ون وے کی خلاف ورزی، غلط پارکنگ جیسے مسائل کے حل کے لیے جو بھی سپورٹ درکار ہے فراہم کی جائے گی

جامعہ بلوچستان ایمپلائز ایسوسی ایشن کے عہدیدار صدر شاہ علی بگٹی کی قیادت میں احتجاج کر رہے ہیں

پاک چین دفاع، توانائی انفراسٹرکچر میں تعاون مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے، سیدال خان

مواصلات، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون سے اس اسٹریٹجک شراکت داری کے مثبت نتائج مرتب ہونگے

عالمی پلیٹ فارمز باہمی تعاون اور تجارتی روابط کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے اپنے سرکاری دورہ چین کے دوران 9ویں سلک روڈ انٹرنیشنل ایکسپو کا دورہ کیا۔ انہوں نے نمائش میں مختلف اسٹالز کا معائنہ کیا اور ایکسپو میں شریک بین الاقوامی وفود سے ملاقاتیں کیں۔ ڈپٹی چیئرمین نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے اور دونوں ممالک نے ہر مشکل گھڑی میں ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاع، توانائی، انفراسٹرکچر، مواصلات، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون سے اس اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ چین-پاک اقتصادی راہداری (CPEC) نہ صرف دو طرفہ ترقی کا ضامن ہے بلکہ پورے خطے کے لیے اقتصادی انقلاب کا پیش خیمہ بھی ہے۔ دونوں ممالک کے مابین سرمایہ کاری، ادارہ جاتی تعاون، اور باہمی روابط کو مزید فروغ دے

کوئٹہ کے شہری ٹینکر مافیاز کے رحم و کرم پر ہے، عبدالکبیر شاکر

کوئٹہ (پ ر) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالکبیر شاکر نے کہا کہ کوئٹہ کے شہری ٹینکر مافیاز کے رحم وکرم پر ہے سخت گرمی میں بجلی کی نارواں لوڈشیڈنگ کیساتھ پینے کے پانی کی قلت اور ٹینکر مافیاز کی جانب سے چار سے پانچ ہزار ٹینکر نے کم آمدنی والوں کو پریشان کررہا ہے تاجر برادری اور انتظامیہ کی جانب سے پارکنگ مسئلہ کو افہام وتفہیم اور مذاکرات سے حل کیا جائے تاجر برادری سے مذاکرات کرکے عید تک کا وقت دیا جائے عید تک کاروبار کا سیزن ہوتا ہے میں کاروباری شاہراہوں پر پارکنگ ختم کرنے سے جہاں دکانداروں کا کاروبار متاثر ہورہا ہے وہی چھوٹے ٹھڑوں پر کام کرنے والے بھی متاثر ہوں گے۔ بڑے بڑے پلازہ والوں کو پارکنگ کو گوداموں میں تبدیل کرنے کا جرمانہ لیا جائے پلازوں میں پارکنگ نہیں جبکہ مین شاہراہوں سے پارکنگ کی سہولت ختم کرنا دانشمندی نہیں پہلے پارکنگ بنائی جائے پھر مین شاہراہوں سے پارکنگ ختم کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دفتر میں وفد سے ملاقات اور اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا

کوئٹہ پراجیکٹ سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، شاہ بنگلزئی

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن اور ہدایت پر معیاری کام جلد مکمل ہوگا، امان مینگل

کوئٹہ (پ ر) مزدا ترک یونین بلوچستان کے صدر شاہ بنگلزئی جنرل سیکرٹری امان مینگل بابل سرپرہ اور دیگر نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں کچھ ایسے عناصر ہیں جو اپنے مفادات اور انا کی وجہ سے اچھے کاموں پر تنقید کے ماہر ہیں ایسے عناصر کو کوئٹہ پروجیکٹ کی کامیابی بھی نظر نہیں آ رہی کیونکہ انہوں نے مفادات اور بغض کی عینک پہن رکھی ہے سریاب سے لیکر ایئرپورٹ روڈ تک پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن اور ہدایت سے معیاری کام کو تیزی سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں اور جہاں جہاں کام مکمل ہوا ہے وہ دیکھنے کے قابل ہے کشادہ سڑکیں اور سڑکوں کے بیچ لگے درخت سبزہ صرف سفر کو آسان بنا دیتے ہیں بلکہ ماحول میں خوبصورت سماں باندھ رہے ہیں کوئٹہ کے تاریخ میں ایسے پروجیکٹ پہلی دفعہ عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے شروع کیے گئے ہیں۔

این پی ایف ترقیاتی اسکیمات کو موثر بنایا جائے، ایم ڈی

منصوبہ جات کو پرکشش بنانے کیلئے موثر مارکیٹنگ اسٹریٹجی اپنائی جائے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی ہاؤسنگ، ویلفیئر اینڈ ایجوکیشن کے حوالے سے موثر اقدامات کی ہدایت۔ ہاؤسنگ پراجیکٹس سے متعلق جاری پراجیکٹس پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا، جبکہ این پی ایف کے ریئل اسٹیٹ منصوبہ جات کو سرمایہ کاری کے لیے مزید پرکشش بنانے اور موثر مارکیٹنگ اسٹریٹجی ترتیب دینے کیلئے افسران کو احکامات بھی جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق مینیجنگ ڈائریکٹر نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی نے ہاؤسنگ، ویلفیئر اینڈ ایجوکیشن کے حوالے سے اہم اجلاسوں کا انعقاد کیا اس موقع پر ڈائریکٹر ہاؤسنگ سید علی حسن، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس، ڈپٹی ڈائریکٹر ویلفیئر اینڈ ایجوکیشن اور این پی ایف اسٹاف موجود تھے ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن نے ہاؤسنگ پراجیکٹس سے متعلق جاری

آئین کی پابندی قانون کی پاسداری ناگزیر ہوچکی ہے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

ہماری بدقسمتی ہے کہ ملک میں 75 سال سے جمہوری روایات واقتدار قائم نہیں ہوسکے ہیں، مرکزی رہنما، جمعیت

یکساں انصاف معاشرتی برائیوں کے خاتمے پر اتفاق سیاسی اور جمہوری حکمرانی کے قیام حالات بہتر ہوں گے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان نے کہا ہے کہ اگرچہ پاکستان میں پارلیمانی طرز حکومت ہے جس کی عمارت حقیقی جمہوری اقدار پر قائم رہ سکتی ہے لیکن بدقسمتی ہے کہ 75 سال سے جمہوری روایات واقتدار قائم نہیں ہوسکے ہیں۔ جس کی تمام ذمہ داری سیاست دانوں پر عائد ہوتی نتیجتاً تمام جمہوری روایات پامال ہوں وہاں سیاست دان اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھوں یرغمال رہتے ہیں اس طویل غیر جمہوری دور میں معاشرہ تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے معاشرے میں قومی یکجہتی اور پاکستان بنانے کا حقیقی مقصد شکست وریخت سے دوچار ہورہا ہے قومی وحدت کی جگہ گروہی وسانی نفرت اور فرقہ ومسلک لیری ہے اس بنیاد پر قوم کیا انتشار پیدا ہورہا ہے جس کے نتائج بہت المناک ہوں گے۔ اس لیے اب بھی وقت ہے کہ سیاست دان حالات کی نزاکت کا اندازہ لگا کر اور چند بنیادی نقاط پر اتفاق کی دستاویز مرتب کریں۔ جن میں آئین کی پابندی و پاسداری قانون کا یکساں نفاذ معاشرتی برائیوں کے خاتمے پر اتفاق سیاسی اور جمہوری حکمرانی کے قیام پاکستان کی سالمیت اور ترقی پر مکمل ہم آہنگی ماورائے آئین وقانون تمام اقدامات کا خاتمہ عدلیہ کی مکمل آزادی اس اقدام سے ملک کا شیرازہ بکھرنے سے بچے گا

زیارت، ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

میرانی ڈیم سے نکالے گئے غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع

تربت (خ ن) کمشنر مکران اور ڈپٹی کمشنر کیچ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دشت، شے حق حیات کی نگرانی میں لیویز فورس نے میرانی ڈیم سے نکالے گئے غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے متعدد پائپ لائنز قبضے میں لے لیں۔ ...

ای پی آئی سینٹر حب میں انسداد پولیو مہم کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی

... اور ڈسٹرکٹ این اسٹاف افسر ڈاکٹر نذیر رونجھو و دیگر افسران موجود تھے ڈپٹی کمشنر حب کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلع حب میں 90825 بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کیلئے 326 موبائل ٹیمیں 23 فکس مراکز 18 ٹرانزٹ پوائنٹ 82 ایریا انچارج اور 22UCMO تشکیل دی گئی ہیں

زہریلے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

مجموعی طور پر تقریباً 150 ایکڑ اراضی پر کاشت کردہ مضر صحت سبزیاں ضائع کی جا چکی ہیں، بلوچستان فوڈ اتھارٹی

سیوریج واٹر سے اگنے والی سبزیوں میں خطرناک کیمیکل جیسے آرسینک، سلفر اور دیگر زہریلے مادے شامل ہوتے ہیں

مضر صحت سبزیوں کی کاشت اور ناقص خوراک کی تیاری اور فروخت کے خلاف اقدامات بلاتعطل جاری رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے سیوریج کے زہریلے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن تیسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری رہا۔ اتھارٹی کی کارروائیوں کے دوران سی پیک روڈ کوئٹہ کے گرد ونواح میں 60 ایکڑ سے زائد اراضی پر زیر کاشت اور تیار سبزیاں جن میں پالک، پیاز، پودینہ اور گوبھی شامل ہیں تلف کردی گئیں۔ گزشتہ تین روز سے جاری اس مہم کے دوران اب تک مجموعی طور پر تقریباً 150 ایکڑ اراضی پر کاشت کردہ مضر صحت سبزیاں ضائع کی جاچکی ہیں۔ کارروائیوں کا مقصد عوامی صحت کا تحفظ اور غیر قانونی کاشتکاری کی حوصلہ شکنی ہے۔ بی ایف اے کے ماہرین کے مطابق سیوریج واٹر سے اگنے والی سبزیوں میں خطرناک کیمیکل جیسے آرسینک، سلفر اور دیگر زہریلے مادے شامل ہوتے ہیں جو کہ انسانی صحت کے لیے نہایت نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں جبکہ ان سبزیوں کا مسلسل استعمال مختلف پیچیدہ بیماریوں کا سبب بن سکتا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی وقار خورشید عالم کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ گندے پانی سے سبزی اگانے والوں کو قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔ عوامی صحت کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے

والدین کم عمر بچوں کو پولیو قطرے ضرور پلائیں، اے ڈی سی گوادر

انسداد پولیو کی قومی مہم کا باقاعدہ آغاز بچوں کو پولیو قطرے پلا کر کیا گیا

اے ڈی سی نے ٹیچنگ اسپتال کا دورہ کر کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن کی خصوصی ہدایت پر انسداد پولیو کی قومی مہم (NID) کا باقاعدہ آغاز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور اور میونسپل کمیٹی گوادر کے چیئرمین ماجد جوہر نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے گئے، ساتھ ہی وٹامن اے کے قطرے بھی دیے گئے اور فنگر مارکنگ کے ذریعے مہم کی نشاندہی کی گئی۔ تقریب کے دوران ضلعی صحت افسر ڈاکٹر عبداللطیف دشتی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر حفیظ بلوچ، پی پی ایچ آئی کے ضلعی سپورٹ منیجر ڈاکٹر مرشد دشتی، کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر شے صغیر سمیت متعلقہ اداروں کے نمائندگان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز بھی موجود تھے

کوئٹہ، پینے کے پانی کی پائپ کو سیوریج لائین میں گزارا جارہا ہے، خلیل احمد

ریسانی روڈ پر ناقص ترقیاتی کاموں کا نوٹس لیکر کارروائی کی جائے، شہری

کوئٹہ (اے این این) پاکستان یوتھ اتحاد کے چیئرمین حافظ خلیل اللہ نے کہا ہے کہ ایک مہینہ قبل ریسانی روڈ پر ترقیاتی کاموں کی مد میں گندا پانی کیلئے نالی بنایا گیا تھا لیکن ایک مہینہ گزرتے کے بعد نالی کو توڑ پھوڑ کا شکار کردیا ہے اور اب گندے پانی کے نالے میں پینے کی صاف پانی کا پائپ نصب کیا جارہا ہے جو کہ ایک ناقابل برداشت عمل ہے گندے پانی کے نالے میں پینے کے صاف پانی کا پائپ نصب کرنے سے صاف پانی بھی ناکارہ بنادیا جارہا ہے اعلیٰ حکام نوٹس لیکر اس کے خلاف کارروائی کریں یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ایک مہینہ قبل ریسانی روڈ پر ترقیاتی کاموں کی مد میں گندے پانی کیلئے نالہ بنایا گیا تھا

GOVERNMENT OF PAKISTAN

ALLIED HEALTH PROFESSIONALS COUNCIL

Ex. PHRC Building, Opp. Radio Pakistan, Shahrah-e-Jamhuriat, Sector G-5/2, Islamabad. Ph: (051)9216775, 9217146, Ext. 20
Email: admnahpc@gmail.com, website: www. ahpc.org.pk

JOB OPPORTUNITIES

A Public Sector Organization requires the following positions on fixed pay purely on temporary basis on open merit.

Sr. No	Positions	Nos	Qualification	Experience	Age limit
1	Assistant Director (AHPs) in (i) Education Training (ii) Licensing & Exam (iii) Accreditation (iv) Registration & quality assurance (v) Research & Development (vi) Complaints & Anti-Quackery	06	BS in Allied Health Sciences	At least 03 years experience in relevant field	25-40
2.	1. Assistant Director (Admn/HR) 2. Assistant Director (Fin & Accounts) 3. Assistant Director (Information, communication, Technology	01 01 01	(i) Master Degree MBA,MPA or equivalent (ii) MBA(Fin) or M.Com or CA (Inter) (iii) BS(Computer Science)/IT/Software Engineering.	At least 03 years experience in relevant field	25-40
3.	Law Officer	01	BA, LLB	Practicing Lawyer of High Court registered with Bar-Council, having 03 years Experience in litigations	25-40
4.	Office Assistant (Legal)	01	BA,LLB	Preferable	25-40
5.	Accounts Assistant	01	B.Com/BBA	Preferable	25-40
6.	Office Assistant (Admn)	01	Graduate	Preferable	25-40
7.	INTERNEE (AHPs)	06	BS in Allied Health Science	Preferable	25-40
8.	IT Assistants	07	(i) BS in Computer/IT or equivalent (ii)Graduate with one year diploma in IT	03 years in relevant field (ii) 05 years Experience in relevant field	25-40
9.	Data Entry Operators	10	(i) ICS (ii) Intermediate with one year diploma in IT	(i) 05 years in relevant field (ii) 03 years Experience in relevant field	25-40
10.	System/Net Work Technician	03	Intermediate with one year diploma/Course/Certificate in relevant field	02 years in computer Hardware/computer/net work Trouble shooting	18-35
11.	Receptionist	01	Intermediate	Preferable	18-35
12.	Electrician/AC repair Mechanic	01	Matric	02 years in relevant field	
13.	Dispatch Rider	01	Matric	Preferable	18-35
14.	Driver	01	Matric with valid LTV, Driving License	05 years Experience (post license) Well-versed with traffic signals/laws	18-35
15.	Naib Qasid	3	Matric	Preferable	18-35
16.	Security Guard	3	Matric	Preferable	18-35

1. The Council has the right to cancel this recruitment process at any time after its advertisement.
2. No TA/DA is admissible on appearing for an interview/test
3. The interested candidates may apply on AHPC official website i.e. www.ahpc.org.pk . Only serial No.11-16 may send their applications through Courier to AHPC on the below mentioned address.
4. Wrongly submitted Applications received by-hand, before the date of advertisement or after the specific time will not be entertained.
5. The applications must be submitted by **15th June 2025.**

SECRETARY

ALLIED HEALTH PROFESSIONALS COUNCIL
Ex. PHRC Building, Opp. Radio Pakistan, Shahrah-e-Jamhuriat,
Sector G-5/2, Islamabad. Ph: (051)9216775, 9217146, Ext. 20
Website: www. ahpc.org.pk

PID(I)8191/24

درخواستیں مطلوب ہیں

محکمہ صحت ضلع زیارت میں ویکسینیٹر کی خالی آسامیوں پر خالصتاً عارضی (کنٹریکٹ) بنیاد پر تقرری کیلئے ضلع زیارت کے لوکل / ڈومیسائل اور مطلوبہ تعلیمی قابلیت کے حامل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 14 جون 2025ء ہے اور درخواستیں دفتری اوقات کار میں ضلعی ہائم صحت زیارت کے دفتر میں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔

سیریل نمبر	نام آسامی	تعداد آسامی	مقام اور یونین کونسل	تعلیمی قابلیت اور اہلیت
1	ویکسینیٹر BPS- 05	12	چوتیری۔۔01 سنجاوی۔۔01 یوٹی۔۔01 رگوزہ۔۔02 کاڑہ۔۔01 احمدون۔۔02 بغاؤ۔۔02 کیس بندی۔۔01 منہ۔۔01	میٹرک سائنس اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ رکھتا ہو

شرائط وضوابط:۔ (1) یہ آسامیاں خالصتاً عارضی (کنٹریکٹ) بنیاد پر ہوگی جن کے مستقل ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ (2) صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور متعلقہ یونین کونسل سے تعلق رکھنے والے مرد اور خواتین امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (3) عمر کی حد 18 سے 43 سال ہوگی۔ (4) درخواست فارم کے ساتھ تمام تصدیق شدہ کاغذات کی کاپیاں بمعہ 2 عدد تصاویر اور شناختی کارڈ کی کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔ (5) نامکمل درخواستیں قابل قبول نہیں ہونگی۔ (6) مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کیا جائے گا۔ (7) تمام آسامیاں واک ان انٹرویو کے ذریعے پر کیے جائینگے۔ (8) امیدواروں کا انٹرویو کیلئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے روبرو ہاجے اصل شناختی کارڈ اور دستاویزات کے ساتھ پیش ہونا لازمی ہے۔ (9) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا۔ (10) معذور، خواتین، اور اقلیت کا کوٹہ حکومت بلوچستان کے مروجہ قوانین کے تحت ہوگا (11) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی مشتہر شدہ آسامیوں میں کمی وبیشی کا اختیار رکھتی ہے (12) کسی بھی مرحلے میں کسی امیدوار کی دستاویزات جعلی پائے گئے تو ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی (13) تمام آسامیاں عارضی ہیں لہذا ان آسامیوں پر بھرتی ہونے والے امیدوار بعد میں مستقل بھرتی کا دعویٰ نہیں کرسکیں گے اور نہ ہی کسی عدالت میں درخواست دائر کرسکیں گے۔ (14) واک ان انٹرویو کی اطلاع بذریعہ اشتہار جائے گا۔ نوٹ: اشتہار نمبر PRQ No1581/22-10-2024 کے ذریعے (ویکسینیٹر) کے مشتہر شدہ آسامیاں منسوخ سمجھا جائے۔

ڈپٹی کمشنر / چیئرمین ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی زیارت

PRQ No 4620/26-05-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔ پرنٹروپبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپواکر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 27 مئی 2025ء

معاشی پالیسیوں کی کامیابی: عام آدمی کی ریلیف کے لئے مزید اقدامات کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے نامساعد حالات کے باوجود احسن اقدامات کا جو سلسلہ شروع کیا اس کے اس کے نتیجے میں گزشتہ ایک سال کے دوران نمایاں بہتری اور تبدیلی آئی ہے ایک خبر کے مطابق پاکستان کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر میں رواں مالی سال کے دوران ڈھائی ارب ڈالر سے زائد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے جو اچھی اور غیر معمولی پیشرفت ہے ادھر وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے جاری اقدامات کا سلسلہ برقرار رکھنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے گا اور اگلے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو بھی ریلیف دی جائے گی زرمبادلہ سے متعلق سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعدادوشمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے اختتام پر زرمبادلہ کے ملکی ذخائر کا حجم 13.997 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا اور 16 مئی کو ختم ہونے والے ہفتہ میں زرمبادلہ کے ملکی ذخائر کا حجم 16.649 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جاری مالی سال کے آغاز سے لیکر اب تک سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں مجموعی طور پر 2.057 ارب ڈالر اور بینکوں کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 595 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے جو یقیناً بڑی پیشرفت ہے وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جاری معاشی اقدامات پر بات کی ہے اور آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کے لئے ریلیف کا اشارہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت پوری دنیا پاکستان کی معاشی بہتری کا اعتراف کر رہی ہے اور معاشی بہتری کی رفتار پر حیران ہے، شرح سود میں نمایاں کمی کے معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ایف بی آر میں انسانی مداخلت کم ہونے سے شفافیت آئے گی، ٹیکس نظام اور دیگر شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ امر واقعی یہ ہے کہ موجودہ حکومت ورثے میں ملے مالی اور انتظامی نوعیت کے مسائل سے احسن طریقے سے نمٹی ہے اور گزشتہ ایک سال کے دوران معاشی منظرنامے پر مثبت تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ایک غیر معمولی پیش رفت ہے، جو کہ حکومتی معاشی پالیسیوں کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ اضافہ صرف ایک عددی کامیابی نہیں بلکہ یہ ملک کی بڑھتی ہوئی معاشی مضبوطی اور عالمی اعتماد کا عکاس ہے جبکہ وزیر خزانہ کا یہ بیان کہ پاکستان کی معاشی بہتری کا پوری دنیا اعتراف کر رہی ہے، اس بات کو مزید تقویت بخشتا ہے کہ حکومت کی معاشی سمت درست ہے رواں مالی سال کے دوران زرمبادلہ کے ذخائر میں یہ غیر معمولی اضافہ کئی عوامل کا نتیجہ ہے، جن میں حکومتی معاشی اصلاحات، بیرونی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی کوششیں، اور برآمدات میں اضافہ شامل ہیں۔ یہ اضافہ اس بات کی علامت ہے کہ پاکستان بیرونی ادائیگیوں کے توازن کو بہتر بنانے میں کامیاب رہا ہے، جو کہ معاشی استحکام کے لئے ایک بنیادی شرط ہے۔ مستحکم زرمبادلہ کے ذخائر نہ صرف درآمدات کے لئے ضروری ہیں بلکہ یہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بھی بڑھاتے ہیں، کیونکہ یہ ملک کی قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت اور معاشی جھٹکوں کو برداشت کرنے کی اہلیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ، یہ اضافہ روپے کی قدر کو مستحکم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہو سکتا ہے، جس سے درآمدی مہنگائی میں کمی اور عام آدمی کے لئے اشیائے ضروریہ کی دستیابی میں بہتری آسکتی ہے معاشی پالیسیوں کا تسلسل پائیدار ترقی کے لئے ناگزیر ہے۔ ماضی میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ پالیسیوں میں تبدیلیوں کی وجہ سے معاشی استحکام متاثر ہوتا رہا ہے۔ موجودہ حکومت کا یہ عزم کہ اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے گا، سرمایہ کاروں کو طویل مدتی منصوبے بنانے کی ترغیب دے گا، جو کہ ملک میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ ان اصلاحات میں ٹیکس بیس کو وسیع کرنا، نجکاری، اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات شامل ہو سکتی ہیں، جو کہ ملکی وسائل کو زیادہ مؤثر طریقے سے استعمال کرنے اور حکومتی مالیاتی خسارے کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی اس کے علاوہ، وزیر خزانہ نے اگلے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دینے کا عندیہ دیا ہے، جو کہ ایک خوش آئند خبر ہے۔ معاشی بہتری کا حقیقی فائدہ عام آدمی تک پہنچنا چاہئے۔ مہنگائی کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے پیش نظر، تنخواہ دار طبقہ اور نچلے آمدنی والے افراد شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے میں، حکومت کی جانب سے ریلیف فراہم کرنا نہ صرف ان کی قوت خرید کو بحال کرے گا بلکہ معیشت میں طلب کو بھی بڑھا دے گا، جو کہ ترقی کے لئے ضروری ہے۔ یہ ریلیف تنخواہوں میں اضافے، ٹیکس میں کمی، یا سبسڈی کی شکل میں ہو سکتی ہے۔ یہ اقدامات عام آدمی کی زندگی کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ سماجی انصاف کی فراہمی میں بھی مددگار ثابت ہوں گے یہ بات ماننی چاہئے کہ پچھلے ایک سال کے دوران اس موجودہ حکومت نے مالیاتی نظم وضبط کو یقینی بنانے کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھائے حکومتی اخراجات میں کمی اور آمدنی میں اضافے کے لئے ٹیکس اصلاحات پر توجہ دی گئی مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لئے پالیسی ریٹ کا مؤثر استعمال کیا گیا اگرچہ بلند شرح سود نے قلیل مدت میں کاروبار کو متاثر کیا ہے، لیکن طویل مدت میں اس سے افراط زر کو کنٹرول کرنے میں مدد ملی ہے، جس نے معاشی استحکام کی راہ ہموار کی ہے اسی طرح برآمدات بڑھانے، سرمایہ کاری کی رغبت، ڈیجیٹائزیشن، توانائی اور دیگر شعبوں میں اصلاح احوال کی کوششیں اور کوششیں نتیجہ خیز ثابت ہوئی ہیں تاہم آگے چل کر، معیشت کی بحالی اور استحکام کو برقرار رکھنے کے لئے چند اضافی اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ ان میں سب سے اہم ٹیکس بیس کو مزید وسیع کرنا ہے۔ پاکستان میں ٹیکس وصولی کا تناسب اب بھی بہت کم ہے، اور بہت سے شعبے ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں۔ ٹیکس بیس کو وسیع کرنے سے حکومتی آمدنی میں اضافہ ہوگا، جس سے عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں پر زیادہ خرچ کیا جا سکے گا۔ اس کے علاوہ، سرکاری اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانا اور ان میں خسارے کو کم کرنا بھی ضروری ہے۔ ان اداروں کی اصلاحات سے نہ صرف مالیاتی بوجھ کم ہوگا بلکہ وہ زیادہ مؤثر طریقے سے عوامی خدمات فراہم کر سکیں گے۔ مجموعی طور پر، پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ، عالمی سطح پر معاشی بہتری کا اعتراف، اور وزیر خزانہ کا اصلاحات کو جاری رکھنے کا عزم اس بات کی واضح علامت ہے کہ ملک ایک روشن مستقبل کی طرح بڑھ رہا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عام آدمی کی ریلیف اور سہولیات کے لئے خاطر خواہ اقدامات کئے جائیں گے، تاکہ معاشی ترقی کا ثمر معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ سکے۔

''امن پسند'' ڈونلڈ ٹرمپ اسرائیل پر جارحیت روکنے میں ناکام کیوں؟

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشرق وسطیٰ کے حالیہ سہ ملکی دورے کے دوران بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹس میں بتایا گیا کہ انہوں نے اسرائیل کو دورے سے الگ یا مشرق وسطیٰ میں کیے گئے اپنے فیصلوں میں دیوار سے لگایا۔ اور ایسا کرنے کی ان کے پاس معقول وجہ تھی۔ ٹرمپ نے جو اقدامات کیے، انہوں نے یقینی طور پر اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کو پریشان کیا۔ واشنگٹن نے شام پر سے پابندیاں اٹھائیں اور ٹرمپ نے ریاض میں شامی صدر احمد الشراع سے ملاقات بھی کی جس موقع پر انہوں نے ایک ایسے شخص کی تعریف کی جس کے سر پر امریکا نے انعام رکھا تھا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ترکیے کے صدر رجب طیب اردوان کی بھی تعریف کی جو کہ اسرائیل کے ایک اور مخالف ہیں۔ انہی کے مشورے پر امریکی صدر نے شام پر سے پابندی اٹھائیں۔ دوسری جانب نیتن یاہو نے ٹرمپ پر زور دیا تھا کہ وہ پابندیاں ختم نہ کریں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے یمن میں حوثیوں کے ساتھ جنگ بندی بھی کی جس کے ساتھ ہی دونوں فریقین نے ایک دوسرے کے خلاف فوجی حملے روکنے پر اتفاق کیا۔ اس معاملے میں بھی اسرائیل کو نظر انداز کیا گیا۔ ٹرمپ نے امریکا اور حماس کے درمیان براہ راست مذاکرات کے نتیجے میں غزہ میں آخری امریکی یرغمالی کی رہائی کو بھی یقینی بنایا۔ لیکن تل ابیب کو سب سے زیادہ جس امر نے پریشان کیا وہ ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران سے براہ راست جوہری مذاکرات کرنا ہے جس کی اسرائیل سختی سے مخالفت کرتا رہا ہے۔

یہ رپورٹس سامنے آ رہی ہیں کہ امریکا کو نئی انٹیلی جنس اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ اسرائیل ایران کی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کے لیے فوجی کارروائی کی تیاری کر رہا ہے۔ اگر اسرائیل نتائج کی پروا کیے بغیر ایسا کرتا ہے تو ڈونلڈ ٹرمپ کی سفارتی کوششوں اور نیتن یاہو کے واشنگٹن کے ساتھ تعلقات کو نقصان پہنچے گا بالخصوص اب کہ جب حال ہی میں ٹرمپ نے ٹیلی فونک گفتگو میں نیتن یاہو سے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ فنانشل ٹائمز کے لیے لکھتے ہوئے کم گٹاس کہتی ہیں کہ مشرق وسطیٰ میں ڈونلڈ ٹرمپ کے اقدامات 'اسرائیل کو حیرت میں مبتلا کر رہے ہیں کہ وہ اسے معاہدوں سے الگ کر رہے ہیں'۔ انہوں نے نوٹ



کیا کہ نیتن یاہو کے ساتھ ٹرمپ کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے لیکن 'اسرائیل اور امریکا کے درمیان دہائیوں پرانا اتحاد قائم رہے گا'۔ دیگر مبصرین نے اسرائیلی وزیراعظم کو ٹرمپ کے دورے کے دوران محض ایک 'تماشائی' کے طور پر دیکھا کیونکہ امریکی صدر اسرائیل کے دشمنوں کے قریب ہو گئے ہیں۔ اس سب کے باوجود ڈونلڈ ٹرمپ اسرائیل کو غزہ میں نسل کشی سے روکنے میں ناکام ہیں یا وہ اسے روکنے کے لیے تیار نہیں ہیں حالانکہ وہ طویل عرصے سے تنازع کے خاتمے کی خواہش رکھتے ہیں۔ اگرچہ وائٹ ہاؤس نے خبردار کیا تھا کہ بنیامین نیتن یاہو اگر جنگ جاری رکھتے ہیں تو اس میں تنہا ہوں گے۔ اسرائیل نے غزہ میں اپنی وحشیانہ کارروائیوں کو وسعت دی ہے اور انسانی امداد کی بندش کو جاری رکھا ہے۔

روزانہ فضائی حملوں میں فلسطینیوں کو شہید کیا جا رہا ہے جبکہ نیتن یاہو نے 'حماس کو ہمیشہ کے لیے تباہ' کرنے کے لیے پورے غزہ پر کنٹرول حاصل کرنے کی دھمکی دی ہے۔ اسرائیل کے آپریشن 'گیڈیون چیرٹس' (Gideon's Chariots) کو انجام دینے کے لیے جنوبی اور شمالی غزہ میں اضافی فوجی دستے تعینات کیے گئے ہیں جن کا مقصد فلسطینیوں کو غزہ سے بے دخل کرنا ہے۔ لاکھوں فلسطینیوں کو ایک بار پھر ان کی چھتوں سے جبراً محروم کیا جا رہا ہے۔ فلسطینیوں کی بے دخلی ہمیشہ سے بنیامین نیتن یاہو کا مقصد رہا ہے۔ اس سب نے تباہ کن صورت حال کو جنم دیا ہے جبکہ انسانی بحران کو سنگین تر بنا دیا ہے جس کی وجہ سے لاکھوں فلسطینی فاقہ کشی پر مجبور ہیں۔ اسرائیلی جارحیت اور انسانی امداد کی ناکہ بندی نے بین الاقوامی سطح پر اضطراب پیدا کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اس سنگین صورت حال کو 'ناقابل بیان، ظالمانہ اور غیر انسانی' قرار دیا ہے۔ امدادی بندش ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا، غزہ کی 'پوری آبادی کو قحط کے خطرے کا سامنا ہے'۔

حتیٰ کہ اسرائیل کے قریبی مغربی اتحادیوں نے بھی تل ابیب کے خلاف آواز اٹھائی ہیں۔ مشترکہ بیان میں فرانس، برطانیہ اور کینیڈا نے غزہ اور مغربی کنارے میں اسرائیل کی عسکری جارحیت کی مذمت کی اور دھمکی دی کہ اگر اسرائیل نے کارروائیاں اور امدادی پابندیاں ختم نہیں کیں تو اس کے خلاف 'ٹھوس اقدامات' کیے جائیں گے جن میں پابندیاں لگائے جانے کا امکان بھی شامل ہے۔ یورپی یونین نے اعلان کیا کہ وہ اسرائیل کے ساتھ اپنے تجارتی تعلقات پر نظرثانی کرے گا جبکہ اسپین جیسے ممالک نے عالمی برادری سے پابندیوں سمیت سخت اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ 23 ممالک نے ایک مشترکہ بیان جاری کیا جس میں اسرائیل سے غزہ میں امدادی سامان کے داخلے کی اجازت دینے کا مطالبہ کیا گیا اور متنبہ کیا گیا کہ لوگوں کو 'فاقہ کشی' کا سامنا ہے۔

بڑھتے ہوئے دباؤ کی وجہ سے اسرائیل نے غزہ میں کچھ امدادی سامان کی ترسیل کی اجازت دی لیکن عالمی برادری نے اس اقدام کو ناکافی قرار دیا۔

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے ردعمل میں کہا، 'یہ اشتعال انگیز اور اخلاقی طور پر قابل مذمت ہے کہ نسل کشی کے دوران، بھوک اور ظلم کے تقریباً 80 دنوں کے بعد دنیا نے مکمل محاصرے کو تھوڑا سا نرم کرنے کے لیے اسرائیل پر دباؤ ڈالا جس نے خوراک، ادویات، ایندھن اور دیگر تمام اشیا کے داخلے کو مکمل بند کیا ہوا ہے'۔ دوسری جانب دوحہ میں حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی معاہدے کی تجدید کی کوششیں کسی نتیجہ خیز سمت کی جانب جاتی نظر نہیں آ رہیں۔ حالانکہ ٹرمپ انتظامیہ پیش رفت نہ ہونے پر اضطراب کا شکار ہے لیکن پھر بھی وہ اسرائیل کو امن پر آمادہ کرنے میں ناکام ہے۔ شاید یہی ایک وجہ ہے کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے رواں ماہ اسرائیل کا دورہ نہ کرنے کا فیصلہ لیا۔ اگرچہ اسرائیلی جارحیت کے باوجود بھی بات چیت جاری رہی لیکن نیتن یاہو نے معاہدے میں بہت کم دلچسپی دکھائی۔ انہوں نے مارچ میں یک طرفہ طور پر جنگ بندی معاہدے کو توڑا اور بار بار اعلان کیا کہ وہ تب تک جنگ ختم نہیں کریں گے کہ جب تک انہیں حماس کے خلاف 'مکمل فتح' حاصل نہیں ہو جاتی۔ ان حملوں میں غزہ نے زیادہ خونریزی، نقل مکانی اور تباہی کا سامنا کیا۔ غزہ تک امداد پہنچانے کا امریکی حمایت یافتہ اسرائیلی منصوبہ بہت متنازع ہے۔ اس میں چند اہم امدادی مراکز کا قیام شامل ہے جہاں لوگوں کو مدد حاصل کرنے کے لیے طویل فاصلہ طے کرنا پڑے گا۔ ان مراکز کی حفاظت فوجی اور نجی مسلح سیکیورٹی فورسز کریں گی۔

سوئٹزرلینڈ کی ایک کمپنی غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن، ان مراکز کا انتظام سنبھالے گی۔ اقوام متحدہ نے اس منصوبے کو مزید نقل مکانی کی ایک حکمت عملی قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے کیونکہ یہ ایک جنگی جرم ہے۔ اقوام متحدہ کے اعلیٰ امدادی اہلکار نے یہ بھی کہا کہ اس منصوبے میں لوگوں پر دباؤ ڈالنے کے لیے فاقہ کشی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کے اداروں نے اس منصوبے کا حصہ بننے سے انکار کر دیا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے امداد کی بندش کو عسکریت پسندی قرار دے کر اس کی مذمت کی ہے۔ اسرائیل کی جانب سے پورے غزہ پر مستقل طور پر قبضہ کرنے کے لیے فوجی مہم شروع کرنے کے بعد، انتہائی دائیں بازو کے اسرائیلی وزیر خزانہ بیزالیل اسموترچ نے ایک نیوز کانفرنس میں بتایا کہ ان کا مقصد 'غزہ کی پٹی میں موجود ہر چیز کو تباہ کرنا ہے' اور آبادی کو 'جنگی علاقوں' سے باہر دھکیلنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا، 'آبادی پٹی کے جنوب میں پہنچ جائے گی'

خفیہ انقلاب

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' کسی ایسے انقلاب کی بات نہیں ہو رہی جس سے بڑے ایوانوں کے در و دیوار ہل جائیں۔ جو کچھ دیکھ رہے ہیں' سن رہے ہیں اور جن باتوں کا سیاست کے کھیل کو کم و بیش نصف صدی تک دیکھ کر ایک سا اور اک ہوا ہے وہ یہ ہے کہ اس گرمی میں خوشی اختیار کرنا ہی بہتر ہے۔ ہمارے نزدیک خوشی بھی ایک طرح کا اظہار ہی ہے۔ مزاحمت اس طرح بھی ہوتی ہے۔ وہ جو ایک اعلیٰ فرمان ہے کہ کچھ کرنے کی ہمت نہیں تو دل ہی میں ملال پیدا کر لو۔ ایک عرصے سے' شاید ہماری عمر کا بہت بڑا حصہ ایسی ہی صورت حال میں گزرا ہے۔ اب خوف کی ایسی فضا ہے کہ کسی پبلک فورم پر کھل کر بات کرنے کی روایت دم توڑتی جا رہی ہے۔ جو کچھ کہنے کے لیے اپنے آپ کو آزاد



محسوس کرتے ہیں' اور جو کچھ کہہ اور لکھ رہے ہیں' ہمیں تو یقین نہیں آتا۔ جھوٹ اور سچ کے پردے بوسیدہ ہو کر زمین بوس ہو چکے ہیں۔ ان کے درمیان حد فاصل ختم ہے۔ کہیں سے کوئی گفتگو اور کسی سیمینار میں شرکت کی دعوت ملتی ہے تو کئی بہانے تراش رکھے ہیں' اور اس سے بہتر کوئی کارگر نہیں کہ طبیعت خراب ہے۔ یہ بات صرف حکومتی اداروں کے حوالے سے ہی نہیں ہمارے معاشرے کا مجموعی مزاج انتہا پسندی کی طرف مائل ہے۔ مذہبی جنونیوں سے لے کر قوم پرستوں کے لشکروں تک سب نے تلواریں سان پر چڑھا رکھی ہیں۔ سرکاری جامعات کے دو واقعات ایسے کہ ان کی طرف جانے کو جی گھبراتا ہے۔ ایک میں تو ایک نوجوان کو اپنے ہی ادارے کے دیگر نوجوانوں نے سرعام تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا۔ اب تو یہ چلن عام ہے کہ لوگ ہجوم کی صورت اکٹھے ہو کر الزام لگائیں' اور خود ہی عدالت لگا کر فوراً قتل کر ڈالیں۔ دوسرے واقعے میں قتل تو نہیں' کیا' الزام لگایا اور اسے سزائے موت عدالت نے سنائی مگر برسوں سے عدالت عالیہ اس کی اپیل سننے کے لیے پیشی پر پیشی ڈالتی رہتی ہے۔ ظلم کی انتہا دیکھیں کہ اس مقدمے کا پہلا اور مشہور وکیل بھی قتل ہو چکا ہے۔

دوستو' عزیزو اور مہربانو! یہاں تک ایک طویل مسافت طے کر کے پہنچے ہیں۔ آپ کی یاد دہانی کے لیے' معاشرے نیچے سے نہیں' اوپر سے' جن کے پاس طاقت ہوتی ہے' ان کے کارناموں کی وجہ سے بگڑتے ہیں۔ ہمارے ایک پرانے ساتھی اور نامور ماہر سیاسیات پروفیسر سعید شفقت صاحب بھی کمال کے آدمی ہیں۔ ادارہ ساز شخصیت اور حقیقی معنوں میں نہ صرف ممتاز دانشور بلکہ علم کے میدان میں ایک تابندہ ستارہ ہیں۔ جب ہمیں "موجیو" کا لقب دے کر کسی کانفرنس میں شرکت یا کسی لیکچر کی دعوت دیتے ہیں تو ہم اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں۔ حکم تھا کہ دو روزہ کانفرنس کی پہلی نشست میں بیتے دنوں کے سیاسی سفر کے بارے میں اظہار خیال کرنا ہے۔ اس قدیم دانش گاہ میں اس خطرے والی کوئی بات نہیں جو ہم سرکاری جامعات میں جاتے ہوئے محسوس کرتے ہیں۔ اس کا اندازہ شاید اس بات سے ہو جائے کہ چند دن پہلے اسلام آباد کی ایک جامعہ میں فون کیا تو جواب ملا کہ طلبا نے ہڑتال کر رکھی ہے اور جامعہ بند ہے۔ آخر کیوں؟ طلبا ایک دیوار بنانا چاہتے تھے اور سربراہ نے اس کی اجازت نہیں دی۔ اس کے برعکس لاہور کی اس جامعہ میں رات گزارنے کے بعد صبح سویرے کانفرنس ہال میں داخل ہوا تو جستجو' تجسس' سوال اور علمی تشنگی کے ساتھ خلوص' محبت اور عزت و احترام وہی پایا جو ہمارے علمی اور ادبی حلقوں کی ایک مضبوط روایت رہی ہے۔ یہاں سیاسی سفر کے بارے میں کچھ کہنے کو ہمت تو کی مگر انگریزی زبان میں لپیٹ کر اور مبہم انداز میں' اشاروں کنایوں سے دل کی باتیں کر ہی ڈالیں۔ سعید بھی یہی چاہتے تھے کہ ہم نئی نسل کو وہ باتیں بتا دیں جن کو سننے کے لیے نہ ماحول ہے اور نہ سنانے والے خاص طور پر اس وقت جب گردش ایام کی اڑائی ہوئی گرد گہری ہوتی جا رہی ہے۔

بات یہی کرنی تھی کہ ہم کہاں سے چلے اور کن منزلوں سے گزرے' کہاں کہاں گرے اور اب کہاں کھڑے ہیں' اور پہاڑ سے آگے آپ کو کیا نظر آ رہا ہے۔ موضوع تو یہی تھا۔ کچھ اپنا تجربہ کہ کیا دیکھا اور اب کیا دیکھ رہے ہیں' سے بھی تجزیے اور تبصرے کی نمت کاری کی۔ اب یہاں صرف دو باتیں کرنا چاہتا ہوں کہ زیادہ کچھ کہنے اور لکھنے کا ابھی وقت نہیں آیا' اور جو تھا وہ ہم بہت پیچھے چھوڑ آئے ہیں۔ یقین جانیں' پچاس سال قبل جس جرات اور کھلے پن سے لکھتا اور بولتا تھا' اب ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ وہ ملک نہیں' یا کچھ لکھاریوں کا عبرت ناک انجام دیکھ کر عبرت حاصل کر لی ہے۔ نوجوانوں کو یہ بتانے میں کوئی عار نہیں کہ ہم خوش قسمت تھے کہ آزادی میں آنکھ کھولی۔ وہ وقت جب ہم کالج میں داخل ہوئے اور جامعہ پنجاب میں آئے وہ امیدوں اور خوابوں کا زمانہ تھا۔ دنیا بھر کے نوجوان امریکہ سے لے کر یورپ تک حکمران طبقات' غالب افکار اور نظام کے خلاف سنجیدہ سوال اٹھا رہے تھے۔ ہم انقلاب کے نعرے لگاتے اور صبح اٹھتے ہی ایک نئے روشن سویرے کے طلوع ہونے کے انتظار میں رہتے۔ مختلف نظریات پر بحث کامیاب انقلابوں کی تاریخ کی ورق گردانی اور انقلابوں کی حکمت عملی پر محفلیں سجتیں۔ اس زمانے کے ادب اور فکری دھاروں کا تنقیدی جائزہ لیا جاتا۔ اپنے ملک میں جمہوریت' عوامی راج اور آزادیوں کی جدوجہد میں اپنے خوابوں کی تعبیر نظر آتی۔

افغان طالبان کا امتحان

پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کی دو بڑی وجوہات ہیں۔ پاکستان کو اپنی مغربی سرحد پر افغانستان کی سرزمین سے سکیورٹی خدشات اور دراندازی کا مسلسل سامنا رہتا ہے۔ یہ صورتحال پاکستان کو اپنی سلامتی یقینی بنانے کیلئے سرحدی کراسنگ پوائنٹس کی بندش جیسے سخت اقدامات اٹھانے پر مجبور کرتی ہے جبکہ افغانستان کو ان سرحدی کراسنگ پوائنٹس کی بندش سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ وہ اپنی غذائی ضروریات سمیت دیگر تجارتی سرگرمیوں کیلئے کافی حد تک پاکستان پر انحصار کرتا ہے۔ جب راستے بند ہوتے ہیں تو افغانستان میں اشیائے ضروریہ کی قلت پیدا ہوتی ہے اور اس کی معیشت بھی متاثر ہوتی ہے جس سے دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد کی فضا خراب ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا دائرہ ہے جہاں ایک ملک کے خدشات دوسرے کی مشکلات کا باعث بنتے ہیں۔ بسا اوقات معمولی واقعہ کشیدگی کا سبب بنتا ہے اور یہ سلسلہ کئی ماہ تک جاری رہتا ہے۔ دیکھا جائے تو دونوں ملکوں کو ایک دوسرے سے تحفظات ہیں مگر ان کی نوعیت مختلف ہے۔ چین نے پاکستان اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کو بیجنگ بلا کر ان تحفظات کو دور کرنے کی کوشش کی۔ بیجنگ میں ہونے والی سہ فریقی وزرائے خارجہ ملاقات میں چین نے دونوں ملکوں پر زور دیا کہ وہ اچھے پڑوسیوں کی طرح رہیں' دوطرفہ ملاقاتیں کریں' ایک دوسرے کیلئے بازو کھولیں اور دراندازی کا سلسلہ ختم کریں۔ عالمی سطح کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے تناظر میں چین نے مشترکہ ترقی کے فلسفے کو فروغ دیا جس پر افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی نے بھی آمادگی ظاہر کی۔ اس ملاقات کا سب سے اہم نتیجہ افغانستان کی سی پیک میں شمولیت پر اتفاق رائے تھا جو خطے کی ترقی کیلئے ایک گیم چینجر ثابت ہو سکتا ہے۔ سی پیک میں افغانستان کی شمولیت کے بعد ایم ایل ون ریلوے لائن' کاسا 1000 اور تاپی گیس پائپ لائن جیسے اہم منصوبوں پر کام میں



تیزی آنے کی امید ہے۔ یہ منصوبے نہ صرف پاکستان اور افغانستان بلکہ پورے خطے کو اقتصادی ترقی کے نئے مواقع فراہم کریں گے اور باہمی انحصار کو فروغ دیں گے۔ چین کی ضمانت پر افغانستان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی ترقی کے مشترکہ فلسفے کو مان گئے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ امیر خان متقی جس ذہن کے ساتھ بیجنگ میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کر کے واپس آئے ہیں کیا افغان قیادت بالخصوص قندھاری گروپ کو بھی اس پر قائل کر سکیں گے؟ کیونکہ افغانستان کے داخلی حالات بدستور پیچیدہ ہیں۔ قندھاری گروپ کا اپنا طرز فکر ہے اور سراج الدین حقانی' جو کچھ عرصے سے حکومتی معاملات سے تقریباً لاتعلق تھے اب دوبارہ متحرک ہوئے ہیں اور دوست ممالک کے تعاون سے انہیں حکومت میں حصہ ملا ہے۔ افغانستان کے اندرونی معاملات میں سعودی عرب' قطر اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان اندرونی دھڑوں کو چین میں طے پانے والے سمجھوتوں پر قائل کرنا افغان قیادت کیلئے ایک بڑا چیلنج ہو سکتا ہے۔ امیر خان متقی جس ذہن کے ساتھ بیجنگ سے واپس آئے ہیں ان کیلئے قندھاری گروپ کو اس پر قائل کرنا کسی امتحان سے کم نہیں ہوگا۔

یہ ایک مثبت اشارہ ہے کہ افغانستان کی قیادت اب ماضی کے برعکس سفارت کاری کے ذریعے معاملات کو آگے بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ چین میں یہ بھی طے ہوا کہ پاکستان اور افغانستان مستقل بنیادوں پر ملاقاتیں کریں گے۔ اگلی ملاقات کابل میں ہونا طے پائی ہے جس کا بندوبست اور سکیورٹی انتظامات سمیت سازگار ماحول فراہم کرنا افغان طالبان کی ذمہ داری ہے۔ اس سے امید کی جا سکتی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان جو کشیدگی گزشتہ عرصے میں پیدا ہو چکی تھی وہ ختم ہو گی اور اعتماد کی فضا قائم ہو گی۔ ہم نے انہی سطور میں پہلے بھی لکھا تھا کہ پاکستان اور افغانستان جغرافیائی سرحدوں سے کہیں بڑھ کر مذہب اور ثقافت کے لازوال رشتوں میں بندھے فطری اتحادی ہیں۔ ہماری مشترکہ مذہبی اور ثقافتی اقدار تقاضا کرتی ہیں کہ ہم مشترکہ ترقی کے سفر میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں۔ یہی وقت ہے کہ افغان قیادت اس حقیقت کا ادراک کرے کہ افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی کسی بھی دراندازی کا اصل فائدہ کس کو پہنچتا ہے۔ انہیں یہ بات بخوبی سمجھ لینی چاہیے کہ ان کی سرزمین کو بھارتی ایجنڈے کو پروان چڑھانے کیلئے استعمال کرنا اب آسان نہیں رہا۔ ایسا کرنے کی صورت میں نہ صرف پاکستان کے ساتھ تعلقات بری طرح متاثر ہوں گے بلکہ اس کے منفی اثرات چین اور افغانستان کے تعلقات پر بھی پڑیں گے۔ یقیناً افغانستان کبھی نہیں چاہے گا کہ وہ کسی ایسے ایجنڈے کا حصہ بنے جس سے چین ناراض ہوتا ہو۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ افغان قیادت نے اب کسی بیرونی قوت کو کندھا فراہم کرنے کے بجائے اپنے ملک اور عوام کی ترقی کو سامنے رکھتے ہوئے سی پیک میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ایک دوراندیشانہ قدم ہے جو خطے کی خوشحالی کیلئے نئی راہیں کھولے گا۔ شاید انہیں اندازہ ہو گیا ہے کہ ملک کو پائیدار ترقی اور خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کرنے کیلئے محض وقتی بین الاقوامی امداد کافی نہیں۔ اس محدود امداد پر انحصار افغانستان کو محض ایک "امدادی معیشت" تک محدود رکھتا ہے جو طویل مدتی خودمختاری اور استحکام کی ضمانت نہیں دے سکتی۔ اس کے برعکس سی پیک طرز کے بڑے اور جامع ترقیاتی منصوبوں میں شمولیت پائیدار حل ہے۔ یہ میگا پروجیکٹس افغانستان کو نہ صرف علاقائی تجارتی راہداریوں سے منسلک کریں گے بلکہ بین الاقوامی سرمایہ کاری کے نئے دروازے بھی کھولیں گے۔ تاہم افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی نے بیجنگ میں جس آمادگی کا اظہار کیا ہے اسے عملی شکل دینا ہی اصل کامیابی ہو گی۔ کاغذ پر طے پانے والے معاہدے بھی ثمر آور ہوں گے جب انہیں عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ افغانستان کو داخلی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک مضبوط اور متحد موقف اپنانا ہوگا تاکہ مشترکہ ترقی کے اس سفر میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔

بیجنگ میں ہونے والی سہ فریقی وزرائے خارجہ کی ملاقات دراصل پاکستان کی ان وسیع تر سفارتی کوششوں کا حصہ ہے جو بھارت کی علاقائی جارحیت کو بے نقاب کرنے کیلئے جاری ہیں۔

ہائبرڈ سسٹم

دو سیاسی نظاموں کے امتزاج سے جنم لینے والا موجودہ سیاسی بندوبست' کیا سیاسی ومعاشی استحکام کا ضامن بن سکتا ہے؟ کیا آئین اسے قبول کرتا ہے؟

پاکستان میں دو طرح کے نظام ہائے حکومت رہے ہیں: جمہوریت اور مارشل لاء۔ جمہوریت میں اقتدار کا سرچشمہ عوام ہوتے ہیں۔ مارشل لاء میں فوج۔ دونوں کے نتائج ہم دیکھ چکے۔ ایک آدھ کے سوا کوئی جمہوری حکومت اپنی آئینی مدت پوری

نہ کر سکی۔ سوالات دونوں نظاموں کے بارے میں موجود رہے۔ سیاستدان کرپٹ قرار پائے اور مارشل لاء کو بھی اگر کسی نے جائز کہا تو ناگزیر برائی کے طور پر۔ گویا اطمینان کی کروٹ نصیب نہیں ہوا۔ اب ہم تیسرے تجربے سے گزر رہے ہیں۔ یہ مارشل لاء ہے نہ عرف عام میں جمہوریت۔ آدھا تیتر آدھا بٹیر۔ کیا اس میں ہمارے لیے خیر ہے؟

یہ 'پوسٹ ماڈرن ازم' کا دور ہے۔ مربوط نظام (Structuralism) کو اب رد کیا جا رہا ہے۔ ان نظام ہائے فکر کو چیلنج کر دیا گیا ہے جو زندگی کو منظم کرتے ہیں۔ اب غلط وصحیح کا فیصلہ نتائج سے ہوتا ہے۔ آپ جسے مفید سمجھتے ہیں' آپ کے لیے وہی درست ہے۔ مذہب سے لے کر جدیدیت تک' کوئی نظام حرف آخر نہیں۔ مذہب یا جدیدیت میں ایسا نہیں ہوتا۔ مذہب کے بارے میں تو سب جانتے ہیں کہ وہ مسلمات پر کھڑا ہے۔ جدیدیت بھی ایک جبر ہے۔ اس نے جو قواعد وضوابط بنا دیے ہیں' ان سے انحراف کرنے والا 'مرتد' سمجھا جاتا ہے۔ سیکولرازم' جمہوریت سب جدیدیت کی عطا ہیں۔ 'بعد از جدیدیت' کسی تصور کو حتمی نہیں سمجھتی۔ اب دیکھا یہ جا رہا ہے کہ کیا وہ نتیجہ خیز اور مفید ہے۔ اس فکر کا اطلاق اب نظام ہائے سیاست پر بھی کیا جا رہا ہے۔

چین کا سیاسی نظام اس کی ایک مثال ہے۔ یہ مغرب کی جمہوریت ہے نہ ماؤ اور مارکس کی اشتراکیت۔ یہ ایک ملغوبہ ہے۔ بنیادی انسانی حقوق کے جس تصور نے مغرب میں جنم لیا اور دنیا بھر میں مقبول ہوا' چین میں اس کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ اسی طرح جس اشتراکیت نے بیسویں صدی میں ایک فکری انقلاب پیدا کیا' چین میں اس کیلئے بھی کوئی گنجائش نہیں۔ جدیدیت کے زیر اثر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ جمہوریت کے بغیر انسانی ترقی کا کوئی امکان نہیں۔ چین میں جمہوریت نہیں ہے مگر ترقی ہے۔ چین نے سیاسی نظام کے باب میں قائم قدیم تصورات کو کامیابی کے ساتھ چیلنج کر دیا ہے۔

اسلام ازم کی تعبیر میں اسلام ایک نظام ہے۔ بیسویں صدی میں یہ مقدمہ پیش کیا گیا مگر اس دوران میں ایران' سوڈان' افغانستان اور پاکستان میں جو تجربات کیے گئے' وہ تمام ناکامی پر منتج ہوئے۔ یہ ممالک کوئی ایسا نظام نہ دے سکے جو 'اسلامی' ہو اور دیگر نظام ہائے سیاست ومعیشت سے مختلف بھی ہو۔ مسلم معاشروں میں بھی پہلے 'اسلامی سوشلزم' کے عنوان سے ایک مقبول نظام کو اسلامائز کرنے کی کوشش ہوئی۔ پھر 'اسلامی بینک کاری' جیسے تجربات سے 'اسلامی سرمایہ داری' کے عنوان سے بغیر' سرمایہ دارانہ نظام کو مذہبی رنگ دینے کی سعی کی گئی۔ کہنا یہ ہے کہ مذہب کے میدان میں بھی جو تجربے ہوئے وہ اپنی حقیقت میں ملغوبہ (Hybrid) تھے اور پیوندکاری۔ جمہوریت کی کوکھ سے پاپولزم جیسے اتھرے بچے کی پیدائش نے خود مادر جمہوریت ہی کی جان کو خطرے میں ڈال دیا۔ پاپولزم نے روایتی سیاستدانوں کو اس کے لیے روکیا کر دیا ہے۔ خود پاپولزم نے جو گل کھلائے' وہ بھی دنیا دیکھ رہی ہے۔ اس لیے اب دنیا بھر میں خود جمہوریت کے بارے میں سنجیدہ سوالات پیدا ہو رہے ہیں۔ اہل مذہب کا ایک طبقہ پہلے ہی جمہوریت کو خلاف اسلام سمجھتا ہے۔ ان میں سے بعض ایک 'السلطان العادل' کے منتظر ہیں اور بعض ایک ایسے خلیفہ کا خواب دیکھتے ہیں جس کو از غیب ایسا اقتدار ملے کہ زمین کو انصاف سے بھر دے۔ اس لیے یہ کہا جا رہا ہے کہ اگر کسی فرد واحد کا اقتدار کسی معاشرے کو انصاف دیتا ہے' اس کے مسائل حل کرتا ہے تو اس کی قبولیت میں کوئی امر مانع نہیں ہے۔ جو سوالات باقی ہیں' وہ اخلاقی ہیں۔ حق اقتدار کس کے لیے ثابت ہے؟ کیا اس باب میں عالم کے پروردگار نے کوئی ہدایت دے رکھی ہے کہ حکمران کا انتخاب کیسے ہوگا؟ کیا اقتدار کا قیام بھی جائز یا ناجائز ہوتا ہے؟ ایک اقتدار جائز کیسے ہوتا ہے؟ اگر کوئی ناجائز طریقے سے برسر اقتدار آ جائے اور وہ عوام کے خیال میں معاشرے کو سیاسی ومعاشی استحکام دے دے تو کیا اس کا اقتدار جائز ہو جائے گا؟ کچھ سوالات آئینی بھی ہیں۔ آئین کی رو سے کس کا حق اقتدار ثابت ہے؟ اگر کوئی اس سے روگردانی کرتا ہے مگر ملک کو مستحکم کر دیتا ہے تو کیا آئین اس کی سند قبولیت دیتا ہے؟

اخلاقی اور آئینی سوالات کی اہمیت بنیادی اور غیر معمولی ہے۔ اگر اعلیٰ ترین سطح پر اخلاق اور آئین کو در خور اعتنا نہ سمجھا جائے تو پھر عام شہری سے بھی اس کی توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ قانون کا احترام کرے گا۔ اس کے نزدیک بھی پھر نتائج اہم ہوں گے

آپریشن سندور کے بعد: پاکستان انڈیا تعلقات کا نیا موڑ

غیر متوقع نتائج کا قانون ایسے حالات کی وضاحت کرتا ہے جہاں کوئی کارروائی یا فیصلہ، جس کا مقصد ایک خاص نتیجہ حاصل کرنا ہوتا ہے، غیر متوقع اور اکثر ناپسندیدہ نتائج کا سبب بنتا ہے۔ انڈیا کا آپریشن سندور پاکستان کے خلاف اس قانون کی بہترین مثال ہے۔ انڈیا پاکستان کو دھمکانے اور اپنی حکمت عملی 'نیو نارمل' نافذ کرنے میں بھی ناکام رہا۔ انڈیا کے لیے میدان جنگ، سیاسی منظر نامے اور میڈیا کے محاذ پر ناپسندیدہ نتائج کی فہرست طویل ہے۔ پاکستان نہ صرف اپنی علاقائی خود مختاری کے دفاع میں کامیاب رہا بلکہ بحران کے دوران پختہ سفارتی حکمت عملی نے اسے معلوماتی جنگ میں بھی برتری دی۔ میدان جنگ میں، پاکستان نے چھ انڈین طیارے مار گرائے، جن میں انڈین فضائیہ کے سر کی کلغی رفال جیٹ طیارے بھی شامل تھے، جب کہ انڈین فضائی اور میزائل حملوں کا دفاع کیا گیا جو پاکستان کے زیر انتظام کشمیر اور پنجاب میں کیے گئے تھے۔

انڈیا نے چھ طیاروں کے نقصان کو تسلیم کرنے سے انکار کیا، مگر ملبے کی تصاویر اور بین الاقوامی ماہرین کی تصدیق نے پاکستانی دعوؤں کی تصدیق کی، جو مختلف عالمی اخباروں اور نیوز چینلز نے نشر کیں۔ اس بین الاقوامی تصدیق نے مغربی حکمت عملی کی دنیا میں زلزلہ پیدا کر دیا۔ فرانسیسی رفال طیاروں کا چینی جیٹ طیاروں کے ہاتھوں مارا جانا ایک کھیل بدل دینے والا واقعہ تھا۔ اس نے مغرب کی اجارہ داری کو نقصان پہنچایا اور چین کو عالمی ہتھیاروں کی مارکیٹ میں ایک اہم کھلاڑی کے طور پر متعارف کروایا۔

امریکہ اور چین کے درمیان تائیوان، مشرقی اور جنوبی چین کے سمندروں پر مقابلے کے تناظر میں، چینی فوجی ہارڈ ویئر اور ٹیکنالوجی کی واضح کامیابی نے امریکہ کو چین کی فوجی صلاحیتوں پر نظر ثانی کرنے پر مجبور کیا ہے۔ ماضی میں مغرب میں یہ دلیل دی جاتی تھی کہ چین نے پچھلی چار دہائیوں میں کوئی بڑا جنگی تجربہ نہیں کیا اور اس کی فوجی

ٹیکنالوجی تجربہ کار اور قابل نہیں ہے، مگر رافال طیاروں کا گرنا اس بحث کو ختم کر گیا۔ اسی دوران، امریکہ کو بھی چین کے مقابلے میں انڈیا پر انحصار کو دوبارہ جانچنا پڑ رہا ہے۔ واشنگٹن دہلی کو ہتھیار فراہم کرتا رہا ہے تاکہ وہ بحر ہند کے خطے میں ایک محفوظ طاقت بن کر ابھرے اور چین کی عالمی ترقی کو چیلنج کرے۔ تاہم، انڈیا کی پاکستان کو دھمکانے میں ناکامی اور اپنی 'نئی معمول کی صورت حال' نافذ نہ کر پانے نے ان سٹریٹجک منصوبوں پر پانی پھیر دیا ہے۔

اسلام آباد نے دہلی کی بلا جواز جارحیت کو برداشت نہیں کیا اور دفاع کے دوران اور بعد میں انڈیا کو مناسب جواب نے انڈیا کو مجبور کیا کہ وہ امریکہ سے رابطہ کرے تاکہ دونوں ایٹمی حریفوں کے درمیان جنگ بندی کروائی جا سکے۔ کئی سالوں سے امریکی حکومتیں دہلی کو سمجھاتی رہی ہیں کہ وہ پاکستان پر اپنی جنونیت چھوڑ کر وسیع تر تصویر پر توجہ دے، مگر انڈین حکومت نے انتخابی سیاست کے لیے پاکستان کے خلاف سخت رویہ اختیار کر رکھا ہے۔ حیرت کی بات نہیں کہ وزیراعظم نریندر مودی آپریشن سندور کو بہار کے ریاستی انتخابات میں ووٹ مانگنے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ اطلاعاتی محاذ پر، انڈیا کے مرکزی نیوز چینلز کی جارحیت، جنگی ہسٹیریا، سنسر شپ اور غلط معلومات کی مہم نے اس کی ساکھ کو مزید نقصان پہنچایا۔ معتبر انگریزی اخبار 'دی ہندو' کو بھی رفال طیارے گرنے کی رپورٹ کو حکومت کے دباؤ میں ہٹانی پڑی۔

اسی طرح، آزاد آن لائن نیوز چینل 'دی وائر' کو بھی کچھ وقت کے لیے بند کیا گیا کیونکہ وہ حکومت کی لائن پر نہیں چل رہا تھا۔ متعدد سوشل میڈیا اکاؤنٹس، بشمول بی بی سی اردو کے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) اکاؤنٹ اور کچھ پاکستانی یوٹیوب چینلز بھی انڈیا میں بند کیے گئے۔ اس کے برعکس، پاکستان نے مئی 7-10 کے بحران کے دوران ایکس پر پابندی اٹھا لی اور پاکستانی میڈیا نے زیادہ تر قوم پرستی اور جنگی جوش سے خود کو دور رکھا۔ سفارتی محاذ پر، گذشتہ دو دہائیوں میں انڈیا نے خود کو پاکستان سے علیحدہ کرنے کی بڑی کوششیں کیں۔ انڈین معیشت کی ترقی کے ساتھ، انڈیا نے اس رائے کو فروغ دیا کہ انڈیا - پاکستان کا دوطرفہ تعلق پرانا ہو چکا ہے اور عالمی برادری کو دہلی کو الگ دیکھنا چاہیے۔

2008 میں انڈین سیاست دان جے رام رامیش نے 'چنڈیا' کا لفظ ایجاد کیا تاکہ چین اور انڈیا کی مشترکہ ترقی کو اجاگر کیا جا سکے۔ اوباما انتظامیہ کی افغان-پاکستان (افپاک) پالیسی نے بھی اس دوطرفہ فریم ورک کو ختم کر دیا۔ امریکہ - انڈیا شراکت داری کے بڑھنے کے ساتھ، امریکہ نے جنوبی ایشیا کے دوروں میں پاکستان کو نظر انداز کرنا شروع کر دیا تاکہ انڈیا کے ساتھ تعلقات کو مضبوط کرے اور چین کو روک سکے۔ انڈیا نے مغرب کو یقین دلایا کہ کشمیر اس کا داخلی معاملہ ہے، خاص طور پر اگست 2019 میں کشمیر کی ریاست کی خود مختاری ختم کرنے کے بعد، اور 1972 کے شملہ معاہدے کے مطابق کسی بین الاقوامی ثالثی کی ضرورت نہیں ہے۔ انڈیا کا موقف ہے کہ وہ پاکستان سے اپنے معاملات خود نمٹائے گا۔ تاہم، آپریشن سندور اور پاکستان کے آپریشن بنیان مرصوص کے بعد، صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان - انڈیا جنگ بندی کروائی۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان ایک غیر جانبدار مقام پر جامع مذاکرات شروع کرنے کا اعلان کیا اور دہلی کی ناراضی کے باوجود کشمیری معاملے میں ثالثی کی پیشکش کی۔ جنگ بندی کروانے کے بعد، ٹرمپ نے تقریباً چھ بار اپنے ثالثی کردار کا ذکر کیا ہے۔ اس پیش رفت نے ایک طرف تو انڈیا - پاکستان کے تعلقات کو دوبارہ جوڑ دیا اور دوسری طرف کشمیری مسئلے کو بین الاقوامی سطح پر لے آیا۔ مئی 7-10 کے بحران نے عالمی برادری کو یہ باور کرایا کہ کشمیر جنوبی ایشیا میں ایک اہم تنازع اور ایٹمی کشیدگی کا مرکز ہے، اور خطے میں دیرپا امن تب ہی ممکن ہے جب اس مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔ امریکہ کے لیے پاکستان اور انڈیا کے کشیدگی کو حل کرنا ضروری ہو گیا ہے تاکہ وہ انڈیا کی توجہ مکمل طور پر چین پر مرکوز کر سکے۔ آخر میں، انڈیا کی سفارت کاری کی ناکامی کہ وہ پہلگام حملے کے خلاف دہشت گردی کے الزامات پر غیر مشروط حمایت حاصل کرے، اس بات کی علامت ہے کہ دہلی کی دہشت گردی کے الزام کو سیاسی حربے کے طور پر استعمال کرنے کی پالیسی ناکام ہو چکی ہے۔ پاکستان نے مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس (FATF) کے منصوبے کے تحت کشمیری عسکری گروہوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے ہیں۔ پاکستان کی طرف سے پہلگام حملے کی آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش، انڈیا کی ثبوت فراہم کرنے میں ناکامی اور اس پیشکش کو قبول نہ کرنا پاکستانی موقف کی تصدیق کرتا ہے۔

ہندو قوم پرستی اور مردانگی: 'ہمارے مودی تو تمام ایلفا مردوں کے باپ ہیں'

15 مئی کو بھارتی اداکارہ اور رکن پارلیمان کنگنا رناوت نے ایکس پر ایک اشتعال انگیز پوسٹ کی۔ اس پوسٹ میں انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر طنز کا اظہار کیا کہ وہ پاک-بھارت حالیہ جنگ میں بھارت کی مدد کو نہیں آئے۔ اس پوسٹ کے ساتھ ایک ڈرامائی تصویر بھی تھی جس میں کنگنا جنگی لباس میں ملبوس سفید گھوڑے پر سوار خیالی جنگ پر جا رہی تھیں۔ اپنے ایکس پوسٹ میں انہوں نے ڈونلڈ ٹرمپ کو 'ایلفا مرد' (غالب شخصیت کا مالک مرد جس کی بات سب مانتے ہیں) قرار دیا لیکن پھر انہوں نے سوال کیا کہ کہیں ٹرمپ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی سے 'حسد' تو نہیں کرتے کیونکہ 'ہمارا وزیراعظم تو سب ایلفا مردوں کا باپ ہے'۔ بعدازاں کنگنا رناوت نے با دل ناخواستہ وہ پوسٹ ڈیلیٹ کر دی کیونکہ ان کے مطابق ان کی جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے قومی صدر نے ان سے پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کی درخواست کی تھی۔ کنگنا رناوت کے اس پوسٹ میں کچھ ایسا تھا جو بھارت میں ہندو قوم پرستی کے سیاسی اور ثقافتی زاویوں کو سمجھنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔

کنگنا رناوت کو ایلفا مرد پسند ہیں اور مودی کو اس کی اعلیٰ مثال سمجھتی ہیں۔ لیکن ان کا غم وغصے سے بھرپور پوسٹ ایسا نہیں جسے محض مودی کے ایک احمق مداح کا خیال سمجھ کر نظرانداز کر دیا جائے بلکہ درحقیقت اس کی جڑیں تو اس گہرے تصور سے جڑی ہیں جو 1920ء کی دہائی میں شروع ہوا اور جسے ہندو قوم پرستی یا 'ہندوتوا' کہا جاتا ہے۔ ہندوتوا ایک اعتقادی نظام ہے جو چاہتا ہے کہ بھارت میں ہندومت سب سے اہم اور طاقتور مذہب وثقافت بنے۔

کنگنا رناوت مودی کی بی جے پی کی پُرجوش حامی رہی ہیں جو کہ بھارت کی سب سے بڑی ہندو قوم پرست تنظیم ہے۔ یہ بالخصوص بھارت کے بڑھتے ہوئے متوسط طبقے میں مقبول ہے جس نے 1980ء کی دہائی کے اواخر سے شروع ہونے والی ملک کی اقتصادی ترقی سے بہت کچھ حاصل کیا ہے۔



بی جے پی کا قیام 1980ء میں عمل میں آیا۔ اس کا ایک بڑا حصہ معدوم ہندو قوم پرست جماعت 'اکھل بھارتیہ جن سنگھ' سے شامل ہوا۔ ماضی میں جن سنگھ کی طرح بی جے پی کی جڑیں بھی انتہا پسند قوم پرست تنظیموں جیسے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) سے جڑی ہیں۔ آر ایس ایس بھارت میں 1925ء سے موجود ہے جس کا آغاز ہندو قوم پرستی کے ابتدائی مفکرین میں سے ایک ونائک ڈی ساورکر کے سیاسی اور ثقافتی نظریات کو فروغ دینے کے لیے کیا گیا تھا۔

1980ء کی دہائی کے اواخر سے بی جے پی نے بھارت میں اپنی بڑھتی مقبولیت سے لطف اندوز ہونا شروع کیا۔ پارٹی کو مقبولیت کا ایک بڑا حصہ اسی وجہ سے حاصل ہوا کہ وہ پرانے انداز میں کام کرنے پر رضامند تھی۔ اس نے بھارت کی سیاست اور سماج کی امن پسند یا 'گاندھیائی' اخلاقیات کو کھلے عام چیلنج کیا جسے ملک کی بانی جماعت، انڈین نیشنل کانگریس نے قائم کیا تھا۔ بی جے پی نے بھارتی سیکولرازم کا بھی مقابلہ کیا جس پر الزام ہے کہ یہ نظریہ بھارت کے غیر ہندو گروہوں جیسے کہ مسلمانوں کی جانب جھکاؤ رکھتا ہے۔ بی جے پی نے ہندو افسانوں کے ایک مخصوص ورژن کو زیادہ مقبول اور مرکزی دھارے کی ثقافت کا حصہ بنانے کے لیے کام کیا۔ کانگریس نے ہندو مذہب کے افسانوں کی تشریح ہندومت کی رواداری، تکثیریت اور سیکولرازم کی علامت کے طور پر کی تھی۔ لیکن کانگریس نے ہندومت کے افسانوں کو تاریخی حقائق کے طور پر نہیں لیا۔ مگر بی جے پی نے یہی کیا اور ان افسانوں کو حقیقی تاریخ سمجھ لیا۔ اس سلسلے میں بی جے پی کا جارحانہ دباؤ بھارت کے اعلیٰ اور متوسط طبقے میں اس وقت کشش پیدا کرنے میں کامیاب ہوا جب انہوں نے معاشی لبرلائزیشن اور ڈی ریگولیشن کے ثمرات سے پوری طرح لطف اندوز ہونا شروع کیا۔

1950ء سے 1980ء کی دہائی کے وسط تک کانگریس متعدد بار اقتدار میں آئی اور اس دوران بھارت میں مختلف 'روحانی گرو' تھے جنہوں نے انسان کے اندرونی امن کی تبلیغ کی اور لوگوں کو مادیت پرستی کی وجہ سے پیدا ہونے والی نفسیاتی بیماریوں کے خطرات سے خبردار کیا۔ یہ مغرب میں بھی مقبول ہوئے جہاں 'روحانی اقدار' کی کمی تھی۔ 1970ء کی دہائی کے اوائل میں پاکستان کے دانشور ممتاز مفتی کے صاحبزادے عکسی (Uxi) مفتی نے لکھا کہ بھارت مغرب میں 'بھارتی روحانیت' کی برآمدات کر رہا ہے اور پاکستان کو اس کا مقابلہ کرنے کے لیے تصوف برآمد کرنا چاہیے۔ عکسی مفتی نے اپنے زیادہ عسکریت پسند ہمسایے پاکستان کے مقابلے میں، خود کو روحانیت سے بھرپور اور پُرامن ملک کے طور پر پیش کرنے کے لیے روحانیت کی برآمدات کو بھارتی چال کے طور پر دیکھا۔

لیکن بھارتی متوسط طبقے کی معاشی اور سیاسی ترقی کے ساتھ کانگریس کے بھارت اور ہندومت کے نظریے کو زوال آ گیا۔ بھارتی ماہر سیاسیات سیاساچی چوہدری کے مطابق 1980ء کے بعد کے بھارت کی نئی اقتصادی پالیسیز کو ابھرتے ہوئے متوسط طبقے اور طاقتور اعلیٰ ذاتوں کی حمایت حاصل تھی۔ اس نے ایک 'مضبوط بھارتی قومی ریاست' کے قیام میں اہم فارمولے کے طور پر کام کیا۔ یہی وہ موڑ تھا کہ جب بھارتی جمہوریت غیر لبرل ڈگر پر چلنے لگی۔ وقت کے ساتھ ساتھ ابتدائی قوم پرست نظریات جنہیں پہلے نظرانداز کر دیا گیا تھا، مرکزی دھارے کا حصہ بنتے گئے۔ 2019ء کے مضمون میں ماہر سیاسیات جیوتیرمایا شرما نے لکھا کہ ابتدائی ہندو قوم پرست سوچ میں ایک بڑا موضوع 'مردانہ پن' تھا۔ ان مفکرین کا خیال تھا کہ ہندو کمزور اور غیر فعال ہو چکے ہیں، وہ لڑنے یا اپنی حفاظت کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ ہندوؤں کو بار بار شکست ہوئی اور ان پر پہلے مسلمان دراندازوں اور پھر انگریزوں نے حکمرانی کی۔ لہٰذا ہندو قوم پرست رہنماؤں نے ہندوؤں کو سخت بنانے اور انہیں مضبوط، بہادر انسانوں میں تبدیل کرنا اپنا فرض سمجھا۔ پرانی مساجد کو تباہ کرنا، مہاتما گاندھی کی توہین کرنا (خواجہ سرا کہہ کر)، مسلمانوں اور نچلی ذات کے لوگوں پر حملہ کرنا، تصوراتی قدیم ہندو جنگوں کے بارے میں فلمیں اور ٹی وی شوز بنانا، 'دہشت گرد پاکستان' کو تباہ کرنے کا مطالبہ کرنا، عیسائی مشنریوں پر حملہ کرنا اور گائے کا گوشت کھانے پر لوگوں پر تشدد کرنا، یہ سب چیزیں آج کے بھارت میں ہو رہی ہیں جو کہ ہندو معاشرے کو زیادہ جارحانہ اور مردانہ بنانے کی کوشش ہے جس کی قیادت 'تمام ایلفا مردوں کا باپ' کر رہا ہے۔ لیکن اس سب میں ہندو خواتین کا کیا کردار ہوتا ہے؟ اپنی کتاب 'میک می اے مین' میں مطالعہ صنف کی پروفیسر سکاتا بنرجی لکھتی ہیں، 'خواتین بہادر ماں، پاک دامن بیوی اور جنگجو جیسے کرداروں کے ذریعے اس مردانہ ماحول میں اپنی جگہ بناتی ہیں'۔

عزم وقربانی سے لبریز یوم تکبیر (1)

برصغیر کی تقسیم کے فوراً بعد ہی بھارت نے اپنا ایٹمی پروگرام 1948 میں شروع کیا، بھارت کے پہلے وزیراعظم جواہر لال نہرو نے 1948 میں "Atomic Energy Commission" (AEC) قائم کیا۔ اپنے اس پروگرام میں توسیع کرتے ہوئے 1954ء میں Department of Atomic Energy کا قیام عمل میں لایا۔ اور اپنے اس پروگرام میں کینیڈا اور امریکہ سے دوہرے استعمال کی ٹیکنالوجی حاصل کی (Dual-Use Technology) جو سویلین اور فوجی مقاصد میں استعمال ہو سکتی تھی۔ اس مقصد کے لئے کینیڈا اور امریکہ نے بھارت کو CIRUS ری ایکٹر 1954 میں دیا۔ اور امریکہ نے اس ری ایکٹر کے لیے ہیوی واٹر جس کو کیمسٹری میں DO کہا جاتا ہے فراہم کیا۔ بھارت نے اپنے پروگرام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے فرانس، مغربی جرمنی، سوویت یونین سے بھی مدد حاصل کی اور اس شعبہ میں استعمال ہونے والے آلات حاصل کئے۔ بھارت نے ان ذرائع اور آلات کو استعمال کر کے پلوٹونیم پروسیسنگ، یورینیم افزودگی، اور ڈیوٹیریم ڈیزائن میں مہارت حاصل کی۔ منیر احمد خان، 1958 میں انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی میں بطور سینئر ٹیکنیکل آفیسر P-5 میں تعینات ہوئے اور یہ پہلے پاکستانی اور ایشیائی سائنسدان تھے۔ جو عالمی اٹامک ایجنسی میں سائنسدان تھے۔ منیر خان ایک محب وطن پاکستانی تھے۔ جن کو بھارتی سرگرمیوں کا بخوبی علم تھا۔ اور وہ ذوالفقار علی بھٹو سے اس کا تذکرہ بھی کرتے۔ ذوالفقار علی بھٹو 1963 میں وزیر خارجہ بنے۔ ذوالفقار علی بھٹو دور اندیش صاحب بصیرت شخصیت تھے اور وہ پاکستان کے اردگرد ہونے والے تغیر وتبدلات پہ گہری نظر رکھتے تھے۔ آپ اسی لئے وہ بھارت کے ایٹمی پروگرام کی بابت خبر رکھتے اور جب بھی موقع ملتا ڈاکٹر منیر احمد خان سے ملاقات کرتے اور اس بابت معلومات حاصل کرتے۔ ذوالفقار علی بھٹو نے 1965 کی جنگ کے بعد ڈاکٹر منیر احمد خان اور صدر جنرل ایوب



خان کی اہم ملاقات ستمبر 1965 میں ویانا، آسٹریا کے ایک ہوٹل ڈورچیسٹر میں ملاقات کا بندوبست کروایا۔ صدر ایوب خان اس وقت بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (IAEA) کی سالانہ کانفرنس میں شریک تھے۔ یہ ملاقات 1965 کی پاک-بھارت جنگ کے فوراً بعد ہوئی، جب بھارت نے ایٹمی طاقت بننے کی کوششیں تیز کر دی تھیں۔ ڈاکٹر منیر احمد خان اس وقت IAEA میں کام کر رہے تھے اور ان کے بین الاقوامی ایٹمی ماہرین و سائنسدانوں سے قریبی رابطے میں تھے۔ ڈاکٹر منیر احمد خان نے جنرل ایوب خان سے دو ٹوک ملاقات میں تجویز دی کہ پاکستان کو بھی بھارت کا مقابلہ کرنے کے لیے ایٹمی ٹیکنالوجی پہ کام کرنا چاہیے اور ایٹمی ہتھیار بنانے کی تیاری کرنی چاہیے۔ جنرل ایوب خان نے یہ کہہ کر تجویز مسترد کر دی اور کہا کہ (Pakistan cannot afford the luxury of nuclear weapons.) "پاکستان ایک غریب ملک ہے۔ ہم ایٹم بم بنانے کا خرچ نہیں اٹھا سکتے۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "ہمارا دوست ملک امریکہ ہم سے ناراض ہو جائے گا۔ اگر ضرورت پڑی تو چین سے خرید لیں گے۔"

جنرل ایوب خان نے اس وقت ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری میں دلچسپی نہیں دکھائی۔ منیر احمد خان ملاقات کر کے ہوٹل کی لابی میں تشریف لائے جہاں ذوالفقار علی بھٹو ان کے منتظر تھے۔ منیر خان نے بھٹو صاحب کو سارے گفتگو بتائی تو ذوالفقار علی بھٹو نے منیر احمد خان کو کہا۔ "ہماری باری آئے گی اور ہم کریں گے"

کینیڈا اور پاکستان نے پاکستان کے پہلے ایٹمی بجلی گھر کراچی نیوکلیئر پاور پلانٹ (KANUPP-1)، کی تعمیر کے لئے 1965 میں معاہدہ کیا۔ یہ منصوبہ کینیڈا کی جنرل الیکٹرک کمپنی اور پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن (PAEC) کے درمیان معاہدے کے تحت شروع ہوا۔ یہ پلانٹ CANDU ٹیکنالوجی پر مبنی تھا۔ جو قدرتی یورینیم اور بھاری پانی استعمال کرتا ہے۔ معاہدے میں یہ بھی شامل تھا کہ کینیڈا پاکستان کو مسلسل بھاری پانی (D2)، فاضل پرزہ جات اور تکنیکی مدد دے گا۔ اس پلانٹ کی تنصیب 1971 میں مکمل ہوئی۔ اس پلانٹ پہ کل لاگت تقریباً 63 ملین امریکی ڈالر آئی جس کا بڑا حصہ کینیڈا نے قرض کی صورت میں فراہم کیا۔ یہ پہلا پاکستان اور کینیڈا کے درمیان غیر فوجی ایٹمی معاہدہ تھا۔ دسمبر 1971 میں پاکستان کے مشرقی حصے (موجودہ بنگلہ دیش) کے سقوط کے بعد، ذوالفقار علی بھٹو نے 20 دسمبر 1971 کو پاکستان کی بھاگ ڈور سنبھالی اور کئی انقلابی ترقیاتی تبدیلیاں کیں۔ ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد 20 جنوری 1972 کو رکھی، جب انہوں نے مری، راولپنڈی میں سائنسدانوں اور انجینئرز کا ایک اہم اجلاس بلایا۔ اس اجلاس کو "مری کانفرنس" کہا جاتا ہے، جہاں انہوں نے پاکستان کے لیے ایٹم بم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس پروگرام کا مقصد بھارت کے خفیہ ایٹمی پروگرام کے برابر جواب دینا تھا۔ اس پراجیکٹ کو "Project-706" کا کوڈ نام دیا گیا تھا۔ اور اسی وقت منیر احمد خان کو PAEC کا چیئرمین مقرر کیا۔ پاکستان نے ایٹم بم منصوبہ پر باقاعدہ طور پر کام شروع کیا۔ بھارت نے اپنا پہلا ایٹمی دھماکہ 18 مئی 1974 کو کیا۔ یہ دھماکہ راجستھان کے علاقے پوکھران میں واقع پوکھران ٹیسٹ رینج میں کیا گیا۔ اس دھماکے کو "مسکراتا بدھا" کا کوڈ نام دیا گیا تھا۔ ایٹمی دھماکے کی تخمینی طاقت تقریباً 8 سے 12 کلوٹن TNT کے برابر تھی۔ ہیروشیما پہ 06-اگست 1945 پہ لٹل بوائے نامی بم جس کی طاقت 15 کلوٹن ٹی این ٹی اور ناگاساکی پہ 09-اگست 1945 کو گرائے جانے والے فیٹ مین نامی بم کی طاقت 21 کلوٹن ٹی این ٹی کے برابر تھی۔ جبکہ بھارت کے 1974 کے دھماکے کی طاقت (8-12 کلوٹن) ہیروشیما پہ گرائے گئے بم سے کم تھی۔ بھارت کے 1974 میں جوہری تجربے کے بعد، جس میں کینیڈا کی فراہم کردہ ٹیکنالوجی استعمال ہوئی تھی۔ کینیڈا نے proliferation کے خدشات کا بہانہ بنا کر امریکی دباؤ کے پیش نظر 1976 میں پاکستان کے ساتھ ایٹمی تعاون ختم کر دیا۔ اس تعاون کو جاری رکھنے اور جرمنی اور سویڈن کی اس شعبہ میں تعاون کی درخواست کرنے کے لئے ذوالفقار علی بھٹو نے کینیڈا، سویڈن اور جرمنی کا فروری 1976 میں دورہ کیا جس میں کینیڈا کے وزیراعظم پیئر ٹروڈو سے ملاقات کی۔ لیکن کینیڈا، امریکی دباؤ میں تھا۔ اس کے بعد، پاکستان نے KANUPP-1 کے لیے ضروری ایندھن اور پرزہ جات کی مقامی تیاری شروع کی، اور پلانٹ کو کامیابی سے چلایا۔

دالبندین اور گرد و نواح میں ملیریا کے خدشات بڑھ گئے

دالبندین (نامہ نگار) ضلع چاغی شہر دالبندین اور گرد و نواح میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے ملیریا خدشات بڑھ گئے موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی دالبندین شہر اور گرد و نواح میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے باعث ملیریا اور ڈینگی جیسی خطرناک وباء کے پھیلنے کے خدشات بڑھ گئے ہیں، محکمہ صحت دالبندین نے مچھر مار اسپرے کی مہم میں پوری طرح سے نظر انداز کر گئی ہیں

سرہ غزگئی: صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

کمیونٹی پولیسنگ علاقے میں امن کے فروغ کا مؤثر ذریعہ ہے، عاصم خان

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس نصیر آباد رینج کیپٹن (ر) عاصم خان نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن زرعی لحاظ سے نہایت ہی اہمیت کا حامل ایک بڑا اور وسیع علاقہ ہے، جہاں فصلوں کی کاشت اور تجارت کے باعث نقل و حمل میں غیر معمولی اضافہ ہوتا ہے، انہیں عوامل کی بناء پر چوری اور ڈکیتی جیسے جرائم کا خدشہ بڑھ جاتا ہے

نصیر آباد: ڈی سی منیر احمد کاکڑ پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کیسکو کی نادہندگان کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، عبدالقیوم ہنگلوئی

نوشکی (نامہ نگار) کیسکو کی نادہندگان کے خلاف کارروائی جاری، ایکسین کیسکو نوشکی حاجی عبدالقیوم ہنگلوئی نے کہا ہے کہ صارفین اپنے ذمہ واجبات فوری جمع کریں ریکوری کے سلسلے میں کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا تمام سرکاری غیر سرکاری گھریلو کمرشل صارفین اپنے ذمہ کیسکو کے واجبات ادا کرے اور بجلی چوری کرنے سے گریز کریں

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ بے ہودہ، رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اگر غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے پر دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430326016881 بنام محمد حنظلہ ولد محمد رمضان گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03040666 پر اطلاع دیں۔
وسیم احمد پشین ....

گمشدگی کارڈ

میرا رجسٹریشن کارڈ نمبر BS21/12042 بنام بی بی صدیقہ ولد عصمت اللہ گم ہو گیا ہے ملنے پر ایس بی کے یونیورسٹی پشین پہنچا دیں۔
وسیم احمد پشین ....

ضرورت سٹاف لورالائی

نیم سرکاری ادارے تکافل انشورنس سیکٹر میں لورالائی سیکٹر آفس کے لیے میل فیمیل کی آسامیاں خالی ہیں پارٹ ٹائم، فل ٹائم، ملازم پیشہ، بے روزگار، این جی اوز ورکر، بینکر، پراپرٹی ایجنٹ، پولیو ورکرز، میڈیکل ریپ کا تجربہ رکھنے والے اپلائی کر سکتے ہیں رابطہ قادری کمپلیکس تحصیل روڈ لورالائی رابطہ نمبر 03027894752
چلتن ADVT............

بولان قومی شاہراہ کے حفاظتی پشتے مسلسل لینڈ سلائیڈنگ کا شکار ایک حصہ زمین بوس

شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہو سکتی ہے، مسلسل لینڈ سلائیڈنگ کے باعث حفاظتی پشتے کا شاہراہ سے فاصلہ چند میٹر رہ گیا ہے، این ایچ اے تماشائی کا کردار ادا کر رہا ہے

سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا جا رہا ہے، لینڈ سلائیڈنگ کسی بھی وقت قومی شاہراہ کو نقصان سے دوچار کر سکتی ہے، وزیر اعلیٰ، ایم پی اے بولان میر عاصم کرد گیلو سے نوٹس کا مطالبہ

مچھ (نامہ نگار) میر محمد ہاشم ہوٹل کے مقام پر بولان قومی شاہراہ کی حفاظتی پشتے مسلسل لینڈ سلائیڈنگ کا شکار، این ایچ اے حکام خواب خرگوش، لینڈ سلائیڈنگ کا سلسلہ مسلسل جاری بولان قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی کسی بھی وقت متاثر ہونے کا خدشہ رپورٹ کی مطابق مچھ سٹی سے چھ کلو میٹر مغرب میں واقع میر محمد ہاشم ہوٹل کیساتھ بولان قومی شاہراہ کے حفاظتی پشتے لینڈ سلائیڈنگ سے شدید متاثر شاہراہ کے پشتے کا ایک بڑا حصہ زمین بوس ہو چکا ہے، متاثرہ جگہ پر لینڈ سلائیڈنگ کا سلسلہ مسلسل جاری ہے اور مسلسل لینڈ سلائیڈنگ کے باعث حفاظتی پشتے کا شاہراہ سے فاصلہ چند میٹر باقی رہ گیا ہے این ایچ اے حکام خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں شاہراہ کو بچانے کیلئے کوئی سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا جا رہا ہے لینڈ سلائیڈنگ کسی بھی وقت بولان قومی شاہراہ کو نقصان سے دوچار کر سکتی ہے اور شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہو سکتی ہے ٹرانسپورٹرز اور اہل علاقے نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایم پی اے بولان وزیر ریونیو میر محمد عاصم کرد گیلو سے مطالبہ کیا ہے کہ بولان قومی شاہراہ کے حفاظتی پشتے کیلئے فلفور اقدامات احکامات جاری کریں تاکہ بروقت اقدامات سے کسی بڑے نقصان سے بچا جا سکے۔

ڈی سی عبدالرزاق ننگجی نے بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا

پولیو ایک مہلک مرض ہے جس کے خاتمے میں ہمیں بطور قوم محنت کی ضرورت ہے

استا محمد (خ ن) استا محمد میں قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ننگجی نے بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر افتتاح کیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر استا محمد عبدالرزاق ننگجی نے آج تحصیل ہسپتال استا محمد میں پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ انہوں نے ایک بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی اور ایم ایس تحصیل ہسپتال ڈاکٹر عبدالجبار سومرو نے بھی شرکت کی اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی نے اپنے محکمے کی جانب سے پولیو مہم کی تیاریوں اور کامیابی کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے دوران ہر گھر تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ننگجی نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور مہلک مرض ہے

حب: ڈی سی نثار احمد لانگو بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

جعفر آباد: ڈی سی خالد خان بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

یونین کونسل 29 میر واہ کے بلا مقابلہ چیئرمین نے حلف اٹھالیا

نصیر آباد (نامہ نگار) ضلع نصیر آباد کی یونین کونسل 29 میر واہ سے بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہونے والے نے بطور ممبر ضلع کونسل نصیر آباد حلف اٹھالیا حلف اٹھانے کی تقریب اسسٹنٹ کمشنر چھتر آفس میں منعقد ہوئی

ژوب: ڈی سی محمد نعیم خان بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

خضدار مدرسہ دار العلوم گریرہ وڈھ میں جلسہ دستار فضیلت کانفرنس

40 بچوں نے ختم القرآن کی تکمیل، 20 بچیوں نے ختم القرآن اور ناظرہ مکمل کیا

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جنکی حفاظت ہم سب پر لازم ہے، مفتی مجیب الرحمان

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار مدرسہ دار العلوم گریرہ کلی محمل زئی وڈھ میں جلسہ دستار فضیلت کانفرنس کا انعقاد دار العلوم میں 40 بچوں نے ختم القرآن پاک کی تکمیل کی ہے اور 20 بچیوں نے ختم القرآن اور ناظرہ مکمل کی ہے اس پروگرام کی زیر نگرانی ناظم مدرسہ دار العلوم گریرہ وڈھ زیر صدارت مفتی استاد دار العلوم مفتی مجیب الرحمان نے کی۔ پروگرام کی شروعات تلاوت کلام پاک سے کی گئی اس پروگرام میں ختم قرآن پاک ختم کرنے پر 60 بچوں کی دستار بندی کی گئی۔ اور 20 بچیوں نے ناظرہ مکمل کیا۔ جن کو سند اعزازیہ اور انعامات سے نوازا گیا۔ مدرسہ دار العلوم العلوم گریرہ کے ناظم مفتی مجیب الرحمان نے مزید معلومات دیتے ہوئے بتایا کہ آج الحمدللہ ہمارے مدرسے دار العلوم میں 40 بچوں نے ختم القرآن پاک کی تکمیل کی ہے اور ماشاء اللہ اسی جگہ 20 بچیوں نے ختم القرآن ناظرہ مکمل کی ہے۔ یہ پروگرام دستار فضیلت کا ہوا جن بچوں نے ختم القرآن کیا ہے۔ ان کی حوصلہ افزائی اور لوگوں کے اندر قرآن پاک تلاوت کو لیکر بیدار ہوں لوگ اس کے لیے تیار ہوں کہ ہم اپنے بچوں کو قرآن پاک ختم کرائیں گے اور مکتب لیکے دینی تعلیم حاصل کرائیں گے اس کیلیے ہم نے ایک پروگرام کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ لوگ دیکھیں جہاں دنیا کے بچوں میں جو اصلی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ان کا اعزاز اور اکرام ہوتا ہے

20 جون کے بعد گھر یا دکان پر میٹر نصب نہ ہوا تو جرمانہ عائد ہوگا

خاران (نمائندہ خصوصی) کیسکو خاران کے دفتر سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق کیسکو کے صارفین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 20 جون 2025 کے بعد اگر کسی بھی گھر یا دکان پر بجلی کا میٹر نصب نہیں ہوگا تو اس پر 50,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ ایسے افراد جن کے پاس بجلی کا کسی قسم کا رجسٹرڈ کنکشن موجود نہیں ہے (اور وہ غیر قانونی طریقے سے بجلی استعمال کر رہے ہیں)، ان پر 100,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر جعفر خالد خان نے ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جعفر آباد ڈاکٹر ایاز حسین جمالی بھی موجود تھے جنہوں نے پولیو مہم کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے جعفر آباد ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنائے گی تاکہ پولیو کی وباء کو جڑ سے ہی ختم کیا جا سکے تمام افسران مانیٹرنگ کے عمل کو سخت کر دیں تاکہ اگر کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے رہ جائے تو اس کے متعلق فوری اقدامات کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا

میر یوسف رند کی قیادت میں گرینڈ شمولیتی پروگرام و جلسہ عام

مختلف قبائلی عمائدین کی تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کر دیا

پاکستان کی افواج ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، یوسف رند و دیگر کا خطاب

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما میر یوسف خان رند کی قیادت میں گرینڈ شمولیتی پروگرام و جلسہ عام تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز فیض اباد کے مقام پر پاکستان تحریک انصاف کا گرینڈ شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا پاکستان تحریک انصاف میں کورائی قبائل کے معتبر شخصیت قاضی عبدالصبور کورائی سمیت پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماؤں سمیت مختلف قبائلی عمائدین نے پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کر دیا جلسہ عام سے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما معروف قبائلی شخصیات نوجوان قیادت میر محمد یوسف خان رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوستہ محمد کی غیور عوام سیاسی تبدیلی چاہتے ہیں اور قائد عوام سابق وزیر اعظم پاکستان عمران خان کی قیادت میں لوگ جوق در جوق شمولیت اختیار کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد کی عوام پاکستان تحریک انصاف کو امید کی کرن سمجھتے ہیں میر یوسف خان رند نے کہا کہ پاکستان کی افواج ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جلسہ عام سے لالہ افضل مسعود پٹھان ذوالفقار علی ابڑو حاجی عبدالجبار جتوئی قاضی عبدالصبور کورائی ڈاکٹر غلام حسین بوہڑ و دیگر صوبائی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمران پاکستان تحریک انصاف کو دیوار سے لگانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں لیکن انہیں بتانا چاہتے ہیں کہ تحریک انصاف پاکستان کی غیور عوام کی دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے

خاران میں چوری ڈکیتی دیگر جرائم پیشہ افراد کی سرگرمیاں بڑھ گئی

خاران (نمائندہ خصوصی) ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ خاران محمد قاسم کا عوام کے نام پیغام میں کہا کہ خاران میں حالیہ دنوں میں چوری کیت اور دیگر جرائم پیشہ افراد کی سرگرمیاں بڑھ گئی تھی جس کو پولیس قابو کرنے کے لیے مسلسل کارروائی کر رہی ہے اور گرفتاریاں عمل میں لائی جا رہی ہے امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر خاران پولیس کم وسائل کے باوجود دن رات کوششیں کر رہی ہے اور بڑی تعداد میں گرفتاریاں عمل میں لائی جا رہی ہیں امن و امان کی بحالی کے لیے خاران کے تمام رہائشیوں سے درخواست ہے کہ وہ پولیس کا ساتھ دیں چوری اور ڈکیتی کی روک تھام کے لیے بازار اور شہر کے گلی محلوں میں موٹر سائیکل پارک کرتے وقت اضرلاک ضرور لگائیں

ڈی سی آفس نوشکی میں جاری پولیو مہم کے سلسلے میں ایوننگ اجلاس

ہمیں اپنی نسلوں کو محفوظ رکھنے کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا، امجد حسین سومرو

نوشکی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو کی زیر صدارت ڈی سی آفس نوشکی میں پولیو سے بچاؤ کے لئے جاری مہم کے سلسلے میں پہلے روز ایوننگ میٹنگ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوشکی ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی نے ڈپٹی کمشنر اور شرکاء کو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل ڈبلیو ایچ او اور پی کوارڈینیٹر ڈاکٹر جمیل احمد، قاضی حبیب کیمونٹی کمیونیکیشن افیسر میر اللہ یار ڈپٹی ڈی ایس وی عطاء اللہ مینگل و یوسی ایم اوز اور ضلعی مانیٹرنگ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری مہم کا جائزہ لیا گیا پولیو مہم میں ٹیموں کو مزید بہتر کام کرنے کا ٹاسک دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو نے کہا کہ ہمیں اپنی نسلوں کو محفوظ رکھنے کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا

کیر تھر کینال میں پانی کی فراہمی شروع کی جا چکی ہے، غلام سرور ہنگلوئی

عنقریب تمام ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی شروع ہو جائے گی، انجینئر اریگیشن

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن غلام سرور ہنگلوئی نے کہا ہے کہ سکھر بیراج سے کیر تھر کینال میں پانی کی فراہمی شروع کی جا چکی ہے عنقریب استا محمد اور اس کے تمام ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی شروع ہو جائے گی محکمہ اریگیشن کے انجینئر و دیگر عملہ صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کے وژن پر عملدرآمد کو یقینی بنا رہے ہیں تاکہ لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی میں جو مشکلات درپیش آ رہی ہیں ان کا تدارک کیا جا سکے چیف انجینئر کینالز ناصر مجید بلوچ کی ہدایت پر سب سے پہلے لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اس وقت سخت موسمی حالات اور آبنوشی کی قلت سے جو عوام کو تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہمیں اس کا بخوبی اندازہ ہے اسی لیے محکمہ اریگیشن کے انجینئرز نے دن رات جدوجہد کو جاری رکھتے ہوئے بھل صفائی سمیت دیگر کینالز کے اسٹرکچر کی بحالی کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کروایا تاکہ لوگوں کے لیے جلد از جلد آبنوشی کے لیے پانی کی ترسیل شروع کی جا سکے اس حوالے سے ہم اعلیٰ حکام سے بھی رابطے میں تھے اس ضمن میں کیر تھر کینال میں پانی کی ترسیل شروع کر دی گئی ہے عوام کو آبنوشی کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کرنے والوں پر بھی لازم ہے کہ وہ جلد از جلد پانی کے سٹوریج کو یقینی بنا کر عوام کی خدمت کو جاری رکھیں ہماری بھرپور کوشش ہے کہ جلد از جلد دیگر اسٹرکچر کو بھی مکمل کر کے آبنوشی کی فراہمی کے بعد لوگوں کو کاشتکاری کے حوالے سے بھی پانی فراہم کیا جائے تاکہ بروقت ذریعہ اجناس کی پیداوار شروع کی جا سکے غلام سرور ہنگلوئی نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال کی تمام زیلی شاخوں میں بھی پانی کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے، ہماری بھرپور کوشش ہے کہ دیہی علاقوں کے لوگوں کو بھی آبنوشی کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے اس کے ساتھ ساتھ کچھی کینال میں بھی اپنے تناسب سے پانی کی فراہمی جاری ہے سوئی ڈیرہ بگٹی اور نصیر آباد کے بعض علاقے بھی کینال کے پانی سے مستفید ہو رہے ہیں

کمشنر لورالائی نے بچوں قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

فیلڈ ٹیمیں، متعلقہ ادارے قومی مہم کامیاب بنانے کیلئے محنت کریں، سعادت حسن

لورالائی (خ ن) پولیو مہم NID کی افتتاحی تقریب کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن، اسسٹنٹ کمشنر بوری اجمل خان مندوخیل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نور علی کاکڑ اور دیگر آفیسران نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال لورالائی میں قومی انسداد پولیو مہم (NID) کا باقاعدہ افتتاح کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر عبدالحمید لونی، ڈبلیو ایچ او کے ڈی ایس او ڈاکٹر یاسر کھیتران ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر فہیم اوتمان خیل اور کمیونٹی کے افراد متعلقہ دیگر آفسران کی موجودگی میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا اس موقع پر کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے فیلڈ ٹیموں اور متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ اس قومی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے بھرپور محنت کریں تاکہ لورالائی کو پولیو سے مکمل طور پر پاک کیا جا سکے انسداد پولیو مہم کے دوران سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ بلا خوف خطر اپنی ذمہ داریاں نبھا سکیں انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ ضلعی انتظامیہ اور تمام متعلقہ ادارے مہم کی کامیابی کیلئے مکمل تعاون فراہم کرینگے اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر عبدالحمید لونی نے کہا اس مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین اور وٹامن اے پلائی جائے گی

ڈیرہ مراد جمالی: سردار سید عبداللہ شاہ سابق صوبائی وزیر میر محمد امین عمرانی سے ملاقات کر رہے ہیں

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Winder invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505729201 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee 1500/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 3)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 13,250,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 13,250,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The bidder must have its authorize Dealer Office and Workshop/Spare Parts in the region Balochistan from Manufacturer Signed declaration stating there are no conflicts of interest related to the tender Documents All bids must include **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 17 June, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Municipal Committee Winder Phone no: 0334303656 Email: aamachaamach7@gmail.com

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE WINDER

AB No.1157/26-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **PRQ No.4402/14-05-2025** The Director General Levies invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505704491 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

S.No	Class of Object	T/Fee	Bid Security

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders: Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **02 June, 2025** till **02:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **03:00 PM on EPPS System Address:** Directorate General, Balochistan Levies Force, Chaman Pathak, Joint Road, Quetta. **Phone no:** 0819201783 **Fax no:** 0819201356 **Email:** dglevies@balochistan.gov.pk

PRQ No.4616/26-5-2025

DIRECTOR GENERAL BALOCHISTAN LEVIES FORCE

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Winder invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%, Tender Fee Rs.1000/- for each work.**

S#	NAME OF WORK	E/COST
1.	Laying of Water Supply Pipe line & Construction of 3 No Water Tank at Khair Muhammad Goth Chore. **TSE-242505718643**	21,00,000/-
2.	Repair of Community Hall at Ishaqe Goth Kassi MC Winder **TSE-242505718813**	23,00,000/-
3.	Construction of 2 No Community Hall at Jamali Mohallah Winder & Haji Anwar Goth. **TSE-242505719013**	28,00,000/-
4.	Laying of Tough Tiles Football Ground Street & Baldia Office Street MC Winder **TSE-242505719043**	50,00,000/-
5.	Installation of Solar System for Boring at Wadera Muhammad Ameen angaria and Yaqoob Mohallah Dan **TSE-242505719093**	27,00,000/-
6.	Rehabilitation of Conference Hall & Installation of Solar System for MC Office Winder. **TSE-242505719143**	28,95,000/-

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration i.e. updated to June, 2026 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call of 2%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1500)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Chief Officer Municipal Committee Winder(NBP Winder Branch **(1089-004323525749)** **Submission:** Last date of Submission will be **(16-06-2025), at 11:00am)** **Opening:** The tender document will be opened on **(16-06-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place:** of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Municipal Committee Winder.** Phone No: 0853-361280 E-mail address: municipalcommitteewinder@gmail.com **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

AB No.1158/26-5-2025

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE WINDER

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

sealed gallop tender on form 'B'-I & B-II as per schedule 'B' are invited from the approved Government Contractor/Firm of Public Health Engineering Department Balochistanand registered with **BPPRA** who are enlisted / renewal their name for the current financial year 2024-25 for the following works **E/Money 2% in shape of CDR, Time Limit 15 days**

S.No	Name of Work	Qty	E/Cost
1	**WSS AT AHMEDABAD DISTRICT USTA MUHAMMAD PSDP 2024-25 NO 4351**		
I)	S/I OF SOLAR SYSTEM **TSE-242505727313**	1 Job	3,746,768/-

The office of the Executive Engineer PHE District Usta Muhammad invites technical proposal of Contractors/firms along with sealed financial proposals(**Single Stage-One Envelope**) for above mentioned works .All interested bidders are required to submit documents as per following briefs in support of their technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e 2024-25 with Pakistan Engineering Council in required Category in relevant discipline/specially code and fresh registration with tax authorities i.e (NTN,sales tax Department and BRA) as well as with **BPPRA** where applicable. The bidder must complete similar nature ONE assignment mention in the bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT: (Single Stage –One Envelop)** bidding Procedure will adopted. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan form for an amount of 650/-, (Non-refundable) for each work shown against each deposited in the head of account C-02725-2 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan Usta Muhammad or can be downloaded from the website of BPPRA (www.bppra.gob.pk) ,during working hour, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/Firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to procedure deposited green Challan from of above mentioned Fee. The bids must accompanied bid security "Technical Bid" for each work in the form of call deposit are bank guarantee of amount specified above in the office name of the under signed from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable Deadline of submission:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in one separate envelope clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **11th June 2025. at 11:00 AM Opening:** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **11th June 2025. at 12:00 P.M** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter. **Bids Validity: Ninty (90) days Place:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - The office of the Executive Engineer PHE District Usta Muammad. Email; Contact No.0300-3541990 Email: 114466th@gmail.com **CONDITIONS All the terms and conditions can be seen/obtain in the Office of the undersigned in any office hours**

Executive Engineer, Public Health Engineering, Division Usta Muhammad

PRQ No.4600/26-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

sealed gallop tender on form 'B'-I & B-II as per schedule 'B' are invited from the approved Government Contractor/Firm of Public Health Engineering Department Balochistanand registered with BPPRA who are enlisted / renewal their name for the current financial year 2024-25 for the following works **E/Money 2% in shape of CDR, Time Limit 15 days**

S.No	Name of Work	Qty	E/Cost
1	**CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME AT DIFFERENT VILLAGES OF DISTRICT JAFFARABAD AND NASEERABAD (WSS SUBAH WAH) (RE-TENDER)**		
I)	S/I OF SOLAR SYSTEM **TSE-242505727743**	1 Job	2,049,498/-

یا فریم ورک حاصل نہیں ہے تاہم یہ اقدام اس سمت میں پہلا بڑا اقدام سمجھا جارہا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد سرپلس یا اضافی بجلی کو منافع بخش اثاثے میں تبدیل کرنا، جدید ٹیکنالوجی کی بنیاد پر روزگار کے مواقع پیدا کرنا، اربوں ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو ملک میں لانا اور قومی خزانے کے لیے خطیر زرِ مبادلہ کا حصول ہے۔ بیان کے مطابق پاکستان میں جو بجلی ضائع ہو رہی تھی یا پوری طرح استعمال نہیں ہو رہی تھی

بقیہ 12 عالمی تحفظ

گرین اور پناہ کے متلاشی افراد کو بین الاقوامی تحفظ کی اشد ضرورت ہے، پناہ گزینوں میں کم از کم 8 فیصد پروف آف رجسٹریشن (پی او آر) کارڈ رکھنے والے بھی شامل ہیں جو خطرات سے دو چار اور مخصوص یا مجموعی کمزوریوں کی بنا پر تیسرے ملک میں آبادکاری (ری سیٹلمنٹ) کے اہل ہو سکتے ہیں

بقیہ 13 چیف جسٹس

ٹیکنالوجی کا استعمال، امکانات اور وعدے کے عنوان سے سمپوزیم کا انعقاد ہوا، عدلیہ کے ارکان، بین الاقوامی ماہرین، اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی، جسٹس شاہد وحید نے پاکستان کے عدالتی نظام میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ترقی کا جائزہ پیش کیا، حاصل شدہ سنگ میل اور باقی رہ جانے والے ساختی چیلنجز کو اجاگر کیا گیا، چیف جسٹس نے جسٹس علی مظہر، جسٹس شاہد وحید، جسٹس علی باقر نجفی، سپریم کورٹ کے ججز اور نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کے چیئرمین اور ارکان اور قانون و انصاف کمیشن پاکستان کے اقدام میں قیادت کو سراہا، سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا عدالتی نظام میں ٹیکنالوجی کا انضمام محض جدیدیت نہیں

بقیہ 14 مولانا فضل الرحمٰن

کے عوام کی ہر ممکن خدمت کریں گے اور بلوچستان کے مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی جی پولیس گلگت بلتستان و سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس بلوچستان ڈاکٹر حبیب الرحمان کی جمعیت علماء اسلام میں شامل ہونے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان و سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی جنرل سیکرٹری سابق رکن قومی اسمبلی آغا سید محمود شاہ، مرکزی سیکرٹری مالیات سینیٹر مولانا صلاح الدین ایوبی، رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین، حاجی نعمت اوزئی سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔

بقیہ 15 (عمران خان)

خان نے کہا کتابیں پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن جیل انتظامیہ روک لیتی ہے، بانی پی ٹی آئی کا ذاتی ڈاکٹرز سے چیک اپ نہیں کرایا جارہا، بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ وقت کے دونوں جانب کھیلنے والوں کی پارٹی میں جگہ نہیں، وقت بدل چکا، پارٹی بڑی تحریک کی تیاری کرے لوگوں کو اسلام آباد نہیں بلاؤں گا، پورے پاکستان میں تحریک چلائیں گے ساری زندگی جیل میں رکھ لیں نہیں جھکوں گا جو بھی نظریے کے ساتھ نہیں اس کی پارٹی میں کوئی جگہ نہیں۔

بقیہ 16 بلوچستان اسمبلی

وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر کی یقین دہانی پر نمٹا دیئے گئے۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کرواتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بجٹ سال 25-2024 میں ضلع واشک میں کالجوں کے قیام سے متعلق بسیمہ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے لیے مختص شدہ بجٹ جاری کرنے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ اگر بجٹ جاری نہیں کیا گیا ہے تو ضلع واشک کے کالجوں کے قیام کے لئے بجٹ جاری نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔ جس پر صوبائی وزیر تعلیم نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے بہت سے کالجز اور اسکولز کو فنڈز کی وجہ نامکمل ہیں اگر وزیر اعلیٰ ان عمارتوں کے فنڈز جاری کر دیں

بقیہ 17 خالق اچکزئی

واستحکام کے ذریعے متوازن تعمیر و ترقی کی نئی راہیں متعین کر سکتے ہیں اور سب کو ساتھ لے جانے کے جذبہ اپنا کر ہم مساوی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس وقت ہم من حیث القوم کئی چیلنجوں سے نبرد آزما ہیں لیکن اسکے باوجود اجتماعی دانش اور مشترکہ کوششیں ہمیں روشن اور محفوظ مستقبل کی جانب رہنمائی کر سکتی۔ یہ بات انہوں نے خیبرپختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چنگیز جمالی اور ولی خان مندوخیل بھی موجود تھے۔

بقیہ 18 آئی ایم ایف

کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی اکثریت مہنگے انفراسٹرکچر منصوبے ہیں، حکومت کو ترقیاتی بجٹ کی منظوری میں مشکلات کا سامنا ہے۔ وزارت خزانہ و منصوبہ بندی میں اختلاف بھی سامنے آ گئے۔ ذرائع نے دعویٰ کیا کہ بجٹ اہداف پر اتفاق نہ ہونے سے آئندہ مالی سال کی منصوبہ بندی تاخیر کا شکار ہے۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس ملتوی کر دیا گیا، نئی تاریخ بعد میں دی جائے گی۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے ترقیاتی بجٹ اور معاشی پلان پر سفارشات تیار ہونا تھیں، اجلاس میں رواں مالی سال کی معاشی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا جانا تھا۔ ذرائع نے کہا کہ اجلاس میں تاخیر سے بجٹ سازی کے عمل پر منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ اگلی آئی ایم ایف نے بجٹ مشاورت کے لیے ورچوئل مذاکرات سے قبل پاکستان سے ٹیکس کمپنیوں کا ڈیٹا طلب کر لیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان بجٹ مشاورت کے لیے ورچوئل مذاکرات آج ہوں گے

بقیہ 19 ہاشم کاکڑ

عوض منظور کر لی، جسٹس ہاشم کاکڑ نے پراسیکیوٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا زیادہ تنگ نہ کیا کریں، ساس بھی کبھی بہو تھی، جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بنچ نے جناح ہاؤس حملہ کیس کے ملزم رضا علی کی ضمانت درخواست پر سماعت کی، جسٹس ہاشم کاکڑ نے استفسار کیا ملزم پر کیا الزام ہے؟ وکیل سمیر کھوسہ نے بتایا ملزم پر سب انسپکٹر کو پتھر مار کر زخمی کرنے کا الزام ہے، 2 افراد پر ایک ہی پولیس والے کو زخمی کرنے کا الزام ہے، شریک ملزم زین العابدین کی ضمانت منظور ہو چکی جسٹس ہاشم کاکڑ نے سوال اٹھایا 2 لوگ ایک ہی پولیس والے کو زخمی کیسے کر سکتے ہیں؟ پراسیکیوٹر صاحب پولیس والے کو ایک ہی الزام میں 2 لوگوں پر کیسے لگا دیا؟ زخمی افراد کی فہرست میں تو پولیس اہلکار کا نام بھی شامل نہیں، پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے موقف اپنایا ملزم پر اور بھی کافی الزامات ہیں۔

بقیہ 20 بل مسترد

میں ہوا سی ڈی اے کی جانب سے سڑکوں کی عدم تعمیر و درخت اکھاڑنے پر تنقید کی گئی، چیئرمین کمیٹی نے کہا سی ڈی اے سڑکیں اکھاڑ رہے اور بنا نہیں رہا، چیئرمین سی ڈی اے نے جواب دیا کام شروع ہو گیا اور جلد مکمل بھی کر لیا جائے گا، زرتاج گل وزیر نے کہا اسلام آباد میں بیوٹیفکیشن کے نام پر سرنگیاں بنائی جا رہی ہیں، 5،5 ہزار درختوں کو کاٹ کر بوڑھے درخت لگائے جو سوکھ گئے، کیا اسلام آباد میں چلنے والے پراجیکٹس پی سی ون منظور شدہ ہیں؟ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا اسلام آباد میں جو منصوبے کرتے ہیں وہ سی ڈی اے کا اپنا بجٹ ہوتا ہے، جمشید دستی نے کہا میں نہیں دیکھا ادارے کے کوئی سیکرٹری پاور گوفیلڈ میں نہیں دیکھا ادارے کے تو ایس ڈی او بھی فیلڈ میں جانا پسند نہیں کرتے، جون میں اپنی کرسی بچانے کیلئے اندھا دھند پرچے کراتے ہیں، جنوبی پنجاب میں کمزور افراد پر روزانہ جعلی مقدمات کا اندراج ہوتا ہے۔

بقیہ 21 تقرری کا حکم

کو 6 ہفتے میں لاپتہ افراد کمیشن کے چیئرمین کا تقرر کرنے کا حکم دے دیا، جسٹس محسن اختر کیانی نے تحریری حکم نامہ جاری کر دیا، عدالت نے کہا مسنگ پرسن پر عدالت کو ان کیمرہ بریفنگ دینے کیلئے متعلقہ حکام سے مشاورت کی جائے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل، وزارت دفاع و داخلہ کے نمائندے متعلقہ حکام سے مشاورت کے بعد مشترکہ رپورٹ پیش کریں، عدالت نے حکم دیا وفاقی حکومت 6 ہفتے میں لاپتہ افراد کمیشن کے چیئرمین کا تقرر کرے۔

بقیہ 22 سماعتیں ملتوی

و دیگر رہنماؤں کے خلاف مختلف مقدمات میں اہم عدالتی پیشرفت ہوئی، اکثر کیسز کی سماعتیں ملتوی کر دی گئیں، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی کے خلاف تھانہ کوہسار میں درج آزادی مارچ کے 2 مقدمات کی سماعت جوڈیشل مجسٹریٹ عباس شاہ کی عدم دستیابی کے باعث بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی، عدالت نے مقدمات کی سماعت 19 جون تک ملتوی کرتے ہوئے بریت درخواستوں پر دلائل طلب کرنے کی ہدایت کر دی

بقیہ 23 سپریم کورٹ

تبادلوں سے متعلق اہم آئینی مقدمے کی سماعت کے دوران سپریم کورٹ میں عدلیہ کی خودمختاری، سنیارٹی اور آئینی آرٹیکلز کو گہرے سوالات اٹھائے گئے۔ سپریم کورٹ میں ججز ٹرانسفر کیس کی سماعت جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں 5 رکنی آئینی بینچ نے کی، جس میں وکیل فیصل صدیقی نے دلائل دیے جب کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان کل اپنے دلائل جاری رکھیں گے۔

بقیہ 24 بیرسٹر گوہر

پر اعتماد کریں، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں، کوششوں سے بانی پی ٹی آئی خود بھی واقف ہیں جو کچھ کر رہے ہیں ان کے مشورے سے ہی کر رہے ہیں، کارکن قیادت پر اعتماد رکھیں، امید ہے عید سے پہلے بانی پی ٹی آئی کا کیس لگ جائے گا، بیرسٹر گوہر نے کہا مقصد کیلئے دھرنے، احتجاج کے، اسمبلی میں بھی بات کر رہے ہیں

بقیہ 25 ضمانتیں منظور

کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو سماعت ہوئی، کارکن ڈسٹرکٹ اٹک کے 3 کیسوں میں گرفتار تھے۔

بقیہ 26 تھپڑ مار دیا

کی لیکن پھر مذاق میں ان کی حرکت قرار دے دیا۔

بقیہ 27 فتنہ الہندوستان

کی معاونت سے دہشتگرد کارروائیاں ایک بار پھر بے نقاب ہو گئیں، بھارتی سپانسرڈ پراکسیز نہ صرف حملوں کی منصوبہ بندی کرتی ہیں بلکہ کالعدم تنظیموں کو تربیت، اسلحہ بھی فراہم کرتی ہیں، بھارتی سپانسرڈ پراکسیز کالعدم تنظیموں کے ساتھ نہ صرف علاج معالجے بلکہ سرکاری سطح پر بھی روابط قائم ہیں، حکومت کے ساتھ بھارتی میڈیا بھی دہشتگردوں کی پشت پناہی میں پیش پیش ہے، پاکستان میں حملوں کی خبر سب سے پہلے بھارتی میڈیا کے پلیٹ فارمز پر آتی ہے، خبریں بھارتی ذرائع ابلاغ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے جاری کی جاتی ہیں جنہیں بعد ازاں بھارتی میڈیا پاکستان مخالف پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کرتا ہے، بھارتی ٹی وی شوز پر اینکرز مشورہ دے رہے ہیں کالعدم تنظیموں کا دفتر دہلی میں ہونا چاہیے۔

بقیہ 28 وینا

کہ گھر بھی خرید لیا تھا مگر قسمت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ اپنے انٹرویو میں بہرک شاہ نے بتایا، ”ہماری شادی اس لیے نہ ہو سکی کہ وینا کسی اور کو پسند کرنے لگی تھیں، اور سچ کہوں تو مجھے بھی کسی اور کا ساتھ مل گیا تھا۔“

بقیہ 29 فرانزک لیب

بس میں آگ لگ گئی، مبینہ حملہ آور کے جسمانی اعضاء فرانزک سائنس لیبارٹری بھجوا دیئے، واقعہ میں استعمال ہونے والے بارودی مواد کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ 30 محکمہ موسمیات

محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ کل سے ملک میں داخل ہونے کا امکان ہے، 27 سے 31 مئی تک ملک کے بالائی علاقوں میں بارش اور ژالہ باری کا امکان ہے، 27 سے 31 مئی تک کشمیر، گلگت، اسلام آباد، مری اور راولپنڈی میں بارش جبکہ پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان میں کوئٹہ، ژوب، کوہلو، بارکھان سمیت کئی اضلاع میں بارش، گرج چمک اور ژالہ باری متوقع ہے۔

بقیہ 31 مس انگلینڈ

”پرفارمنگ منکی“ کی طرح پیش کیا اور تقریب کے دوران انہیں ایسا محسوس کروایا گیا جیسے وہ ”جسم فروش“ ہوں۔ خیال رہے کہ یہ مس ورلڈ مقابلے کی 74 سالہ تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ جب کسی مس انگلینڈ نے مقابلے کے دوران اس سے علیحدگی اختیار کی ہو۔ ملا میگی نے بتایا کہ 7 مئی کو بھارتی شہر حیدرآباد میں ایک تشہیری تقریب کے دوران ان سے کہا گیا کہ وہ شو کی مالی معاونت کرنے والے کاروباری افراد کا شکریہ ادا کریں اور ان کے ساتھ بیٹھیں اور انہیں خوش رکھیں۔

بقیہ 32 کے پی احتجاج

کے احتجاجی کیمپ کو آگ لگا دی، پیپلز پارٹی کے احتجاجی مظاہرے پر پولیس کی جانب سے آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی مظاہرین مشتعل ہو گئے اور پی ٹی آئی کے احتجاجی کیمپ کو آگ لگادی، پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل ہمایوں خان کی تقریر کے دوران پولیس کی جانب سے آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی، پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر علی شاہ باچا نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا صوبے میں کرپشن کا بازار گرم ہے، نوکریاں فروخت ہو رہی ہیں

بقیہ 33 مالٹا اعلان

مالٹا فرانسیسی، سعودی کانفرنس میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرے گا، انسانیت سوز المیے پر آنکھیں بند نہیں کر سکتے، فلسطین کو ریاست تسلیم کرنا اخلاقی ذمہ داری ہے، اسرائیل فلسطین تنازع پر 20 جون کو ہونے والی اقوام متحدہ کانفرنس کے بعد فلسطینی ریاست کو تسلیم کریں گے۔

بقیہ 34 ٹیسٹ اجازت

استدعا کی گئی، ساعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے کی، پراسیکیوشن کی جانب سے بانی پی ٹی آئی کا جواب عدالت جمع کرایا گیا، ڈی ایس پی لیگل نے بتایا جب تک ٹیسٹ نہیں ہوں گے تفتیش مکمل نہیں ہوگی، بانی پی ٹی آئی تعاون کریں ہم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ تعاون کریں گے، انصاف ہوتا نظر آئے گا

بقیہ 35 عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ کی مختلف سڑکوں کو نو پارکنگ کرنے کے خلاف اور اپنے مطالبات کے حق میں منان چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی اور شہر میں ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو گیا انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے مطالبے پر عملدرآمد نہ ہوا تو ہم 2 روز میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے شدید احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی یہ لوکن احتجاج تھا مظاہرین میں حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، صدر اللہ اچکزئی، راز محمد یار زین دین کاکڑ، اکبر شاہ، نصیب اللہ احسن آغا، شاہ رضا، قاری عبید اللہ درانی، حاجی فضل کاکڑ، صالح نورزئی، ملک سجاد سمیت دیگر بھی موجود تھے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے عبدالرحیم کاکڑ سمیت دیگر تاجر رہنماؤں نے کہا کہ حکومت عوام سمیت تاجروں کے مسائل حل کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، جس کی وجہ سے معاشرے کا ہر طبقہ مشکل صورتحال سے دو چار ہے ہم نے ہمیشہ مسائل کے حل کیلئے بات چیت کو ترجیح دی اور حکومت نے عید الفطر سے قبل جناح روڈ کو نو پارکنگ قرار دے کر تاجروں اور دکانداروں کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا اس کے بعد پے در پے شہر کی دیگر سڑکوں قندھاری بازار، لیاقت بازار، پرنس روڈ، منان چوک سے جناح روڈ تک نو پارکنگ قرار دے کر تاجروں کا معاشی قتل کیا جارہا ہے عید کی آمد ہے

بقیہ 36 بلال ثاقب

کر دیا، بلال بن ثاقب کو وزیر مملکت کا درجہ دے دیا گیا، وزارت خزانہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، اعلامیہ کے مطابق پاکستان کرپٹو پالیسی میں رہنمائی کے لیے نوجوان قیادت کو آگے لایا، پاکستان کا کرپٹو اور بلاک چین میں عالمی قیادت کا عزم ہے، بلال بن ثاقب پاکستان کرپٹو کونسل کے چیف ایگزیکٹو بھی ہیں

بقیہ 37 شعیب نوشیروانی

و دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری، محاصل و وسائل کے موثر استعمال اور مالی نظم و ضبط سے متعلق مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ حالیہ اجلاس میں صوبے کی مالی صورتحال پر غور کرتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ مستقبل میں قرضوں کے حصول کی پالیسی کو مزید موثر اور شفاف بنایا جائے گا، تاکہ مالی خود کفالت اور کفایت شعاری کی جانب رجحانات عوام میں مختص فنڈز کو ختم کرنے اور بجٹ کو ترجیحی بنیاد پر ازسرِنو تعین کرنے کے فیصلہ بھی کیا گیا، اس کے ساتھ ساتھ، صوبے پر موجود قرضوں کو بھی مرحلہ وار کم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 38 فیصل کریم کنڈی

دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند اور محب وطن ہیں، اور وہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے معصوم شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ان کی عظیم قربانیوں پر ہمیں فخر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مٹھی بھر دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، اور شہید بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا دوسری جانب، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ملک اس وقت اندرونی اور بیرونی دہشت گردی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے ہمیشہ بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور ابھی بھی جرأت ہماری بہادر فورسز اندرونی تخریب کاروں کے خلاف بھی دکھائیں گی۔

بقیہ 39 ہمارے مسائل

و ایجوکیشن کے مسائل حل کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وڈیرہ کریم بخش شاہوک کی جانب سے دیے استقبالیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وڈیرہ کریم بخش شاہوک نے کہا کہ ہم نواب جام کمال خان عالیانی کی شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمیں ایک نوجوان قیادت دی جو دور دراز پہاڑی علاقوں میں آکر ہمارے مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے استقبالیہ میں شریک دیگر معززین سابق ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین لسبیلہ قادر بخش جاموٹ، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سمار شاہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ سید شاہجہان شاہ، سردارزادہ اخلاق حسن شاہوک، عبداللہ شاہوانی، وائس چیئرمین اوتھل وسیم احمد خان کھٹی و دیگر موجود تھے۔

بقیہ 40 گرفتار کرلیا

کرتے ہوئے یک جیپ سے 20 کلو افیون برآمد کر کے دو افراد شیخ اللہ ولد عبداللہ ناصر عزت اللہ ولد فتح خان دوتانی کو گرفتار کرلیا ملزمان کیخلاف مقدمہ فرد نمبر 025/21 جرم کنٹرول آف نارکوٹکس کا مقدمہ درج مزید تفتیش پولیس تھانہ صادق علی شہید لورالائی کر رہی ہے۔

بقیہ 41 وزیر مواصلات

مواصلات و تعمیرات علی جان جعفر، پی ڈی کسٹم گاہی خان فلائی اوور پروجیکٹ کے علاوہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو دونوں فلائی اوورز کی موجودہ صورتحال پروجیکٹ مکمل ہونے کی رفتار اور پروجیکٹ کے حوالے سے تکنیکی مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے جاری منصوبوں کی رفتار کو تیز کرنے کی سختی سے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کسٹم اور گاہی خان فلائی اوورز منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کریں انہوں نے کہا کہ مذکورہ منصوبوں کو فیلڈ آفیسران ریگولر بنیادوں پر مانیٹرنگ کریں تاکہ کام کی رفتار اور معیار میں کوئی کمی بیشی نہ رہے انہوں نے کہا کہ ترقی و خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات و تعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے اور یہ بہترین کارکردگی اس وقت ہوگی جب ان منصوبوں کو اپنے وقت مقررہ سے پہلے مکمل کیا جائے

بقیہ 42 جس کا فائدہ

اقدامات اٹھا رہی ہے اب صوبے میں تعلیمی تنزلی کیلئے کارروائی شروع کی ہے صوبائی حکومت کا اقدام جس میں جامعات کو از خود اپنے ذرائع آمدنی پیدا کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے انتہائی شرمناک اور افسوسناک تجویز ہے صوبے کی جامعات کے پاس ایسے وسائل ہی نہیں جس کا فائدہ اٹھا کر وہ اپنے ذرائع آمدنی بنا سکیں نہ ہی صوبائی حکومت نے گزشتہ ادوار میں جامعات کی خودمختاری کیلئے کوئی خیر اقدام کیا ہے اب اس مشورے کا براہ راست

[illegible]

چینی منصوبوں کی تکمیل سے بلوچستان میں روزگار میسر آئیگا، جعفر مندوخیل

ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ہمیں اپنا معاشی نظام بہتر بنانا ہوگا، گورنر بلوچستان

سی پیک مغربی روٹ اقتصادی خوشحالی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور صنعت کاری کے نئے مواقع کھولے گا، گفتگو

بیجنگ (بیورو رپورٹ، خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے چائنا کے دارالحکومت بیجنگ میں اپنے سرکاری دورے کے موقع پر کہا کہ خطے میں تیزی سے رونما ہونے والی معاشی اور سیاسی تبدیلیوں کے پیش نظر ہمیں اپنی ترجیحات کا تعین کرنے اور ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ہمیں اپنے معاشی نظام بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں چائنا پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) جیسے شاندار عظیم منصوبہ کا ایک اہم لنک بلوچستان ہی ہے مذکورہ میگا پراجیکٹ کی تکمیل سے پاکستان میں بالعموم اور .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفرخان مندوخیل کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی وائس منسٹر کو شیلڈ دے رہے ہیں

وکیل کے "مسز ہلالی" کہنے پر جسٹس مسرت ہلالی کا شدید ردعمل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں کے کیس کی سماعت کے دوران وکیل مخدوم علی خان نے جسٹس مسرت ہلالی کو "مسز ہلالی" کہہ دیا جسٹس مسرت ہلالی نے مخدوم علی خان سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا مخدوم صاحب میں مسز نہیں ہوں، میرے نام کے ساتھ میرے والد کا نام ہے لہٰذا مجھے آپ کی بات بہت بری لگی، وکیل مخدوم علی خان نے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے کہا آپ درست فرما رہی ہیں

ایرانی سرحدی علاقے سے دو افراد کی نعشیں برآمد

چاغی (آن لائن) ڈاک ایریا سے دو دن پرانی دو افراد کی نعشیں برآمد تفصیلات کے مطابق ضلع نوشکی اور ضلع چاغی کے بارڈر ایریا میں دو افراد راستہ بھٹکنے پر گرمی اور پیاس کے باعث جاں بحق ہو گئے۔ چاغی انتظامیہ اور نوشکی انتظامیہ کو اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پر پہنچ کر دونوں نعشیں نوشکی انتظامیہ کے حوالے کر دی گئیں کیونکہ دونوں افراد کی نعشیں نوشکی ایریا کے ڈاک سے برآمد ہوئی تھیں۔ چاغی آر ایچ سی اسپتال کے انچارج ڈاکٹر عبدالباسط زہری اور ڈاکٹر نجم الدین سنجرانی نے دونوں نعشوں کا معائنہ کیا۔ دونوں افراد راستہ بھٹکنے

بلوچستان اسمبلی میں خضدار کے شہداء کے لئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں خضدار میں اسکول بس پر حملے سمیت دیگر واقعات کے شہداء کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے آغاز پر خضدار میں اے پی ایس اسکول کے بچوں کی بس پر خودکش حملے سمیت دہشتگردی کے دیگر واقعات میں شہید ہونے والے افراد کی روح کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔

بلوچستان کو گیس کی عدم فراہمی پر جمال شاہ کاکڑ کا توجہ دلاؤ نوٹس

مسئلہ انتہائی سنگین بلوچستان کے لوگ شدید سردی میں بھی گیس کی سہولت سے محروم ہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں گیس کا معاملہ، وزارت توانائی نے رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کے توجہ دلاؤ نوٹس پر عدالتی فیصلے کے بعد معاملے کے حل کی یقین دہانی کرادی ہے گزشتہ روز قائمہ کمیٹی برائے سرکاری یقین دہانیوں کا اجلاس ہوا اجلاس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی جانب سے بلوچستان .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، مولانا ہدایت الرحمان

گوادر سی پیک کا جھومر لیکن یہاں عوام قلت آب سے دوچار ہیں، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر حق دو تحریک کے قائد مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو پینے کا صاف پانی بجلی وبنیادی ضروریات کی فراہمی، مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کرتے رہیں گے گوادر سی پیک کا جھومر ہے یہاں عوام قلت آب سے دوچار شہری امن ترقی وخوشحالی کیلئے پریشان ہیں الطاف ایم پی اے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

افسران اپنے شعبے میں ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں، کمشنر کوئٹہ

افسران اپنی محنت وکارکردگی سے عوام کے مسائل حل کر سکتے ہیں، حمزہ شفقات

نومنتخب کامیاب سی ایس ایس افسران مثبت سوچ سے تبدیلی رونما کر سکتے ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ عوامی فلاحی پالیسیوں کی نگرانی اور نفاذ، عوامی خدمات کی فراہمی، اور قانون کے مطابق کام کرنا سول سرونٹ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے افسران اپنے شعبے میں پیشہ ورانہ معیارات کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور طریقے سے انجام دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے کے اسپیشل سی........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی جانب سے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کے اعزاز میں عشائیہ میں وزراء و اراکین اسمبلی شریک ہیں

کویت نے 19 سال بعد پاکستانی شہریوں کیلئے ویزوں کا اجراء شروع کر دیا

پاکستانیوں کو ورک، فیملی، وزٹ، سیاحتی، کمرشل ویزے جاری کیے جا رہے ہیں، طویل مرحلے کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں

اقدام سے ہزاروں افراد کو کویت میں روزگار، تجارت، سیاحت کے مواقع ملیں گے، فوکل پرسن وزارت اوورسیز پاکستانیز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کویت نے 19 سال بعد پاکستانی شہریوں کیلئے ویزوں پر عائد پابندی ختم کردی، اہم خلیجی ملک کویت نے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے پاکستانی شہریوں کیلئے ویزوں کے اجرا کی پابندی کا خاتمہ کرتے ہوئے ویزوں کا اجرا شروع کردیا، پاکستانیوں کو ورک، فیملی، وزٹ، سیاحتی، کمرشل ویزے جاری کیے جا رہے ہیں، وزارت اوورسیز پاکستانیز کے فوکل پرسن نے کہا اقدام سے ہزاروں افراد کو کویت میں روزگار، تجارت، سیاحت کے مواقع ملیں گے، کویت کے تمام ویزے آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے حاصل کیے جاسکتے ہیں، کویت......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر خالد حفیظ، حاجی لشکری رئیسانی، ڈاکٹر شکیل روشن بین الاقوامی سیرۃ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی آبی جارحیت دریائے سندھ کا پانی روکنے کیلئے ماسٹر پلان شروع کر دیا

لداخ میں 10 نئے میگا ہائیڈرو پاور پروجیکٹس کے منصوبے کا اعلان، اچھتنگ، ساتجک، پارفیلا، سونٹ (باتالک) اور خلستی شامل

انسانی بحران بن رہا ہے، معروف ماہر پانی ارشاد ایچ عباسی نے معاملے پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو خط بھیج دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارت نے اقوام متحدہ کی قرارداد کے تحت متنازع علاقے لداخ میں عظیم دریائے سندھ کے بہاؤ کو روکنے کے اپنے ماسٹر پلان کے تحت لداخ میں 10 نئے میگا ہائیڈرو پاور پروجیکٹس کے منصوبے کا اعلان کر دیا، اچھتنگ، ساتجک، پارفیلا، سونٹ (باتالک)، اور خلستی شامل ہیں، منصوبے نہ صرف معاہدے کے تحت اجازت دی گئی ذخیرہ کرنے کی گنجائش کی خلاف ورزی کرتے ہیں بلکہ پاکستان میں پانی کے بہاؤ کو روکنے اور کم کرنے کے حوالے سے سنگین خدشات بھی پیدا کرتے ہیں، لگتا ہے منصوبوں کا......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی تیل کی بندش، لاکھوں گھرانوں کی معاشی تباہی ہے، حسین احمد شرودی

جے یو آئی ضلع کوئٹہ ایرانی تیل کی ترسیل پر پابندیوں کی شدید مذمت کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ محب الرحمن .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف اور وفد کی میزبانی کر کے خوشی ہوئی، ترک صدر

وزیراعظم کے ذریعے پاکستانی بھائیوں کو محبت کا پیغام دیتا ہوں، طیب اردوان

انقرہ (بیورو رپورٹ) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے وزیراعظم شہباز شریف اور وفد کی میزبانی کر کے خوشی ہوئی، شہباز شریف کیساتھ کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا، معیشت، تجارت اور سلامتی پر بات ہوئی، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات کو ہر شعبے میں مزید مضبوط بنانے پر زور دیا، رجب طیب اردوان نے کہا وزیراعظم پاکستان کے ذریعے .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی سی ایل اربوں کی پراپرٹیز کیسے فروخت کر رہی ہے؟ قائمہ کمیٹی

چیئرمین کمیٹی نے سی ای او پی ٹی سی ایل کی عدم حاضری کو پارلیمنٹ کی توہین قرار دیدیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین کمیٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کام نے سی ای او پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کی عدم حاضری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا سی ای او پی ٹی سی ایل کدھر ہیں؟ پی ٹی سی ایل اربوں روپے کی پراپرٹیز .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور میں سیکورٹی کلیئرنس تک انٹرنیٹ بند رہے گا، وزارت داخلہ

بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال ڈھکی چھپی نہیں، سسٹم ٹھیک کرنا پڑے گا، کمیٹی رکن عمیر نیازی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت داخلہ کے حکام نے ضلع پنجگور میں انٹرنیٹ کی بندش کے معاملے پر کہا سیکورٹی ایجنسیوں نے اگلے 6 ماہ تک کلیئرنس نہیں دی، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن امین الحق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کا آئندہ 2 ماہ میں غزہ کے 75 فیصد علاقے پر قبضے کا گھناؤنا منصوبہ

ملٹری آپریشن اور 75 فیصد علاقے پر قبضے کے منصوبے کا مقصد حماس کا عسکری ڈھانچہ، حکمرانی کو خاتمہ کرنا ہے

حماس کی 25 فیصد سرنگوں کو تباہ کر دیا، غزہ کی پٹی سے فلسطینیوں کو 3 مختلف علاقوں تک محدود کر دیا جائیگا، اسرائیلی فوج

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے خاص منصوبے پر عمل کرتے ہوئے آئندہ 2 ماہ میں مرحلہ وار غزہ کی پٹی کے 75 فیصد علاقے پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان نے کہا ملٹری آپریشن اور 75 فیصد علاقے پر قبضے کے منصوبے کا مقصد حماس کا عسکری ڈھانچہ، حکمرانی کو خاتمہ کرنا ہے، فوجی منصوبے کے تحت غزہ سے فلسطینی آبادی کو 3 چھوٹے علاقوں جنوبی ساحل پر واقع مواسی کا نیا محفوظ علاقہ، وسطی غزہ میں دیر البلح اور نصیرات کا علاقہ اور غزہ شی کے مرکزی علاقے تک ...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر لوگ ملاقات کر رہے ہیں

قائمقام گورنر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی ملاقات کر رہے ہیں

جام کمال عالیانی کی قیادت میں عوام کی خدمت کر رہے ہیں، نوابزادہ زرین مگسی

پانی، بجلی، ہوم سولر، صحت و ایجوکیشن کے مسائل حل کئے جائیں گے، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت

اوتھل (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں ضلع لسبیلہ کے عوام کی خدمت کر رہے ہیں اور ان کے جائز وبنیادی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جا رہے ہیں اور انشاء اللہ لسبیلہ کی عوام کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے پانی، بجلی، ہوم سولر، صحت .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، پولیس کی کارروائی 20 کلو افیون برآمد، 2 افراد گرفتار

فیض اللہ، عزت اللہ پر مقدمہ درج، مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

لورالائی (خ ن) پولیس کی کارروائی 20 کلو افیون برآمد، 2 افراد گرفتار ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج ملک محمد سلیم لہڑی کی ہدایات پر ایس ایس پی لورالائی احمد سلطان کے احکامات پر زیر نگرانی ایس ڈی پی او لورالائی کلیم اللہ کاکڑ ایس ایچ او پولیس تھانہ صادق علی شہید (صدر) لورالائی انسپکٹر فرمان علی کھوسہ کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کارروائی .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کسٹم وگاہی خان فلائی اوورز منصوبے جلد مکمل کئے جائیں، سلیم کھوسہ

مذکورہ منصوبوں کے فیلڈ افسران ریگولر بنیادوں پر مانیٹرنگ کریں، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات

کوئٹہ شہر میں روڈ انفراسٹرکچر کی بہتری ہماری اولین ترجیحات کا حصہ ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں روڈ انفراسٹرکچر کی بہتری اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کوئٹہ شہر میں مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں جن میں کسٹم فلائی اوور، گاہی خان فلائی اوور کے جاری منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں دہشتگرد رابطوں کیلئے جدید وائرلیس استعمال کر رہے ہیں، سیکرٹری آئی ٹی

بھارت سے جنگ کے دوران پاکستان پر سائبر حملے کیے گئے تاہم سکیورٹی ٹیم نے تمام حملوں کو ناکام بنایا، قائمہ کمیٹی میں انکشاف

قومی سلامتی وسکیورٹی سب سے اہم ہے، ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے گا تاکہ تمام پہلوؤں پر تفصیلی بحث کی جاسکے، چیئرمین کمیٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کے اجلاس میں انکشاف کیا گیا بھارت سے جنگ کے دوران پاکستان پر سائبر حملے کیے گئے تاہم پاکستان کی سائبر سکیورٹی ٹیم نے تمام حملوں کو ناکام بنایا، کمیٹی کا اجلاس چیئرمین امین الحق کی زیر صدارت ہوا، سائبر سکیورٹی ٹیم کی کارکردگی پر ارکان نے خراج تحسین پیش کیا، چیئرمین امین الحق نے کمیٹی کو بتایا 5 سے 10 مئی کے دوران پاکستان پر سائبر حملے کیے گئے جنہیں کامیابی سے روکا گیا، سائبر سکیورٹی ٹیم اور عملہ خراج تحسین کی مستحق ہیں، پاکستان نے اپنے سائبر اثاثے محفوظ رکھے اور دشمن پر بھی سائبر حملے کیے، سیکرٹری آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے اجلاس میں بتایا دہشتگرد کمیونی کیشن کیلئے جدید وائرلیس .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

نیب کی کھلی کچہری 29 مئی کو دفتر شاہراہ گلستان روڈ کینٹ میں ہوگی

ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنیں گے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد بمقام نیب دفتر شکایات واقع نیب (بلوچستان) کے دفتر شاہراہ گلستان روڈ، کوئٹہ کینٹ صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر میں نو پارکنگ کا حکومتی فیصلہ خوش آئند ہے، جے یو آئی پی

گاڑیوں کی غلط پارکنگ کی وجہ سے شہر میں پیدل چلنا دشوار ہو گیا تھا، مولانا عبدالمالک

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان مولانا عبدالغنی ساسولی ڈاکٹر اسماعیل بلیدی حاجی سید قاسم شاہ اور مولانا امان اللہ گرگناڑی نے کوئٹہ شہر میں نو پارکنگ کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے مستحسن اقدام قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ گاڑیوں کی تعداد میں اضافے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ کو مفلوج کیا گیا، عبدالرحیم زیارتوال

فارم 47 کی کھوکھلی حکومت کے ذریعے آئین کی بالادستی ختم کر کے، فیڈریشن کو کھوکھلا کیا جا رہا ہے

پارلیمنٹ کی خودمختاری اور جمہوری حکمرانی ختم کر کے صوبائی خودمختاری کو ملیامیٹ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم میں عدلیہ کو مفلوج بناتے ہوئے ججز کو نام نہاد فارم 47 کی حکومت کی جی حضوری پر مجبور کر کے عدلیہ کی آزادی پامال کی گئی ہے۔ فارم 47 کے بھونڈے طریقے سے قائم نام نہاد حکومت کے ذریعے آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہوری حکمرانی ختم کرنے، فیڈریشن کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے، صوبائی خودمختاری........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت پرانی سبزی منڈی میں دکانوں و پلازہ تعمیر کی منظوری دے، قاری مہر اللہ

ایرانی تیل سپلائی کی بندش سے ہزاروں خاندان نان شبینہ کے محتاج بن کر رہ گئے، رہنما جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، حاجی عبیداللہ حقانی آغا ابراہیم شاہ مولانا محمد ابراہیم، نادر خان اچکزئی حاجی محمد نور اخوندزادہ مولوی صالح محمد مولانا محمد صادق نے کہا کہ حکومت عوام کو روزگار کیلئے پرانی سبزی منڈی میں تجارتی بنیادوں پر دکانوں اور پلازے کی تعمیر منصوبے .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

شہید عثمان خان کاکڑ کی چوتھی برسی 21 جون کو منائی جائیگی، پشتونخوا نیپ

مرکزی جلسہ عام کوئٹہ میں منعقد ہوگا، تمام اضلاع و یونٹس تیاریاں مکمل کرلیں، اعلامیہ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ملی شہید علی اسل شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کی چوتھی برسی 21 جون بروز ہفتہ کو پورے پشتونخوا وطن، ملک اور بیرون ملک عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائیگی اس سلسلے میں مرکزی اور عظیم الشان جلسہ عام کوئٹہ میں 21 جون کو منعقد ہوگا جس میں........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کے زیراہتمام احتجاجی جلسہ سے عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، سعداللہ اچکزئی ودیگر خطاب کر رہے ہیں

نادرا اور پاسپورٹ دفاتر میں عوام خوار، کارکردگی مایوس کن ہے، جمعیت نظریاتی

عوام سالہا سال نادرا، آئی بی، آئی ایس آئی سپیشل برانچ جوائنٹ ویری فیکیشن کمیٹی کے چکر لگا کر تھک ہار چکے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

وفاقی وزیر داخلہ بلوچستان میں شناختی کارڈ و پاسپورٹ کے حوالے سے درپیش مشکلات کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں، مولانا عبدالاحد کبدانی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سرپرست مولانا نیاز محمد صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری مالیات مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی ودیگر نے کہا کہ بلوچستان میں شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کا حصول عذاب بن چکا ہے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کے حصول کے قوانین تمام........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 3.6 ریکارڈ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقے خضدار و گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس، زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3.6 ریکارڈ کی گئی مرکز کا مزید کہنا ہے کہ زلزلے کا مرکز خضدار سے 45 کلومیٹر جنوب میں جبکہ اس کی گہرائی 12 کلومیٹر زلزلے سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

جنگ بندی کے باوجود بھارت کی جانب سے کرتارپور راہداری بند

سکھ یاتریوں کی خدمت کیلئے ہمہ وقت حاضر اور آمد کے منتظر ہیں، دربار انتظامیہ

نارووال (بیورو رپورٹ) جنگ بندی کے 17 روز بعد بھی بھارت کی جانب سے کرتارپور راہداری کی بندش کا سلسلہ جاری ہے جبکہ پاکستان کی جانب سے کرتارپور راہداری کو کھلا رکھا گیا اور مقامی سکھ یاتریوں اور سیاحوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے، گوردوارہ دربار صاحب انتظامیہ نے کہا سکھ یاتریوں کی خدمت کیلئے ہمہ وقت حاضر اور آمد کے منتظر ہیں........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سپین نے اسرائیل پر فوری پابندیاں لگانے کا مطالبہ کر دیا

غزہ میں جاری انسانی بحران روکنے کیلئے فیصلہ کن اقدامات کرنا ہوں گے

میڈرڈ (بیورو رپورٹ) سپین نے اسرائیل پر فوری پابندیاں لگانے کا مطالبہ کر دیا، سپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں اعلیٰ سطح کے اجلاس میں یورپی وعرب ممالک و عالمی تنظیموں نے اسرائیل کے غزہ پر حملوں کو روکنے، پابندیاں لگانے، انسانی امداد کی فراہمی یقینی بنانے اور دو ریاستی حل کیلئے عملی اقدامات پر غور کیا، اجلاس میں 20 ممالک، عرب لیگ، او آئی........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

سگریٹ انڈسٹری کو اربوں ٹیکس چوری پر کلین چٹ دینے کی تیاریاں

انڈسٹری میں ٹیکس چوری کی تحقیقات کیلئے قائم کمیٹی میں سگریٹ کمپنی مالکان ہی شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سگریٹ انڈسٹری میں اربوں کی ٹیکس چوری کے معاملے پر سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت نے ذیلی کمیٹی تشکیل دیدی تاہم کمیٹی کی تشکیل پر سنگین اعتراضات سامنے آگئے، ذرائع کے مطابق ذیلی کمیٹی میں ایسے ممبرز کو شامل کیا گیا جن کا براہ راست تعلق سگریٹ انڈسٹری سے ہے، مفادات کے ٹکراؤ اور جانبداری کے خدشا........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ کی یونیورسٹیوں کے فوکل پرسنز کو پی کیو آر کی تربیت دی گئی

ایچ ای سی کی تربیت کا مقصد ڈیٹا کی درستگی اور شفافیت کو بڑھانا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی)، پاکستان نے کراچی میں سندھ کی یونیورسٹیوں کے فوکل پرسنز کے لیے پاکستان کوالیفیکیشن رجسٹر (پی کیو آر) پر تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔ تربیت کا مقصد پاکستان کوالیفیکیشن رجسٹر کے........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کو انجام تک پہنچایا جائیگا، فیصل کریم کنڈی

بلوچستان کے عوام امن پسند اور محب وطن، دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، گورنر کے پی

معصوم شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ان کی عظیم قربانیوں پر ہمیں فخر ہے، وزیراعلیٰ کے ہمراہ زخمیوں کی عیادت کی

وزیراعلیٰ ہاؤس میں علی مدد جتک، میر زابد علی ریکی سینیٹر شاہ زیب درانی اور میر چنگیز خان جمالی کی ملاقات، مختلف امور پر بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ دورے پر پیر کے روز کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر شہداء کے لواحقین کے لیے دس دس لاکھ روپے اور زخمیوں کے لیے پانچ پانچ لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ فتنہ؟ ہندوستان کے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی خضدار میں زخمی ہونے والی طالبہ کی عیادت کے موقع پر اظہار شفقت کر رہے ہیں

نوشکی آئل ٹینکر دھماکے میں جھلسنے والا ایک اور زخمی چل بسا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقے نوشکی کے قریب آئل ٹینکر میں ہونے والے ہولناک دھماکے میں جھلسنے والا ایک اور زخمی کراچی کے نجی ہسپتال میں دم توڑ گیا، جاں بحق ہونے والے کی شناخت ظہیر خان ولد عظیم خان عمر 38 سالہ کے نام سے ہوئی ہے اس افسوسناک واقعہ میں کراچی منتقل کئے گئے 24 زخمیوں میں سے اب تک 15 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں اس سے قبل محمود احمد ولد رستم خان بھی جاں بحق ہوئے ہیں

وڈھ تیز رفتار گاڑی الٹنے کے باعث خواتین سمیت 4 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وڈھ کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں خواتین سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وڈھ کے علاقے کراڑو کے مقام پر تیز رفتار گاڑی حادثے کا شکار جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار خواتین سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

مسلط صوبائی حکومت تعلیم دشمن پالیسیوں پر گامزن ہے، ایچ ڈی پی

جامعات کو از خود ذرائع آمدنی پیدا کرنے کا مشورہ شرمناک تجویز ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں صوبائی حکومت اور محکمہ مالیات کی جانب سے صوبے کی جامعات کے ملازمین کے 6 مختلف الاؤنسز ختم کر کے ایک الاؤنس جاری کرنے کے اقدام کو تعلیم وعلم دشمنی کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ مسلط صوبائی حکومت جس طرح صوبے کی ترقی و خوشحالی کے خلاف........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اے این ایف کی ملک بھر میں کارروائیاں جاری 295.798 کلو منشیات برآمد

10 ملزمان گرفتار انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج، مزید تفتیش جاری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس کے عملے نے کوئٹہ اور بلوچستان سمیت ملک کے مختلف شہروں میں منشیات سمگل کرنے کی کوششوں کو ناکام بناتے ہوئے منشیات کے سمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 9 کارروائیوں کے دوران 10 ملزمان گرفتار کر کے 19 کروڑ 14 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 295.798 کلوگرام منشیات برآمد کر........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے کارکن عوامی خدمت میں مصروف عمل ہیں، علی مدد جتک

کم وقت میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری یا یہ تکمیل کے مراحل میں داخل ہو چکے ہیں

رکن اسمبلی کی کھلی کچہری، عوام کے مسائل سے آگاہی حاصل، لوگوں کی بڑی تعداد موجود

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور زیادہ تر مسائل موقع پر حل کرائے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

یونائیٹڈ بزنس گروپ میں شمولیت کی تقریب سے ایس ایم تنویر، ولی محمد، عاطف اکرام ودیگر خطاب کر رہے ہیں

ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس موجود، والدین تعاون کریں، صوبائی وزیر صحت

جاری 7 روزہ پولیو مہم میں بچوں کو عمر بھر کیلئے معذور ہونے سے بچانا ناگزیر والدین انہیں قطرے ضرور پلوائے، بخت محمد کاکڑ

انکاری والدین کیخلاف کارروائی ہوگی، سرہ غورگئی میں صوبائی وزیر نے بچے کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر صحت پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی 7 روزہ پولیو اور وٹامن اے کے قطرے پلانے کی مہم کا آغاز کر دیا ہے کوئٹہ میں 11 ہزار ٹیمیں مہم میں حصہ لے رہی ہیں جن کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے ہیں ماحولیاتی نمونوں کے مطابق وائرس ابھی بھی ماحول میں موجود ہے والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کیلئے اپاہج ہونے سے بچانے کیلئے انہیں قطرے ضرور پلوائیں انکاری والدین کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں اس سال ہمارے صوبے سے........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد اچکزئی، علاؤالدین، عبدالقہار ودان ودیگر کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پیوٹن سے خوش نہیں، وہ پاگل ہو چکا، روس پر مزید پابندیاں لگائیں گے، ٹرمپ

روسی صدر کو کافی عرصے سے جانتا ہوں ہمیشہ اچھے تعلقات رہے لیکن اب وہ شہروں پر راکٹ برسا کر لوگوں کو مار رہا ہے

پیوٹن صرف یوکرین کا ایک حصہ نہیں بلکہ پورا ملک چاہتا لیکن اگر اس نے ایسا کیا تو روس کے زوال کا باعث بنے گا، امریکی صدر

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ماسکو کے کیف پر سب سے بڑے حملے کے بعد کہا ہے روسی ہم منصب ولادیمیر پیوٹن سے خوش نہیں، پیوٹن پاگل ہو چکا، ٹرمپ نے کہا پیوٹن بہت سے لوگوں کو مار رہا ہے، روسی صدر کو کافی عرصے سے جانتا ہوں، ہمیشہ اچھے تعلقات رہے لیکن اب وہ شہروں پر راکٹ برسا کر لوگوں کو مار رہا ہے اور مجھے یہ بالکل پسند نہیں، روس پر مزید پابندیاں لگائیں گے، ہمیشہ کہتا رہا ہوں پیوٹن صرف یوکرین کا ایک حصہ نہیں بلکہ پورا ملک چاہتا ہے اور شاید بات درست ثابت ہو رہی ہے لیکن اگر اس نے ایسا کیا تو روس........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی، عسکری ٹاور حملہ سمیت 3 مقدمات کے ایک، ایک گواہ کی شہادتیں قلمبند

لاہور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت میں 9 مئی کو عسکری ٹاور حملہ سمیت 3 مقدمات کا جیل ٹرائل ہوا، عدالت نے تینوں مقدمات میں ایک، ایک گواہ کی شہادت قلمبند کر لی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے کوٹ لکھپت جیل میں سماعت کی، زیر حراست ملزموں ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، اعجاز چوہدری سمیت دیگر نے جیل میں پیش ہو کر حاضری مکمل کرائی۔

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے بیرونی دورے اہمیت کے حامل ہیں، سینیٹر عبدالقادر

مناسب وقت پر حکومت نے پاکستان کو کھوئے ہوئے مقام پر واپس لانے کا فیصلہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ پاک بھارت جنگ میں شاندار فتح حاصل کرنے کے فوری بعد وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ترکیہ، ایران، آذربائیجان اور تاجکستان........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ دو گروپوں میں تصادم، 2 جاں بحق، 4 زخمی

لورالائی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہو گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلعہ عبداللہ کے علاقے میں دو گروپوں میں تصادم کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 4 زخمی ہو گئے تصادم کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب پانی کے تالاب میں ڈوب کر دو بچیاں جاں بحق

ژوب (آن لائن) ژوب پانی کے تالاب میں ڈوب کر دو بچیاں جاں بحق، تفصیلات کے مطابق گروہ بابر کے علاقے کلی مندے زئی بابر میں عنایت اللہ بابر کی دو بیٹیاں 9 سالہ ماریہ اور 13 سالہ فاطمہ پانی کے تالاب میں ڈوب کر دونوں جاں بحق ہو گئے۔

50 اضلاع پولیو سے متاثر، بچوں کو ویکسین پلائیں، وزیر صحت

ملک بھر میں قومی پولیو مہم شروع، 4 کروڑ سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کے 50 اضلاع پولیو سے متاثر ہیں، شہریوں سے اپیل ہے خدا کا واسطہ ہے بچوں کو ویکسین پلائیں، ملک بھر میں تیسری قومی پولیو مہم کا آغاز کر کے 4 کروڑ 58 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کر دیا گیا، وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے نیشنل ایمرجنسی آپر........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر جہانزیب شیخ سبی میں پرائز کنٹرول میکنزم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قبائلی اضلاع میں تیار شدہ اشیاء پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ

سیلز ٹیکس چھوٹ واپس لینے سے حکومت کو 2025-26 کے دوران 45 ارب سے زائد کا ریونیو حاصل ہونے کا امکان

ایف بی آر نے عدالتی احکامات، متعلقہ قانونی دفعات کی روشنی میں قانونی ترامیم کا مسودہ تیار کرنا شروع کر دیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے سابقہ قبائلی علاقوں (فاٹا/پاٹا) میں تیار کی جانے والی اشیاء پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا، اقدام آئندہ مالی سال 2025-26 کے وفاقی بجٹ میں شامل کیا جا رہا ہے، ذرائع کے مطابق سیلز ٹیکس چھوٹ واپس لینے سے حکومت کو 2025-26 کے دوران 45 ارب روپے سے زائد کا ریونیو حاصل ہونے کا امکان ہے اگر علاقوں کیلئے دی گئی انکم ٹیکس میں بھی نرمی ختم کر دی گئی تو آمدنی میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے عدالتی احکامات اور متعلقہ قانونی دفعات .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جھالاوان عوامی پینل شال زون کے زیراہتمام تقریب سے شفیق الرحمن مینگل معرکہ حق کی کامیابی پر کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں